www.KitaboSunnat.com

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ○ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ○

زاد الطلباء والواعظین

آیات قرآنیہ و احادیث صحیحہ کی روشنی میں عمدہ موضوعات اور حسن ترتیب کا مجموعہ

جلد دوم

تالیف قاری عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ

نظر ثانی شیخ محمد احمد صدیق حفظہ اللہ
فاضل مدینہ یونیورسٹی

دار الابلاغ
DARULIBLAGH

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے

جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchandising
0301-4864661
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب

زاد الطلباء والواعظین

تالیف: قاری عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ

نظر ثانی: شیخ محمد احمد صدیق حفظہ اللہ (فاضل مدینہ یونیورسٹی)

کمپوزنگ: عبدالمنان عاجز

تزئین و آرائش: ابتسام حمید

تاریخ اشاعت: اپریل ۲۰۱۹ء

مطبوعہ ناشر: کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)

ملنے کا پتہ

دار الابلاغ
ہادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37361428

مکتبہ اسلامیہ
ہادیہ حلیمہ سینٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
042-37244973

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)

Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising

0301- 4894081
0313- 4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

انتساب

میں اپنی کتاب کو اپنے والدین

اور محترم اساتذہ اکرام

کے نام کرتا ہوں

بالخصوص

قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ

(رئیس کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیۃ)

قاری صہیب احمد میر محمدی حفظہ اللہ

(مدیر کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیۃ)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست تقاریر

مختلف شیوخ کی نظر میں 7

تقریظ 25

چند لفظ 27

عرضِ مؤلف 28

تقریر کے سبق کے متعلقہ چند گزارشات 31

(1) ہدایت سے محرومی کے اسباب 34

(2) کامل ایمان سے محرومی کے اسباب 47

(3) قلب سلیم سے محرومی کے اسباب 55

(4) محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (1) 66

(5) محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (2) 78

(6) محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (3) 91

(7) رضائے الٰہی سے محرومی کے اسباب 98

(8) محبت مصطفیٰ سے محرومی کے اسباب (1) 109

(9) محبت مصطفیٰ سے محرومی کے اسباب (2) 124

(10) محبت مصطفیٰ سے محرومی کے اسباب (3) 133

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(11) نظرِ رحمت سے محرومی کے اسباب 141
(12) بخشش سے محرومی کے اسباب 152
(13) خیر کثیر سے محرومی کے اسباب 160
(14) نفع بخش علم سے محرومی کے اسباب 174
(15) برکت سے محرومی کے اسباب 184
(16) نیکی کے اجر سے محرومی کے اسباب 193
(17) نماز کی قبولیت سے محرومی کے اسباب 204
(18) دعا کی قبولیت سے محرومی کے اسباب 216
(19) فرشتوں کی دعا سے محرومی اور ان کی لعنت کے اسباب 225
(20) امن سے محرومی کے اسباب 235
(21) عزت سے محرومی کے اسباب 241
(22) نجات سے محرومی کے اسباب 254
(23) شفاعت سے محرومی کے اسباب 263
(24) جنت کی خوشبو سے محرومی کے اسباب 271
(25) جنت کے داخلے سے محرومی کے اسباب 278
المصادر والمراجع 290
اہم مسائل 298

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مختلف شیوخ کی نظر میں

❶ الشیخ عبداللہ ناصر رحمانی صاحب شیخ الحدیث، امیر جمعیت اہلحدیث سندھ:

یہ ایک انتہائی قابلِ قدر اور لائقِ تحسین کاوش ہے، جس سے عوام الناس خاصے مستفید ہوں گے مگر ابتدائی طلباء کے لیے یہ مجموعہ ایک مفید نصاب ثابت ہوسکتا ہے جس پر اربابِ مدارس و جامعات کی توجہ درکار ہے۔

❷ الشیخ ارشاد الحق اثری صاحب ناظم ادارہ علوم اثریہ فیصل آباد:

خطبہ اور وعظ کی تیاری میں بہت سی کتابوں کو دیکھنے کا اتفاق ہوا، مگر اس مجموعہ میں موضوع سے متعلقہ منقول نصوص کو جس سلیقے سے جمع کیا گیا ہے وہ کسی اور کتاب میں دیکھنے میں نہیں آیا خطباء حضرات اپنے خطبات کو اشعار اور قصص کی بجائے نصوص سے مزین کریں، جس کے لیے یہ مفید ترین کتاب ہے۔

❸ الشیخ ڈاکٹر حافظ محمد اسحٰق صاحب رئیس قسم الدعاۃ لجنۃ القارۃ الھندیہ:

مؤلف کی یہ کاوش انتہائی قابلِ قدر اور لائقِ تحسین ہے، اختصار اور جامعیت اس کتاب کی اہم خصوصیت ہے دلائل سے مزین یہ کتاب خطباء، واعظین اور ائمہ و دعاۃ کے لیے یکساں طور پر مفید ہے۔

❹ الشیخ محمد اکرم مدنی صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، شیخ الحدیث و مدیر مرکز ابو القاسم الٰہ آباد:

یہ کتاب اختصار اور جامعیت کا حسین مرقع ہے، تمام موضوعات و خطبات کتاب و

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سنت سے مستفادہ وماٰخوذ ہیں، اسلوب بیاں انتہائی سہل اور ہر جملہ مؤلف کے اخلاص اور دردِ دل کا مظہر ہے۔

آخر پہ میں اپنے عزیز تلمیذ کے علم وعمل میں برکت کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ ان کے اس عمل کو اخلاص سے بھر دے۔ آمین

❺ الشیخ محمد اجمل بھٹی صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، شیخ الحدیث عزیزیہ اسلامک سنٹر للبنین والبنات لاہور:

دینی جذبے اور تڑپ کو لے کر برادرم قاری عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ نے ایک خوبصورت کتاب مرتب کی ہے۔ کتاب کی افادیت قاری پر مخفی نہیں رہے گی، اللہ کریم سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قارئین کے لیے نفع بخش بنائے، فاضل مؤلف، اس کے والدین اور اساتذہ کے لیے توشہء آخرت بنائے۔ آمین یارب العلمین

❻ الشیخ ڈاکٹر عبید الرحمٰن محسن صاحب مدیر دار الحدیث الجامعہ الکمالیہ راجووال:

فاضل مؤلف نے محنتِ شاقہ سے یہ مجموعہ ترتیب دیا ہے، ہر پوائنٹ کو قرآن و سنت کی نصوص سے مزین کیا ہے، یہ مجموعہ خطبات آیات و أحادیث کا حسین گلدستہ ہے، اگر یہ مجموعہ طلبہ کو ازبر کرا دیا جائے تو ہمیں مستقبل کے ایسے خطیب میسر آ جائیں جن کی تقریر رطب و یابس کی بجائے، قرآن وسنت سے معطر ہوگی۔

❼ الشیخ عبدالخالق صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، داعی اللجنۃ القارۃ الھندیہ، جمعیۃ أحیاء التراث الاسلامی کویت

موضوعات کا بہترین انتخاب' موضوع کے مطابق نصوص کی حسن ترتیب' دلکش اور انتہائی سہل و عام فہم اسلوب گزارش' عناوین میں جاذبیت پیدا کرنے کے لیے بہترین موضوعات کا انتخاب' ناصحانہ اور تاثیر میں ڈوبا ہوا طرز تحریر اس تالیف کی امتیازی خصوصیات ہیں اور سب سے بڑی خوبی صحت منقول کا اہتمام ہے جو کہ ایک مبلغ اور داعی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لئے بیحد ضروری ہے۔

❽ الشیخ ابو محمد عبد الستار الحماد صاحب مرکز الدراسات الاسلامیہ:

ہماری نظر میں یہ مجموعہ انتہائی مفید، کارآمد اور خاصے کی چیز ہے، مؤلف اپنے مقصد میں کس قدر کامیاب ہے اس کا فیصلہ قارئین خود کریں گے اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور مؤلف کے لیے آخرت میں ذریعہ نجات بنائے۔

❾ الشیخ عبد المنان راسخ صاحب مدیر ادارہ کتاب وحکمت فیصل آباد:

اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق سے انتہائی جانفشانی، عرق ریزی، شبانہ روز کی محنت، حسن وخوبی، اعلیٰ مہارت اور لیاقت کے ساتھ ترتیب دیے ہوئے اس مجموعے کو خطیبانہ ذوق رکھنے والے طلباء (أبواب الصرف) کی طرح اسے یاد کریں اور پھر میدانِ دعوت وتبلیغ میں اتریں۔

❿ الشیخ عبد الرؤف صاحب شیخ الحدیث و مدیر التعلیم کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ پھولنگر قصور:

برادر عزیز قاری عبد الرشید اسلم صاحب کی ایک بہترین کاوش ہے جو ان کی شب و روز کی محنت کا نتیجہ ہے، خطابت کا ذوق رکھنے والے طلباء کے لیے یہ مفید ترین کتاب ہے جس کی جھلک قاری کو کتاب کے ایک ایک جملے میں نظر آئے گی اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس محنت کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔ آمین

⓫ الشیخ ابن بشیر الحسینوی صاحب مدیر ابنِ حنبل اوپن یونیورسٹی قصور:

ہمارے محترم کی یہ کتاب سونا ہے، اپنے باب کی منفرد کتاب ہے بڑی محنتِ شاقہ سے یہ ہمارے نونہالوں کے لیے (شعبہ حفظ، سکول وکالج کے طلباء کے لیے) تیار کی گئی ہے، یہ بہت ہی قیمتی ترین کتاب ہے بلکہ یہ تو سکول، مدارس (شعبہ حفظ، شعبہ کتب)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں بطورِ نصاب شامل ہونی چاہیے۔

⓬ الشیخ شفیق الرحمٰن فرخ صاحب شیخ الحدیث جامعہ شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ، مدیر اعلیٰ سہ ماہی مجلّہ نداء الجامعہ لاہور:

نوخیز طلباء کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے (زاد الطلباء والواعظین) فاضل مؤلف کی تالیف قابلِ تحسین ہے، میدانِ دعوت وتبلیغ میں یقیناً باذوق لوگ اسے بنظرِ تحسین دیکھیں گے اللہ تعالیٰ صاحبِ کتاب کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

⓭ الشیخ اکرام اللہ حنیف صاحب مدرس وداعی الرحمہ انسٹیٹیوٹ وار برٹن دارالسلام:

کتاب کا ہر صفحہ آیات واَحادیث سے مزین ہے، کم وقت میں زیادہ استفادہ جیسے کوزے میں سمندر سمو دیا ہو، خطباء کے لیے بالخصوص یہ انمول تحفہ ہے یہ کتاب ہر خطیب کی لائبریری کا حصہ ہونی چاہیے۔

⓮ الشیخ عبدالرشید تونسوی صاحب، شیخ الحدیث جامعہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ

قاری فاضل عزیزم عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ نے مبلغین ومدرسین کے لیے ایک جامع وجیز اور خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ کی عملی تفسیر پیش کی ہے، حسین پیرائے میں سرخیوں کے ساتھ مرتب اس تقریری مجموعہ کو ادعیہ ماثورہ کی طرح بچوں کو یاد کروانا چاہیے، اللہ تعالیٰ صاحبِ کتاب کو اخلاص اور حسنِ عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(عبدالخالق مدنی)

إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُه، وَنَسْتَعِيْنُه، وَنَسْتَغْفِرُه، وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَسَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا . مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلاَ مُضِلَّ لَه، وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَه، وَاَشْهَدُ اَنْ لاَّ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَه لاَ شَرِيْکَ لَه وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُه وَرَسُوْلُه.

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلاَ تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ﴾

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالاً كَثِيْرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءلُونَ بِهِ وَالأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا﴾

﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلاً سَدِيْداً o يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزاً عَظِيْمًا ﴾

(اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ ، إِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ، اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ ، كَمَا بَارَکْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ ، إِنَّکَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ)

(اَمَّا بَعْدُ! فَإِنَّ خَيْرَالْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مُحَمَّدٍ ﷺ وَشَرَّ الْأُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلَّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ) اَمَّا بَعْدُ .

دعوت وتبلیغ انبیاء علیہم السلام کا مشن اور انسانیت کے ساتھ ہمدردی اور خیر خواہی کا مؤثر ترین ذریعہ اور وسیلہ ہے اور خیر الأمم کا یہ امتیازی وصف اور قابل قدر خوبی ہے۔ مبلغ اور خطیب میراث نبوت کا امین ہوتا ہے۔اللہ رب العزت کی طرف سے اسے یہ اعزاز ملا ہے۔ ﴿وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلاً مِّمَّن دَعَا إِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾ (فصلت :۳۳)

ترجمہ:''اور اس شخص سے بڑھ کر احسن اور بہتر بات کس کی ہے؟ جو دعوت الی اللہ کا کام کرتا اور اعمال صالحہ کو شیوہ بناتا ہے اور کہتا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔''

اور امام الدعاۃ والمبلغین سید الأنبیاء والمرسلین ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: (وَاللّٰهِ لَاَنْ يَّهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً وَاحِدًا خَيْرٌ لَّكَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ) (بخاری کتاب المغازی ح ٤٢١٠) ''اللہ کی قسم! آپ کے ذریعے اگر اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کو بھی ہدایت عطا کر دی تو آپ کیلئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔''

دعوت وتبلیغ کے عظیم مشن کی ادائیگی کے لئے اخلاص نیت کے بعد سب سے پہلے جس چیز کی اشد ضرورت ہے وہ علم دین میں رسوخ اور پختگی اور کتاب وسنت کے صحیح فہم سے واقفیت اور آگاہی ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے: ﴿قُلْ هَـذِهِ سَبِيْلِيْ أَدْعُو إِلَى اللّٰهِ عَلَى بَصِيْرَةٍ أَنَاْ وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَا أَنَاْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ﴾ (یوسف:۱۰۸)

ترجمہ:''اے پیغمبر! فرما دیجئے یہ میرا طریقہ ہے، میں علی وجہ البصیرت اللہ کی طرف

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دعوت دیتا ہوں اور میرے ماننے والے بھی' اور اللہ تعالیٰ پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔'' حضرت مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بصیرت سے مراد علم ہے۔

اور امام بخاری رحمہ اللہ نے قرآن کریم کی آیت مبارکہ ﴿فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾ (سورہ محمد: ۱۹) کے تحت عنوان قائم کیا ہے: (باب العلم قبل القول و العمل)۔ یعنی کسی بھی چیز کی طرف زبانی دعوت اور عملی تطبیق سے قبل اس کے بارے میں جاننا اور علم حاصل کرنا ضروری ہے۔ (بخاری: کتاب العلم باب ۱۱)

عصر حاضر میں ہجوم مشاغل اور کثرت مسائل کی وجہ سے ہر شخص قلت وقت اور عدیم الفرصت ہونے کا شکوہ کرتا اور لمبی اور طویل تحریروں اور ضخیم کتابوں کے مطالعہ سے جی چراتا ہے اور مختصرات وملخصات کا جوینده اور متلاشی رہتا ہے۔

عزیز مکرم قاری عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ نے اختصار وایجاز کو مدنظر رکھتے ہوئے وقت کی اس اہم ضرورت کو بڑی عمدگی اور سلیقہ کے ساتھ پورا کرنے کی بھرپور سعی اور کوشش کی ہے' جس میں اللہ تعالیٰ نے انہیں کامیابی سے نوازا ہے۔ وللہ الحمد و المنة

زیر نظر کتاب مؤلف کا مرتب کردہ دوسرا مجموعہ ہے جو کہ (۲۵) اہم موضوعات پر مشتمل ہے۔ پہلا مجموعہ (زاد الطلباء و الواعظین) بھی (۲۵) موضوعات پر مشتمل ہے۔

عملی کوتاہی، بے رہروی اور اخلاقی انحطاط کے اس پرفتن دور میں اصلاح انسانیت اور مسلمان بہن بھائیوں کے ساتھ ہمدردی اور خیرخواہی کرتے ہوئے ان کے عقائد و اعمال کی اصلاح' ان میں روحانیت کو اجاگر کرنے' انہیں لذت عبادت سے آشنا کرنے اور اخروی سعادتوں سے ہمکنار ہونے کے لئے نفع بخش اعمال سے آگاہ ومتعارف کروانے کی اشد ضرورت ہے۔ اس غرض کو پورا کرنے کے لئے زیر نظر کتاب تیر بہدف ہے۔ کیونکہ یہ ترغیب وترھیب اور فضائل اعمال سے متعلق آیات کریمہ اور احادیث مبارکہ کا حسین مرقع اور خوبصورت گلدستہ ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موضوعات کا بہترین انتخاب' موضوع کے مطابق نصوص کی حسن ترتیب' دلکش اور انتہائی سہل و عام فہم اسلوب گزارش، عناوین میں جاذبیت پیدا کرنے کے لئے استفہامیہ اسلوب، ناصحانہ اور تاثیر میں ڈوبا ہوا طرز تحریر اس تالیف کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ اور سب سے بڑی خوبی صحت منقول کا اہتمام ہے جو کہ ایک مبلغ اور داعی کے لئے بیحد ضروری ہے۔

خطبات اور وعظ پر مشتمل بہت سی کتب حشو و زوائد' بے سند قصے اور داستانوں اور موضوعات اور من گھڑت روایات سے بھری پڑی ہیں

اور قرآن کریم کی صحیح اور باسند تفسیر اور احادیث صحیحہ کو ذکر کرنے کا التزام و اہتمام بہت کم کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں میری نظر سے اب تک دو تالیفات گزری ہیں جن میں صحیح اور مستند معلومات کا التزام کیا گیا ہے۔

ایک مفصل خطبات پر مشتمل (زاد الخطیب) جو کہ برادر مکرم ڈاکٹر حافظ محمد اسحاق زاہد حفظہ اللہ کی تألیف کردہ ہے۔اب تک اس کی (۴) مجلدات شائع ہو چکی ہیں جو (۱۰۰) ایک سو خطبات پر مشتمل ہیں اور دوسری زیر نظر تالیف (**زاد الطلباء و الواعظین**) جس کی دو مجلدات (۵۰) مضامین پر مشتمل ہیں۔

محترم قاری صاحب نے یہ مجموعہ طلباء میں تقریر و خطابت کی استعداد پیدا کرنے اور انہیں ایک کامیاب مبلغ و داعی کے طور پر تیار کرنے کے لئے مرتب کیا ہے، جو کہ ایک قابل قدر کاوش ہے۔کیونکہ علوم دین میں تحمل و اداء لازم وملزوم ہیں (یعنی علم دین کے حصول کے ساتھ ساتھ اس کے مطابق عمل کرنا اور لوگوں کو اس کی تبلیغ کرنا لازمی امر ہے)۔

لیکن اس کے باوجود یہ کتاب اپنی جامعیت اور موضوعات کی اہمیت وضرورت کے پیش نظر یہ کتاب ہر داعی اور مبلغ کے لئے زاد علمی اور بہترین انیس و معاون کی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حیثیت رکھتی ہے اس لئے یہ کتاب ہر خطیب و واعظ کے پاس ہونی چاہئیے ۔ بلکہ میری تو یہ رائے ہے کہ یہ کتاب ہر گھر میں ہونی چاہئیے اور تمام افراد خانہ فرصت کے اوقات میں مل کر بیٹھیں اور گھر کے افراد باری باری یعنی آج ایک شخص اور کل دوسرا یومیہ ترتیب کے ساتھ اس کے کم از دو صفحات پڑھ کر سنائے اور باقی سماعت کریں تا کہ قرآن وسنت کی قرأت کی برکت بھی حاصل ہو اور سننے والوں کے دل میں عمل کرنے کا شوق اور جذبہ بھی پیدا ہو۔

محترم قاری عبد الرشید اسلم حفظہ اللہ شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے طلباء و واعظین کے لئے کتاب وسنت کی نصوص پر مشتمل خوشنما اور عطر بیز گلدستہ بطور تحفہ و ہدیہ پیش کر کے دعوت وتبلیغ کے سلسلے میں ایک قابل قدر خدمت سرانجام دی ہے ۔

میری دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس علمی کاوش کو شرف قبولیت عطا کرے اور تمام مسلمانوں کے لئے نفع مند بنائے اور مؤلف اور ان کے اہل خانہ کے لئے صدقہ ء جاریہ اور ذخیرہ آخرت بنائے ۔آمین !

کتبہ / خادم العلم والعلماء
عبد الخالق بن محمد صادق المدنی
فاضل مدینہ یونیورسٹی، داعی اللجنۃ القارۃ الھندیہ،
جمعیۃ أحیاء التراث الاسلامی کویت
غفر اللہ لہ ولوالدیہ
(کویت) ۲۰۱۹/۲/۱۷م

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(عبدالمنان راسخ)

اَلْحَمْدُ لله رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِہٖ وَأَصْحٰبِہٖ وَأَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَعْدُ:

کسی مسلمان کے لیے سب سے بڑے شرف اور اعزاز کی بات یہ ہے کہ وہ اخلاص کے ساتھ اس دین کو اللہ تعالیٰ کے بندوں تک پہنچانے کی کوشش کرے، اس لحاظ سے خطبائے کرام اور واعظین عظام بڑے ہی خوش نصیب ہیں کہ جو پہلے مدارس میں باضابطہ تعلیم حاصل کرتے ہیں اور پھر اللہ اور اس کے رسول کے ارشادات اور ان کی تعلیمات لوگوں میں عام کرنے کے لیے شب و روز انتھک محنت کرتے رہتے ہیں۔

ہر صاحب علم و عمل خطیب اور واعظ مقام و مرتبے کے لحاظ سے بھی بہت بلندی پر فائز ہے کیونکہ وہ دن رات اپنی زبان سے اللہ اور اس کے رسول کی نمائندگی کرتا ہے اور اس کی وجہ سے کئی لوگ راہِ راست پہ آتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا قرب پانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔

موجودہ حالات میں ایک بہت بڑا المیہ یہ ہے کہ ہمارے اکثر خطباء علمی رسوخ سے عاری ہیں براہِ راست مصادر سے استفادہ کرنا اُن کے بس میں نہیں ہے لیکن وہ اس کے باوجود خطابت میں لیاقت کی وجہ سے ہمیشہ ایسے مواد کی تلاش میں رہتے ہیں، جو عام فہم اور تحریر کے لحاظ سے سادہ اور علمی ہو، جس سے وہ با آسانی مطالعہ کر کے لوگوں تک اللہ اور اس کے رسول کے پیغام کو خوش اسلوبی کے ساتھ پہنچا دیں۔

قاری عبدالرشید اسلم صاحب جو کہ نہایت محترم، باعمل مضبوط عالمِ دین ہیں انہوں

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے اللہ تعالیٰ کی خاص توفیق سے انتہائی جانفشانی اور عرق ریزی کے ساتھ شبانہ روز محنت کر کے بڑی حسن و خوبی اور اعلی مہارت لیاقت کے ساتھ، خطباء کی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے (زاد الطلباء والواعظین) کے نام سے جو کتاب وسنت کی روشنی میں خطبات کا مجموعہ مرتب کیا ہے وہ ہر ابتدائی واعظ اور ماہر ترین خطیب کے لیے کسی قیمتی خزانے اور سرمائے سے کم نہیں کیونکہ خطیب کو بیان کے لیے سب سے پہلے صحت مند مواد کی ضرورت ہوتی ہے اُس کے بعد اس میں رنگ بھرنا اور نصوص کے مفہوم کے مطابق اس میں نکھار لانا اس کا محبوب مشغلہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی توفیق سے میں تمام مدارس کے باذوق واعظانہ مزاج رکھنے والے طلباء کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ قاری عبدالرشید اسلم صاحب کی اس کتاب کو (أبواب الصرف) کی طرح یاد کرنے کی کوشش کریں اور پھر اس کی بنیاد پر میدانِ خطابت میں اتریں اللہ تبارک وتعالیٰ بہت جلد خیر و برکت اور مقبولیت سے ہم کنار فرما دیں گے۔

اور اسی طرح میدانِ خطابت کے عظیم شاہسواروں کی خدمت میں بصد ادب عرض کروں گا کہ وہ قاری صاحب کی اس کتاب کو سفر وحضر میں اپنے ساتھ رکھیں اور اس کتاب سے بھرپور تیاری کریں، یہ کتاب آپ کے لیے جہاں میدانِ خطابت میں زادِراہ کا کام دے گی وہاں یہ آپ کے لیے توشہء آخرت بھی بنے گی۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ وہ نہایت قابلِ قدر ہمارے فاضل بھائی قاری عبدالرشید اسلم صاحب کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے اور اُن کی اس مبارک کاوش کو جملہ معاونین کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین ثم آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ابوالحسن عبدالمنان راسخ

مدیر ادارہ کتاب وحکمت فیصل آباد، (6/3/2019)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(عبداللہ ناصر رحمانی)

اَلْحَمْدُ لله رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِہٖ وَأَصْحٰبِہٖ وَأَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَعْدُ:

عزیز القدر مولانا قاری عبدالرشید اسلم صاحب حفظہ اللہ کا ترتیب دیا ہوا علمی دروس پر مشتمل مجموعہ (زاد الطلباء والواعظین حصہ اول) نظر سے گزرا، چیدہ چیدہ مقامات سے دیکھنے کا موقع بھی ملا، بالخصوص فہرست میں بڑی جامعیت اور جاذبیت ہے، یہ ایک انتہائی قابلِ قدر اور لائقِ تحسین کاوش ہے، جس سے عوام الناس خاصے مستفید ہوں گے مگر ابتدائی طلبہ کے لیے یہ مجموعہ ایک مفید نصاب ثابت ہوسکتا ہے جس پر اربابِ مدارس و جامعات کی توجہ درکار ہے۔

اس مجموعہ کو سامنے رکھتے ہوئے نونہالوں کو القاءِ درس کی تربیت دینا بہت ہی فائدہ منداور نتیجہ خیز ثابت ہوگا، اچھے ثمرات کی توقع ہے، مستقبل میں قوم کو ایسے دعاۃ میسر آ سکتے ہیں جو سلفی خطوط پر اصلاح وارشاد کے تقاضوں کو پورا کرسکیں۔

بچوں کے کردار کو ہرگز معمولی قرار نہ دیا جائے، قرآنِ مجید میں مذکور اُصحاب الأخدود کے قصہ میں اصلاح کا بلکہ پوری قوم کے اسلام قبول کرنے کا اصل کردار ایک نو عمر بچے ہی کا تھا، آغاز امر میں بچوں کے سامنے یہ واقعہ تمام تر بسط وتفصیل کے ساتھ رکھا جائے اور غیر معمولی اعتماد دیا جائے، لیکن اس کا یہ معنی ہرگز نہیں کہ وہ اپنے آپ کو غیر معمولی شخصیت سمجھنے لگیں، کچھ لیڈرانِ قوم بچوں کو مستقبل کا معمار قرار دے کر انہیں ورغلانے اور اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بچوں کی عملی زندگی کا حسن ہی یہ ہے کہ وہ اپنے مشائخ کے ساتھ منسلک و ملتزم رہیں اور تا دمِ حیات ان سے رہنمائی لیتے رہیں، نیز اپنی عملی استقامت اور توجہ مرکوز رکھیں، اس حدیث نبوی کی روشنی میں: (شاب نشأ فی عبادة ربه. وفقهم الله لكل خير) ایک انتہائی توجہ طلب اور بڑی اہمیت کا حامل مسئلہ یہ بھی ہے کہ انداز خطابت میں تقلید کی روش سے بچوں کو دور رکھا جائے، بالخصوص ایسے مبلغین کی تقلید سے جن پر شرک و بدعت کا لیبل چسپاں ہے، یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ ہماری جماعت میں کچھ ایسے دعاۃ گردش کر رہے ہیں جن کے لہجے سے اہل بدعت کی تقلید کا تعفن پھوٹتا ہے، جو ہر قسم کی برکت بلکہ اللہ کی رحمت سے خالی ہے۔

بچوں کے اندر ایسی غیرت جگائی جائے بلکہ راسخ کی جائے کہ بدعت و اہل بدعت سے ایسی لاتعلقی برتی جائے کہ ہر ہر روش ان سے اظہار نفرت کی عکاس ہو، ویسے بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدعتی انسان سے اس طرح اجتناب برتنے کی تلقین فرمائی ہے جیسے بھاولے کتے سے بچنا ضروری سمجھا جاتا ہے، بھاولا کتا اگر کسی کو کاٹ لے تو وہ شخص بھی کتے کی طرح باؤلا ہو جاتا ہے، اسی طرح بدعتی انسان کا قرب اس شخص کے اندر بدعت کے جراثیم سمونے کا سبب بن جائے گا۔ واللہ المستعان

آخر میں عزیزی قاری عبد الرشید اسلم سلمہ اللہ کا شکر گزار ہوں اور دعا گو بھی ہوں کہ انہوں نے نونہالان قوم کے لیے ایک انتہائی مثبت خدمت انجام دی ہے، ہمارا یہ مشورہ ہے کہ تصنیف و تالیف کا یہ سلسلہ جاری رکھیں، رسول اللہ کے فرمان: (أو ترک علما) کے بمصداق یہ بہترین صدقہ جاریہ ہوگا ایک ایسی تاصیل ہوگا جس سے بڑے عظیم نتائج و ثمرات برآمد ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ ولی التوفیق واصلی واسلم علی نبیه وصفیه محمد وعلی آله وصحبه وأهل طاعته أجمعین

الشیخ عبد اللہ ناصر الرحمانی صاحب

شیخ الحدیث، استاذ و محدث، امیر جمعیت اہلحدیث سندھ پاکستان

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(ارشاد الحق اثری)

اَلْحَمْدُ لله رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِه وَأَصْحٰبِه وَأَتْبَاعِه اَجْمَعِیْنَ وَبَعْدُ:

خطبہ اور وعظ کی تیاری میں بہت سی کتابوں کو دیکھنے کا اتفاق ہوا، مگر محترم عزیزم قاری عبد الرشید اسلم صاحب حفظہ اللہ کے تقریری مجموعہ (زاد الطلباء والواعظین) میں موضوع سے متعلقہ منقول نصوص کو جس سلیقے سے جمع کیا گیا ہے وہ کسی اور کتاب میں دیکھنے میں نہیں آیا۔

خطباء حضرات اپنے خطبات کو اشعار اور قصص کی بجائے نصوص سے مزین کریں، جس کے لیے یہ مفید ترین کتاب ہے۔

الشیخ ارشاد الحق اثری صاحب
سابق رکن اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان
نگران مجلس افتاء مرکزی جمعیت اہلحدیث
ناظم ادارہ علوم اثریہ فیصل آباد

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(عبدالستار الحماد)

اَلْحَمْدُلله رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِه وَأَصْحٰبِه وَأَتْبَاعِه اَجْمَعِیْنَ وَبَعْدُ:

رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے۔

ہر بچہ فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی عیسائی یا مجوسی بنا لیتے ہیں۔ (بخاری، الجنائز: 1358)

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ بچے کی اٹھان فطرت اسلام پر ہوتی ہے، والدین اس کی اوائل عمری میں فطرتِ سلیمہ سے چھیڑ چھاڑ کر کے یہودی یا عیسائی بنا لیتے ہیں، دوسرے لفظوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ اوائل عمری ایک ایسی زرخیز زمین ہے جس میں انسان جو چاہے اچھا یا برا بیج کاشت کر سکتا ہے، تعلیم و تربیت کے ماہرین بھی بچوں کی ذہنی تربیت کے لیے بچپن کی عمر کو ہی تجویز کرتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس عمر میں بچوں کا ذہن صاف ہوتا ہے، اس وقت جو چیز ان کے ذہن پر ثبت ہو جائے گی وہ پتھر پر لکیر کی طرح دیرپا اور انمٹ ہوگی۔

برخوردار عزیز القدر مولانا قاری عبدالرشید اسلم سلمہ اللہ نے بچوں کی اس عمر کو غنیمت خیال کرتے ہوئے زیر تعلیم طلباء کے لیے تقاریر کا ایک مجموعہ بنام ( ) تیار کیا ہے جو درج ذیل خوبیوں پر مشتمل ہے:

بچوں کی ذہنی استعداد کے عین مطابق، سامعین کی کے لیے دلچسپی کا باعث خطباء

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لیے افادیت کا حامل، عوام الناس کے لیے ترغیبی پہلو پر مشتمل قرآن وحدیث کے حوالہ جات سے مزین نیز مختصر مگر جامع ہونے کے ساتھ ساتھ مناسب اختتامیہ کا خصوصی اہتمام

اس مجموعہ کے عناوین انتہائی جاذبِ نظر اور دلچسپ ہیں۔

اس مجموعہ کو مرتب کرنے کا مقصد یہ ہے کہ شعبہ حفظ کے طلباء ایک بہترین پختہ حافظ اور اچھے قاری بننے کے ساتھ ساتھ بہترین خطیب کی صورت میں سامنے آئیں۔

مؤلف اپنے مقصد میں کس قدر کامیاب ہیں اس کا فیصلہ قارئین خود کریں گے۔

عطر آں باشد کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید

بہرحال ہماری نظر میں یہ مجموعہ انتہائی مفید، کارآمد اور خاصے کی چیز ہے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنے ہاں شرفِ قبولیت سے نوازے اور اسے مؤلف کے لیے آخرت میں ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

وصلی اللہ وسلم علی النبی الأمین وعلی آلہ وأصحابہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین.

ابو محمد عبدالستار الحماد

مرکز الدراسات الاسلامیہ

سلطان کالونی میاں چنوں

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(محمد اجمل بھٹی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ وَأَصْحٰبِهٖ وَأَتْبَاعِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَبَعْدُ:

دین کی نشر واشاعت امتِ مسلمہ کا عظیم فریضہ اور امت کا اصل مشن ہے، ارشادِ ربانی ہے:

﴿وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

[سورہ آلِ عمران :104]

''تم میں سے کچھ لوگ تو ضرور ہونے چاہییں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے ہیں۔ جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے۔''

لوگوں کو اللہ کی طرف بلانا، سب سے بڑی نیکی اور سب سے بہتر کام ہے، ارشادِ ربانی ہے:

﴿ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَا اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴾ (سورۃ حٰمٓ السجدۃ:33)

ایک شخص کی ہدایت سرخ اونٹ پانے سے بہتر:

فتح خیبر کے موقع پر آپ ﷺ نے آخری دن جھنڈا سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو مرحمت

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرمایا تو ان سے فرمایا:

(ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَّهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً خَيْرٌ لَّكَ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ) صحيح البخاری: 3009

پہلے ان کو اسلام کی دعوت دینا، تمہارے ذریعہ اگر ایک بھی شخص اسلام قبول کر لے تو یہ تمہارے لیے سرخ اونٹوں کے حصول سے بھی بہتر ہے۔

اگر دعوت دینے والے کی دعوت سے لوگ کوئی سنتِ نبوی اپنا لیتے ہیں تو دعوت دینے والے کو کتنا اجر و ثواب مل سکتا ہے۔

ارشادِ نبوی ﷺ ہے:

(مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً ، فَلَهُ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ) صحيح مسلم: 1017

جس شخص نے اسلام میں کسی نیک کام کی بنیاد ڈالی تو اس کے لیے اپنے عمل کا ثواب بھی ہے اور اس کے بعد جو لوگ اس نیک کام پر عمل کریں گے ان کا ثواب بھی ہے، جبکہ بعد میں عمل کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہ کی جائے گی۔

اسی جذبے اور تڑپ کو لے کر برادرم قاری عبد الرشید اسلم حفظہ اللہ نے ایک خوبصورت کتاب مرتب کی ہے۔ کتاب کی افادیت قاری پر مخفی نہیں رہے گی، اللہ کریم سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قارئین کے لیے نفع بخش بنائے، فاضل مؤلف، اس کے والدین اور اساتذہ کے لیے توشہء آخرت بنائے۔ آمین یارب العلمین

الشیخ محمد اجمل بھٹی صاحب

فاضل مدینہ یونیورسٹی، ریسرچ سکالر پیغام ٹی وی

سابق مدرس کلیۃ القرآن الکریم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

(عبیدالرحمٰن محسن)

اَلْحَمْدُلله رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَاٰلِہٖ وَأَصْحٰبِہٖ وَأَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَبَعْدُ:

دعوت الی اللہ ایک ایسا کارِ عظیم ہے جو اس امت کا بنیادی فریضہ ہے، اس کے لیے رجال کی فراہمی اور افراد کی تیاری امت کی ضرورت ہی نہیں فرض بھی ہے۔

اس فرض کی ادائیگی میں ہمارے فاضل بھائی فضیلۃ الشیخ قاری عبدالرشید اسلم صاحب حفظہ اللہ قابلِ قدر حصہ ڈال رہے ہیں۔ نہ صرف میدانِ دعوت میں بلکہ تدریس کے عظیم منصب پہ فائز ہیں۔ اپنے دعوتی و تدریسی تجربات میں (زاد الطلباء والواعظین) تصنیف کر چکے ہیں۔

اب اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس کا دوسرا حصہ منظرِ عام پہ لانے والے ہیں، اس کتاب کو میں نے سرسری دیکھا ہے۔ فاضل مؤلف نے محنتِ شاقہ سے یہ مجموعہ ترتیب دیا ہے، بحکمِ ربانی (بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ) تبلیغ کی حقیقی روح پیغامِ ربانی کا ابلاغ ہے، اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے انہوں نے اس مایہ ناز تصنیف میں ہر پوائنٹ کو قرآن وسنت کی نصوص سے مزین کیا ہے، یہ مجموعہ خطبات آیات واَحادیث کا حسین گلدستہ ہے، اگر یہ مجموعہ طلبہ کو ازبر کرا دیا جائے تو ہمیں مستقبل کے ایسے خطیب میسر آ جائیں جن کی تقریر رطب و یابس کی بجائے، قرآن وسنت سے معطر ہوگی۔

میں اہلِ علم اور اربابِ مدارس سے التماس کرتا ہوں کہ اس طرح کا مجموعہ طلبہ کو

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فراہم کیا جائے تا کہ وہ دروس، تقریر کی تیاری مستند مواد سے کریں، بات بات پر کلامِ الٰہی پڑھیں اور ارشادِ نبوی سنائیں، اپنی ایک ایک تقریر میں بیسیوں آیات و اَحادیث پڑھ کر اپنے سامعین کے ایمان میں اضافہ کریں۔

فاضل مؤلف کو اس بہترین کاوش پہ دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس خدمتِ جلیلہ کو شرفِ قبولیت سے نوازتے ہوئے صدقہ ء جاریہ اور ذخیرہ آخرت بنائے۔ آمین

وصلی اللہ وسلم علی النبی الأمین وعلی آلہ وأصحابہ ومن تبعھم باحسان الی یوم الدین. کتبہ الفقیر الی اللہ

عبید الرحمٰن محسن

دار الحدیث الجامعہ الکمالیہ راجووال

09/03/2019

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چند لفظ

عزیزم قاری عبدالرشید اسلم حفظہ اللہ نے اپنی کتاب ''زادالطلباء والواعظین'' بھیجی اور درخواست کی کہ اسے ایک نظر دیکھوں اور کتاب کے متعلق کچھ تبصرہ کروں، میں نے کتاب ایک نظر دیکھی مختصر اس کے عناوین پڑھے تو ایک بات موصوف کی اچھی نہیں لگی کہ انہوں نے کہا کہ یہ کتاب میں نے مبتدی طلبہ کے لیے تیار کی ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب علمی و تحقیقی مواد، مستند دلائل اور عمدہ اسلوب کے ساتھ اس قدر مزین ہے کہ اس سے ہم جیسے آخری صفوں کے طلبہ بھی خوب مستفید ہونگے۔

کہتے ہیں کتاب سب سے بہتر خزانہ، بہتر ہم نشین، بہترین شغل، تنہائی کی دوست اور سفر کی رفیق ہے، مگر یہ قصہ پارینہ بنتا جا رہا ہے۔ آج ہم ایک کتاب کو ایک بار بھی دیکھتے ہیں تو اکتا جاتے ہیں۔ علمائے سلف ایک ایک کتاب کو سینکڑوں بار دیکھتے تھے اور پیاس نہیں بجتی تھی۔ ابو نصر فارابی نے ارسطو کی کتاب النفس کا سو مرتبہ مطالعہ کیا تھا۔ (ابن خلکان: ۲۵۲/۲)

اللہ تعالی اس کتاب کو مقبولیت دے اور موصوف کے لیے اسے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

محمد عظیم حاصل پوری

مدیر مصدیہ اسلامک ریسرچ سنٹر حاصل پور

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مؤلف

﴿ وَاَنْزَلْنَا اِلَيْکَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴾ (النحل : 44)

صغرِ سنی میں علم کو دل و دماغ میں محفوظ کرنا، پائدار بھی ہوتا ہے اور بہت آسان بھی۔ وقت کی برق رفتاری کے ساتھ ضبط میں کمی اور پھر دعوت و تبلیغ کا منصب اس بات کا متقاضی ہے کہ کلامِ ربانی کے حفظ کے ساتھ ساتھ اوائل عمری میں زیادہ سے زیادہ احادیث کا ذخیرہ بھی یاد کیا جائے جس کی دوہرائی کا التزام کلام اللہ کی دوہرائی کی طرح ہو کہ محنت محفوظ رہے کیونکہ اگر دوہرایا نہ جائے تو وقت کے ساتھ ساتھ انسان بھول جاتا ہے۔ کسی کتاب کی دوہرائی کلام اللہ کی طرح ناممکن ہے الا ما شاء اللہ۔ ہمارے ہاں عموماً دروس، خطبہ جمعہ میں احادیث تو دوہرائی ہی جاتی ہیں اسی بات کے پیشِ نظر بندہء ناچیز کا خیال ہے اگر بچے کو شروع میں تیار شدہ درس کی شکل میں احادیث یاد کروادی جائیں تو قوی امید ہے احادیث کا ذخیرہ جہاں یاد ہوگا، عمل بن کر ظاہر بھی ہوگا۔ بندہ کے ذہن کے مطابق یہ نصاب ذیل میں درج خوبیوں کا حامل ہے۔

1. بچوں کی ذہنی استعداد کا حامل
2. تربیتی پہلوؤں کا حامل
3. سامعین کے لیے دلچسپی کا حامل

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ خطباء کے لیے بھی افادیت کا حامل

❺ ترغیبی پہلوؤں کا حامل

❻ کم وقت میں زیادہ سننے سنانے کا حامل

❼ باحوالہ گفتگو کا حامل

❽ کلامِ ربانی سے مزین

❾ سلیس اردو ترجمہ سے مزین

❿ مختصر مگر جامع تمہید اور مناسب اختتامیہ

الحمد للہ ایسی تقاریر کے مجموعہ زاد الطلباء والواعظین کی پہلی پچیس تقاریر کے بعد اس کا دوسرا حصہ پچیس تقاریر پہ مشتمل پیشِ خدمت ہے اگر اساتذہ اپنی نگرانی میں طلباء کو یہ حفظ کروائیں تو میں اللہ کی رحمت سے قوی امید کرتا ہوں یہ طلباء دعوت وتبلیغ کے میدان میں بہت آسانی محسوس کریں گے اور مستقبل کے بہترین داعی و مدرس ثابت ہونگے۔

میں ان بھائیوں کا تہہِ دل سے مشکور ہوں، کتاب کی تیاری میں کسی بھی طرح جن کا تعاون مجھے حاصل رہا بالخصوص محترم غلام اللہ شارق صاحب، قاری عبد المنان عاجز صاحب (کمپوزر) اور کلیہ کے وہ اساتذہ جن سے وقتاً فوقتاً رہنمائی ملتی رہی بالخصوص۔

❶ الشیخ محمد أحمد صدیق صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی، شیخ الحدیث ومفتی کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ پھولنگر

❷ الشیخ عبد الرؤف صاحب مدیر التعلیم کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ پھولنگر

❸ الشیخ حفیظ الرحمٰن صاحب مدرس کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ پھولنگر

اللہ تعالیٰ کلیہ کے تمام معلمین کو جزائے خیر عطا فرمائے آمین۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس کتابچے میں جو خامیاں ہیں وہ یقیناً میری کم علمی اور کم عملی کی وجہ سے ہیں اور اگر کوئی خیر کا پہلو ہے تو وہ اللہ رب العزت کے فضلِ خاص ، والدین اور اساتذہ کی دعاوں کا نتیجہ ہے۔

اخوکم فی اللہ

قاری عبدالرشید اسلم

ایم اے اسلامیات پنجاب یونیورسٹی ،

ایم ایڈ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

مدرس کلیۃ القرآن الکریم والتربیۃ الاسلامیہ

خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کینال ویو گوجرانوالہ



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تقریر کے سبق کے متعلقہ چند گزارشات

منصب تعلیم وتعلم (اِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا)، جہاں وارثانِ نبوت و رسالت میں شمولیت کا ذریعہ ہے (اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءَ)، وہاں کل مخلوقِ خداوندی کی دعا کا بھی ذریعہ ہے (**ليصلون على معلم الناس الخير**) اس وراثت کی آبیاری اور اس خیر کو آگے پہنچانے کے لیے حکمت و دانائی کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے اور (اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ) کے الفاظ بول کر علاقائی زبان میں دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق پیش کرنے کی ترغیب دلائی گئی ہے اس مختصر کتابچے کا مقصد بھی یہی ہے، طلباء کو پڑھانے کے لیے چند تجاویز ذیل میں درج ہیں۔

کلاس میں سبق:

پہلا مرحلہ: استطاعت کے مطابق سادہ ناظرہ پڑھانا

دوسرا مرحلہ: نصوص کی عربی لہجے میں بار بار مشق کروانا

تیسرا مرحلہ: قابلیت کے مطابق زبانی سبق دینا

چوتھا مرحلہ: سادہ انداز میں سننا

پانچواں مرحلہ: تقریری انداز میں عربی لہجے کے مطابق سننا

چھٹا مرحلہ: تقریری انداز میں بار بار مشق کروانا

ساتواں مرحلہ: الفاظ کی ادائیگی پہ توجہ دلانا اور مشق کروانا

آٹھواں مرحلہ: مناسب اشاروں کی بار بار مشق کروانا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

درس سے پہلے ہدایات:

1۔مناسب تیاری: اچھا لباس، مسواک، وضو کے اہتمام کی تلقین (غسل اولی ہے)

2۔دو رکعت نماز ادا کرنا: قبل از درس دو رکعات ادا کر کے اللہ رب العزت سے توفیقِ خاص اور اخلاص کی دعا کرنے کی تلقین کرنا۔

انتظامی ہدایات:

1۔باری مقرر کرنا: جس بچے کا درس ہو اسے ایک ہفتہ قبل آگاہ کرنا، وائیٹ بورڈ پہ یا تحریری لسٹ آویزاں کرنا۔

2۔ذہین طلباء کو مقدم کرنا: ذہین طلباء کے دروس کو مقدم کرنا تا کہ کمزور طلباء کو درس کی تیاری کے لیے مناسب وقت میسر آ جائے۔

3۔قاری قرآن کا اہتمام کرنا: تقریر میں موجود آیات کو قواعدِ تجوید کے ساتھ سکھانے کے لیے ماہر قاریِ قرآن کا اہتمام کرنا۔

4۔درس ریکارڈ کرنا: مناسب اہتمام کے ساتھ درس ریکارڈ کرنا تا کہ بعد میں مقرر خود سنے اور اپنی اصلاح کو ممکن بنا سکے۔

5۔سپیکر کا اہتمام کرنا: اندرونی سپیکر کا استعمال آسانی کے ساتھ ساتھ دیگر فوائد سے خالی نہیں ہے۔

6۔نظم وضبط کا خیال کرنا: دورانِ درس شروع شروع میں سامعین طلباء کو نظریں نیچی رکھنے کی تلقین کرنا۔

7۔وقت کا خیال رکھنا: دیگر مصروفیات کے تناظر میں نمازوں کے اوقات پہ دروس کا سلسلہ بہتر بنانے کے لیے معینہ موضوع کا ابتدائیہ اور اختتامیہ ضروری قرار دے کر باقی نکات وقت کی مناسبت سے مختلف مقررین میں بانٹ دیں اس طرح عام

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مقتدی حضرات کے لیے پانچوں اوقات ایک مکمل درس سننے کو میسر آئے گا۔

8۔نظر انداز نہ کرنا: اگر کسی ذہین بچے نے مکمل تقریر یاد کی ہو اسے قابلِ تحسین گردانا مگر وقت کی نزاکت کے پیشِ نظر اس سے امتحان کی شکل میں سن لینا کہ فلاں ہیڈنگ سے لے کر فلاں ہیڈنگ تک سنائیں۔

9۔تقاریر کی منزل سننا: ہفتہ کے اختتام پر دورانِ ہفتہ یاد کیا ہوا تقریری حصہ سن کر چھٹی فائنل کرنا۔

10۔ہوم ورک دینا: چھٹیوں میں گھر جانے والے طلباء کے لیے ہوم ورک کے نام سے ایک فارم ترتیب دینا جس میں مسجد کے امام کا نام مع فون نمبر اور تقریر کے متعلق تبصرہ کی جگہ موجود ہو۔

درس کے بعد ہدایات:

1۔تشجیع دلانا: بچے کی حوصلہ افزائی کرنا کہ بہت خوبصورت بیان کیا ہے۔

2۔کسی معروف خطیب کا نام لینا: بچے کے لہجے کے مطابق کسی بڑے شیخ کا نام لے کر کہنا کہ ماشاء اللہ آپ کا انداز تو فلاں شیخِ محترم سے ملتا ہے۔

3۔کسی بڑے قاریِ قرآن کا نام لینا: ماشاء اللہ آپ نے جو آیات ترنم سے پڑھی ہیں، فلاں قاری صاحب کا لہجہ تھا دل راضی ہو گیا۔

4۔غلطیوں کی نشاندہی کرنا: حوصلہ بڑھانے کے بعد غلطیوں کی نشاندہی کرنا۔

5۔مسابقے کا اہتمام کرنا: مابین طلباء مسابقے کا اہتمام بہت مؤثر ہوتا ہے۔

موقع محل کی مناسبت سے کوئی مزید لائحہ عمل استعمال کرنا مثالی استاد کی پہچان ہے۔

اللہ رب العزت آپ کے ہاتھوں پہ خیر کو جاری فرمائے، آپ کی دینی جہود کو ثمرور بنائے میزانِ حسنات میں جمع فرمائے۔آمین یارب العلمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(1) ہدایت سے محرومی کے اسباب

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَتَحَ طَرِیْقَ الْفَلَاحِ ، وَأَرْشَدَهُمْ إِلَی الْخَیْرِ وَالْبِرِّ وَالصَّلَاحِ ، وَأَمَرَهُمْ بِالْحَسَنَةِ لِلْفَوْزِ وَالنَّجَاحِ ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ فَالِقُ الإِصْبَاحِ ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الَّذِیْ بُعِثَ لِلْإِصْلَاحِ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مَا أَشْرَقَ الْفَجْرَ وَلَاحَ ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم،

﴿وَمَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا﴾ (النساء:116)

زندگی اور موت کے اس کھیل میں ہر سانس پہ فتنہ ہے، ہر موڑ پہ امتحان ہے، جس طرح بھٹکا ہوا راہی وقت کے تناسب سے منزل سے دور ہوتا چلا جاتا ہے۔ ہدایت کی راہوں کو چھوڑ کر گمراہی کے راستے پہ چلنے والا، ہدایت وسعادت سے دور چلا جاتا ہے۔ وہ ہدایت جسے میں اور آپ ہر نماز اور ہر نماز کی ہر ہر رکعت میں اپنے رب سے مانگتے ہیں۔ آیئے دیکھئے وہ کونسا بے نصیب اور محروم ہے جو وقت کے ساتھ گمراہی اور گمراہی کی دلدل میں بڑھتا چلا جاتا ہے اور ہدایت کے نور سے دور ہوتا چلا جاتا ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ شرک کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 116 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيْدًا))

اسے اللہ قطعاً نہ بخشے گا کہ اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جائے، ہاں شرک کے علاوہ گناہ جس کے چاہے معاف فرما دیتا ہے اور اللہ کے ساتھ شریک کرنے والا بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا۔

❷ کفر کرنے والا:

سورہ المائدۃ آیت نمبر 67 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ))

بے شک اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

سورہ البقرہ آیت نمبر 264 میں ہے ارشاد ربانی ہے:

((وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ))

اور اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

❸ آخرت کا انکار کرنے والا:

سورہ سبا آیت نمبر 8 میں ارشاد ربانی ہے:

((أَفْتَرَى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا أَمْ بِهِ جِنَّةٌ بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْآخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلَالِ الْبَعِيْدِ))

(ہم نہیں کہہ سکتے) کہ خود اس نے (ہی) اللہ پر جھوٹ باندھ لیا ہے یا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسے دیوانگی ہے بلکہ (حقیقت یہ ہے) کہ آخرت پر یقین نہ رکھنے والے ہی عذاب میں اور دور کی گمراہی میں ہیں۔

❹ فرائض سے منہ موڑنے والا:

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق:

((لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَطُوْلَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ حَتّٰى يَقُوْلَ قَائِلٌ لَا نَجِدُ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَيَضِلُّوْا بِتَرْكِ فَرِيْضَةٍ أَنْزَلَهَا اللّٰهُ))

میں ڈرتا ہوں کہ کہیں زیادہ وقت گزر جائے اور کوئی شخص یہ کہنے لگے کہ کتاب اللہ میں تو رجم کا حکم ہمیں کہیں نہیں ملتا اور اس طرح وہ اللہ کے ایک فریضہ کو چھوڑ کر گمراہ ہو جائے جسے اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے۔ (صحیح بخاری 6829)

❺ سنت سے منہ موڑنے والا:

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق:

(لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ إِلَّا عَمِلْتُ بِهِ فَإِنِّيْ أَخْشَى إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِهِ أَنْ أَزِيْغَ))

میں کسی بھی ایسے عمل کو نہیں چھوڑ سکتا جسے رسول اللہ ﷺ اپنی زندگی میں کرتے رہے ہوں میں ڈرتا ہوں اگر میں کسی عمل کو (سنت کو) چھوڑ دوں تو کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔ (صحیح بخاری 3093، صحیح مسلم 4681)

❻ نبی مکرم ﷺ کی نافرمانی کرنے والا:

سورہ الاحزاب آیت نمبر 36 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُبِيْنًا))

یاد رکھو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی جو بھی نافرمانی کرے گا وہ صریح گمراہی میں پڑے گا۔

سیدنا عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 2047 نمبر روایت:

((أَنَّ رَجُلًا خَطَبَ عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَعْصِهِمَا فَقَدْ غَوَى. فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِئْسَ الخَطِيْبُ أَنْتَ. قُلْ وَمَنْ يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص نے دورانِ خطبہ یہ کہا جس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی بلاشبہ وہ ہدایت پا گیا جس نے ان دونوں کی نافرمانی کی بلاشبہ وہ گمراہ ہو گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تو بُرا خطیب ہے اس طرح بولیے، اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

❼ ظلم کرنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 51 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ))

اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔

❽ عدل وانصاف نہ کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی صحیح بخاری میں 6788 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا ضَلَّ مَنْ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَإِذَا سَرَقَ الضَّعِيْفُ فِيْهِمْ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الحَدَّ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَتْ لَقَطَعَ مُحَمَّدٌ يَدَهَا))

اے لوگو تم سے پہلے کے لوگ اس لئے گمراہ ہو گئے کہ جب ان میں کوئی بڑا آدمی چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے لیکن اگر کمزور چوری کرتا تو اس پر حد قائم کرتے تھے اور اللہ کی قسم اگر فاطمہ بنت محمد ﷺ نے بھی چوری کی ہوتی تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کا ہاتھ ضرور کاٹ ڈالتے۔

❾ فسق و فجور کرنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 108 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ))

اور اللہ تعالیٰ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

❿ دنگا فساد کرنے والا:

سیدنا ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 5550 نمبر روایت:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَيَسْأَلُكُمْ عَنْ أَعْمَالِكُمْ أَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِي ضُلَّالًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ))

(حجۃ الوداع موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا)

تم عنقریب اپنے رب سے ملو گے اس وقت وہ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں سوال کرے گا۔ آگاہ ہو جاؤ میرے بعد گمراہ نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کاٹنے لگ جاؤ۔ (صحیح مسلم 4477)

⓫ شراب پینے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 5576 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ بِإِيْلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَلَبَنٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا ثُمَّ أَخَذَ اللَّبَنَ فَقَالَ جِبْرِيْلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ وَلَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ))

جس رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج کرائی گئی تو آپ کو (بیت المقدس کے شہر) ایلیا میں شراب اور دودھ کے دو پیالے پیش کئے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا پھر آپ نے دودھ کا پیالہ لے لیا اس پر جبریل علیہ السلام نے کہا اس اللہ کے لئے تمام تعریفیں ہیں جس نے آپ کو دین فطرت کی طرف چلنے کی ہدایت فرمائی اگر آپ نے شراب کا پیالہ لے لیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔ (صحیح مسلم: 5358)

⓬ خواہش نفس کی پیروی کرنے والا:

سورہ ص آیت نمبر 26 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَادَاوُوْدُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيْفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَى فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِنَّ الَّذِيْنَ يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الحِسَابِ))

اے داؤد! ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنا دیا تم لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلے کرو اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمہیں اللہ کی راہ سے بھٹکا دے گی یقیناً جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اس لئے کہ انہوں نے حساب کے دن کو بھلا دیا ہے۔

⓭ موسیقی سے دل بہلانے والا:

سورہ لقمان آیت نمبر 6 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِيْنٌ))

بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو لغو باتوں کو مول لیتے ہیں کہ بے عملی کے ساتھ لوگوں کو اللہ کی راہ سے بہکائیں اور اسے ہنسی بنائیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔

⓮ برے دوست رکھنے والا:

سورہ الفرقان آیت نمبر 28 اور 29 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ أَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا لَقَدْ أَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَائَنِيْ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلإِنْسَانِ خَذُوْلًا))

ہائے افسوس کاش کے میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا اس نے تو مجھے اس کے بعد گمراہ کر دیا کہ نصیحت میرے پاس آ پہنچی تھی اور شیطان تو انسان کو (وقت پر) دغا دینے والا ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑮ جھوٹ بولنے والا:

سورہ الزمر آیت نمبر 3 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ))

جھوٹے اور ناشکرے لوگوں کو اللہ تعالیٰ راہ نہیں دکھاتا۔

سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 6094 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُوْرِ وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا))

اور بلاشبہ جھوٹ برائی کی طرف لے جاتا ہے اور برائی جہنم کی طرف اور ایک شخص جھوٹ بولتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ اللہ کے یہاں بہت جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔ (صحیح مسلم 6805)

⑯ خیانت کرنے والا:

سورہ یوسف آیت نمبر 52 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِيْنَ))

بے شک اللہ تعالیٰ دغابازوں کے ہتھکنڈے چلنے نہیں دیتا۔

⑰ استغفار نہ کرنے والا:

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 7672 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ الشَّيْطَانَ قَالَ وَ عِزَّتِكَ يا رَبِّ لَا أَبْرَحُ أُغْوِي عِبَادَكَ مَا دَامَتْ أَرْوَاحُهُمْ فِي أَجْسَادِهِمْ فَقَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى :

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَ عِزَّتِیْ وَ جَلَالِیْ لَا اَزَالُ أُغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفِرُوْنِیْ))

شیطان نے کہا اے اللہ تیری عزت کی قسم جب تک تیرے بندے دنیا میں زندہ رہیں گے (آخری سانس تک) میں ان کو گمراہ کرتا رہوں گا اللہ تبارک وتعالی نے فرمایا: مجھے میری عزت اور جلال کی قسم جب تک وہ استغفار کرتے رہیں گے میں ان کی تمام غلطیاں معاف کرتا رہوں گا۔ (صحیح الجامع 1650)

⑱ غیر عالم سے فتویٰ لینے والا:

سیدنا عمرو بن العاص کی صحیح بخاری میں 100 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنْ الْعِبَادِ وَلٰكِن يَقبِضُ الْعِلمَ بِقَبضِ الْعُلَمَاءِ حَتّٰى إِذَا لَمْ يَبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوْسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوْا فَأَفتَوْا بِغَيْرِ عِلمٍ فَضَلُّوا وَأَضَلُّوْا))

اللہ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اس کے بندوں سے چھین لے بلکہ وہ (پختہ کار) علماء کو موت دے کر علم کو اٹھائے گا حتیٰ کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے ان سے سوالات کئے جائیں گے وہ بغیر علم کے جواب دیں گے اس لیے خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔ (صحیح مسلم 6971)

⑲ کسی گمراہ کو امام بنانے والا:

سیدنا ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 3952 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَإِنَّ مِمَّا أَتَخَوَّفُ عَلٰى أُمَّتِیْ أَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں جس چیز کا خوف کرتا ہوں اپنی امت پہ وہ گمراہ کرنے والے آئمہ ہیں۔

(السلسلہ الصحیحہ ج 4ص156)

۲۰ دین سے روکنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 167 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلَالًا بَعِيْدًا))

جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے اوروں کو روکا وہ یقیناً گمراہی میں دور نکل گئے۔

۲۱ ناحق اولاد کا قتل کرنے والا:

سورہ الانعام آیت نمبر 140 میں ارشاد ربانی ہے:

((قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَاءً عَلَى اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ))

واقعی خرابی میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو محض براہ حماقت بلا کسی سند کے قتل کر ڈالا اور جو چیزیں ان کو اللہ نے کھانے پینے کو دی تھیں ان کو حرام کر لیا محض اللہ پر افتراء باندھنے کے طور پر بے شک یہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے اور کبھی راہ راست پر چلنے والے نہیں ہوئے۔

۲۲ اکثریت کی پیروی کرنے والا:

سورہ الانعام میں آیت نمبر 116 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَإِنْ تُطِعْ أَكْثَرَ مَنْ فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ إِنْ يَتَّبِعُوْنَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُوْنَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور دنیا میں زیادہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا ماننے لگے تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بے راہ کر دیں وہ محض بے اصل خیالات پر چلتے ہیں اور بالکل قیاسی باتیں کرتے ہیں۔

حاضرین مجلس!

ہدایت سے محرومی کتنی بڑی محرومی ہے۔کیا مطلب؟

اس راہ سے محرومی جس سے جنت کا سامان ہوتا ہے۔

اس راہ سے محرومی جس سے رب کا تقرب ملا کرتا ہے۔

اس راہ سے محرومی جس سے رب کی رضا کا حصول ہوتا ہے۔

پھر مجھے اور آپ کو ان کاموں سے نہیں بچنا چاہیے؟

جو ہدایت سے محرومی اور گمراہی کا ذریعہ ہیں۔

شریعت اسلامیہ کی رہنمائی یہ ہے

کہ شرک کرنے والا، کفر کرنے والا،

آخرت کا انکار کرنے والا، فرائض سے منہ موڑنے والا،

سنت سے منہ موڑنے والا، نبی مکرم ﷺ کی نافرمانی کرنے والا،

ظلم کرنے والا، عدل وانصاف نہ کرنے والا،

فسق و فجور کرنے والا، دنگا فساد کرنے والا،

شراب پینے والا، خواہش نفس کی پیروی کرنے والا،

موسیقی سے دل بہلانے والا، برے دوست رکھنے والا،

جھوٹ بولنے والا، خیانت کرنے والا،

استغفار کرنے والا، غیر عالم سے فتوی لینے والا،

کسی گمراہ کو امام بنانے والا، دین سے روکنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بلاوجہ منصوبہ بندی کرنے والا، اکثریت کی پیروی کرنے والا،

ہدایت کی دولت سے محروم ہوتا چلا جاتا ہے۔

وہ کونسا راستہ ہے جو مجھے اور آپکو اس محرومی سے نکال سکتا ہے آیئے؟

شریعت کی آسانی دیکھیے:

گمراہی سے نجات چاہتے ہو؟

ہدایت کی دولت چاہتے ہو؟

❶ ایمان کی فکر کیجیے:

(إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوا) سورة النحل آیت نمبر99

❷ دل میں اخلاص پیدا کیجیے:

(إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ المخلصينَ) سورة صاد آیت نمبر83

❸ حدیث کے مطابق آیۃ الکرسی کا اہتمام کیجیے:

(لَنْ يَزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظ) صحيح البخاری 3275

❹ معوذتین کا اہتمام کیجیے:

(تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ) سنن ابی داؤد 5082

❺ قرآن مجید کی تلاوت کیجیے:

(وَلَّوْا عَلَى أَدْبَارِهِمْ نُفُورًا) سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر46

❻ گھر سے نکلنے کی دعا کا اہتمام کیجیے:

(بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ) سنن ترمذی 3426

❼ اذان کی اہمیت کو جان لیجیے:

(اِذَانُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ اَدْبَرَالشَّيْطَانُ) صحيح البخاری 608

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❽ نماز کی پابندی کیجیے:

(لَاتُقَامُ فِيهِمُ الصَّلَاةُ، اِلَّااسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ) سنن نسائی 847

❾ نماز میں سستی نہ کیجیے:

(فَاِنْ صَلّٰى اِنْحَلَّتْ عُقْدَةٌفَاَصْبَحَ نَشِيطًا) صحيح البخاری: 1142

❿ گھر میں داخل ہوتے وقت اللہ کا ذکر کیجیے:

(اِذَادَخَلَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَذَكَرَاللّٰهَ عِنْدَدُخُوْلِهِ وَعِنْدَطَعَامِهِ) صحيح مسلم 2018

⓫ غیر محرم کے ساتھ خلوت سے اجتناب کیجیے:

(لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِاِمْرَئَةٍ اِلَّاكَانَ ثَالِثُهُمَاالشَّيْطَانُ) سنن ترمذی 1171

یہ وہ کام ہیں جو میرے اور آپ کے لیے شیطان سے نجات کا ذریعہ اور ہدایت کے نور کا ذریعہ ہے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے، کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان کاموں سے محفوظ فرمائے، جو گمراہی اور ہدایت سے محرومی کا ذریعہ ہیں اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے، جو ہدایت اور ایمانی نور کا ذریعہ ہیں، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(2) کامل ایمان سے محرومی کے اسباب

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَوْضَحَ لِعِبَادِهِ طُرُقَ الْهِدَایَةِ ، وَیَسَّرَلَهُمْ أَسْبَابَ النَّجَاةِ وَالْوِقَایَةِ ، وَأَنْزَلَ کِتَابًا یَشْتَمِلُ عَلٰی الْعِلْمِ وَالدِّرَایَةِ ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ فِی الْعِبَادَةِ وَالْوِلَایَةِ ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الَّذِیْ أَیَّدَ اللّٰهُ بِهِ الدِّیْنَ وَنَصَرَهُ بِالْحِمَایَةِ ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَمَنْ تَبِعَهُمْ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ، أَمَّابَعْدُ:

فَأَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿فَلَا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ﴾

(النساء:65)

اللہ ذوالجلال کی قدرت، اللہ مالک الملک کی کاریگری ،''فَأَنْبَتْنَا بِهٖ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ'' ایک دانہ جوزمین میں بودیا جاتا ہے وقت کے ساتھ ساتھ ایک کونپل کی شکل میں اُگتا بھی ہے پھلتا بھی ہے پھولتا بھی ہے پودے کی جڑ سے شروع ہوکر اس پانی کو دیکھئے تنے سے ہوتا ہوا، شاخوں سے گزرتا ہوا ایک ایک پتے تلک اور ایک ایک پتے کے ہر ہر ریشے تلک کس انداز سے گزرتا چلا جاتا ہے۔جس طرح کسی پودے کی جڑ کے کٹ جانے سے اس میں وہ ہریالی نہیں رہتی اسی طرح ایمان کے بغیر عمل میں بھی وہ ہریالی نہیں رہتی، جب ایمان گدلا ہوجاتا ہے انسان کا عمل بھی مسلسل بگڑتا چلا جاتا ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیئے دیکھئے وہ کونسا بے نصیب ہے جو اپنی کوتاہی کے سبب اپنے ایمان کو گدلا کر بیٹھتا ہے اور کامل ایمان جیسی دولت سے محروم ہو جاتا ہے، اسلام کے باوجود، رب کی کلام قرآنِ مجید فرقانِ حمید کے باوجود قبلہ و کعبہ، ذکر اور تلاوت کے باوجود، صدقہ و خیرات کے باوجود وہ کون سے اسباب ہیں جو میرے اور آپ کے ایمان کو گدلا کر دیتے ہیں یا وہ کون سے بے نصیب ہیں جو کامل ایمان کے نور سے محروم ہیں؟

❶ توحید و رسالت کی گواہی اور آخرت پہ یقین نہ رکھنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی جامع ترمذی میں 2145 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ يَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّيْ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ وَبِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدْرِ))

کوئی بھی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک وہ چار چیزوں کی گواہی نہیں دیتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا موت پہ ایمان رکھتا ہے موت کے بعد کی زندگی پہ ایمان رکھتا ہے اور تقدیر پر ایمان رکھتا ہے۔ (صحیح الجامع 7584)

❷ جان سے بڑھ کر پیغمبر زماں کو محبوب نہ جاننے والا:

سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 15 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ))

تم میں سے کوئی ایک مومن نہیں ہوسکتا جب تک اسے میں اس کے والدین سے اس کی اولاد سے اور سب لوگوں سے محبوب نہ ہو جاؤں۔ (صحیح مسلم 178)

❸ اطاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے منہ موڑنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی رفع الیدین للبخاری میں 43 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ))

تم میں سے کوئی ایک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنی خواہش کو اس کے تابع نہ کرلے جو میں لے کر آیا ہوں۔

(السنہ لابن ابی عاصم 15 ، فتح الباری ج 13 ص 289)

❹ پیغمبر زماں کی بات کو حرف آخر نہ ماننے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 65 میں ارشاد ربانی ہے۔

((فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا))

چنانچہ (اے نبی) آپ کے رب کی قسم وہ مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ اپنے باہمی اختلافات میں آپ کو فیصلہ کرنے والے نہ مان لیں پھر آپ کے کیے ہوئے فیصلے پر ان کے دلوں میں کوئی تنگی نہ آنے پائے اور وہ اسے دل و جان سے مان لیں۔

❺ نماز کی پابندی نہ کرنے والا:

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَا صَلَاةَ لَهُ))

اس شخص کا ایمان نہیں جو نماز ادا نہیں کرتا۔

(تعظیم قدر الصلاۃ 945 ،صحیح الترغیب والترھیب 575)

❻ امانت کی پاسداری نہ کرنے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی صحیح بن حبان میں 194 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا إِيْمَانَ لِمَنْ لَّا أَمَانَةَ لَهُ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهُ))

اس شخص کا ایمان نہیں جو امانت کی پاسداری نہیں کرتا اور اس شخص کا دین نہیں جو عہد کی پاسداری نہیں کرتا۔ (صحیح الجامع 7179)

❼ لعن طعن اور گالی گلوچ کرنے والا:

سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی الادب المفرد میں 332 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيْ))

مومن لعن طعن کرنے والا نہیں ہوتا اور نہ بے حیاء ہوتا ہے اور نہ فحش گو ہوتا ہے۔

(صحیح الجامع 5381)

❽ اپنے بھائی کے لیے اچھی سوچ نہ رکھنے والا:

سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 13 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ))

تم میں سے کوئی ایک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہی پسند نہ کرے جو وہ اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

❾ پڑوسی سے اچھا سلوک نہ کرنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی الادب المفرد میں 112 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ الْمُؤْمِنُ الَّذِيْ يَشْبَعُ وَجَارُهُ جَائِعٌ))

(صحیح الترغیب والترھیب 2562)

وہ شخص مومن نہیں ہوسکتا جو سیر ہو کر کھائے اور اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔

❿ جان بوجھ کر پڑوسی کو ستانے والا:

سیدنا ابوشریح رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 6016 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَاللَّهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللَّهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللَّهِ لَا يُؤْمِنُ قِيْلَ وَمَنْ يَا رَسُوْلَ اللَّهِ قَالَ الَّذِيْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَايِقَهُ))

واللہ وہ ایمان والا نہیں۔ واللہ وہ ایمان والا نہیں۔ واللہ وہ ایمان والا نہیں۔ عرض کیا گیا کون یا رسول اللہ؟ فرمایا وہ جس کے شر سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔

حاضرین مجلس!

مسجد بھی ہو، مدرسہ بھی ہو، صحت بھی ہو، تندرستی بھی ہو، اور موقع بھی ہو، اتنی بہاروں کے باوجود ایمان میں جو مطلوب ہریالی ہے ویسی بہار نہ ہو تو کتنی بڑی محرومی ہے شریعت اسلامیہ کا پیغام ہے۔

کہ توحید و رسالت کی گواہی اور آخرت پر یقین نہ رکھنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جان سے بڑھ کر پیغمبر زماں کو محبوب نہ جانے والا،

اطاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منہ موڑنے والا،

پیغمبر اعظم کی بات کو حرف آخر نہ ماننے والا،

نماز کی پابندی نہ کرنے والا،

امانت کی پاسداری نہ کرنے والا،

لعن طعن اور گالی گلوچ کرنے والا،

اپنے بھائی کے لیے اچھی سوچ نہ رکھنے والا،

پڑوسی سے اچھا سلوک نہ کرنے والا،

جان بوجھ کر پڑوسی کو ستانے والا، کامل ایمان سے محروم ہے۔

بہت بڑی خوش نصیبی اور بہت بڑی سعادت ہے اس شخص کے لیے جسے اللہ ذوالجلال ایمان کی فکر نصیب فرمائے۔

ایمان کے لیے ایسی تڑپ رکھنا اور ایسا درد رکھنا اور اس کوشش میں رہنا کہ میرا ایمان سلامت رہے، اگر یہ کوشش اللہ ذوالجلال کو پسند آ جائے تو یہی جنت کی بہاروں کا ذریعہ بن جاتی ہے۔

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 7337 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنّ لِلْمُؤْمِنِ فِی الْجَنَّةِ لَخَیْمَةٌ مِنْ لُؤْلُؤَةٍ وَاحِدَةٍ مُجَوَّفَةٍ طُوْلُهَاسِتُّوْنَ مِیْلاً لِلْمُؤْمِنِ فِیْهَاأَهْلُوْنَ یَطُوْفُ عَلَیْهِمُ الْمُؤْمِنُ فَلَایَرٰی بَعْضُهُمْ بَعْضاً))

بیشک جنت میں مومن کیلئے ایک موتی کا ایسا خیمہ ہے جس کی اندرونی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وسعت ساٹھ میل تک ہوگی۔ اس میں مومن کے اہل وعیال ہوں گے ان کے پاس مومن کا آنا جانا تو رہے گا مگر وہ ایک دوسرے کو نہیں دیکھیں گے۔

(صحیح الجامع :2182 ، صحیح الترغیب والترھیب 371)

کامل ایمان کے لیے پیغمبر زماں صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان سنیے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَعْطٰى لِلّٰهِ وَ مَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِاسْتَكْمَلَ الْإِيْمَانَ) (سنن ابی داوود 4681)

جس نے اللہ ہی کی رضا کے لیے محبت کی ، اللہ ہی کی رضا کے لیے دشمنی کی ، اللہ ہی کی رضا کے لیے دیا ، اللہ ہی کی رضا کے لیے منع کر دیا تو اس نے اپنا ایمان مکمل کر لیا۔

کسی سے محبت ہو تو اللہ کے لیے ، نفرت ہو تو اللہ کے لیے ،

ملاقات ہو تو اللہ کے لیے ، جدائی ہو تو اللہ کے لیے ،

وفا ہو تو اللہ کے لیے ، جفا ہو تو اللہ کے لیے ، یہ وہ خوبی ہے جس سے ایمان مکمل ہو جاتا ہے۔ شبہات سے بچاؤ بھی کامل ایمان کا ذریعہ ہے۔

سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 52 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

(اَلْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا مُشَبَّهَاتٌ لَايَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌمِنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَى الْمُشَبَّهَاتِ اسْتَبْرَأَلِدِيْنِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَقَعَ فِي الشُّبُهَاتِ كَرَاعٍ يَرْعٰى حَوْلَ الْحِمٰى يُوْشِكُ أَنْ يُّوَاقِعَهُ،أَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، أَلَا اِنَّ حِمَى اللّٰهِ فِيْ أَرْضِهِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَحَارِمُهُ، أَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، أَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ)

حلال بھی واضح ہے حرام بھی واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان بعض چیزیں شبہ کی ہیں جن کو بہت لوگ نہیں جانتے (کہ حلال ہیں یا حرام) پھر جو کوئی شبہ کی چیزوں سے بھی بچ گیا اس نے اپنے دین اور عزت کو بچا لیا اور جو کوئی ان شبہ کی چیزوں میں پڑ گیا اس کی مثال اس چرواہے کی ہے جو (شاہی محفوظ) کے آس پاس اپنے جانوروں کو چرائے۔ وہ قریب ہے کہ کبھی اس چراگاہ کے اندر گھس جائے (اور شاہی مجرم قرار پائے) سن لو ہر بادشاہ کی ایک چراگاہ ہوتی ہے۔ اللہ کی چراگاہ اس کی زمین پر حرام چیزیں ہیں۔ (پس ان سے بچو اور) سن لو بدن میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ درست ہوگا سارا بدن درست ہوگا اور جہاں بگڑا سارا بدن بگڑ گیا۔ سن لو وہ ٹکڑا آدمی کا دل ہے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک ان کاموں سے محفوظ فرمائے جو ایمان کو گدلا کر دیتے ہیں اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جن سے ایمانی تازگی ملا کرتی ہے، جب تک رکھے ایمان کے ساتھ رکھے، جب بھی بلائے ایمان کی خوبصورت کیفیت میں بلائے، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(3) قلب سلیم سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَنْزَلَ الْکِتَابَ هُدًی لِلْمُتَّقِیْنَ، وَعِبْرَةً لِلْمُعْتَبِرِیْنَ، وَرَحْمَةً وَمَوْعِظَةً لِلْمُؤْمِنِیْنَ، وَشِفَاءً لِمَا فِیْ صُدُوْرِ الْعَالَمِیْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الَّذِی بَعَثَ رَحْمَةً لِلْعٰلَمِیْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿ کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِ الْکَافِرِیْنَ ﴾ (الاعراف:101)

اللہ ذوالجلال کے اس نظام ارض وسماء میں سورج اللہ کی تخلیق کا کتنا بڑا شاہکار ہے جس کے آنے سے دن روشن ہوا کرتا ہے جس کے جانے سے رات چھا جایا کرتی ہے بالکل اسی طرح انسانی جسم میں رب کی عطائیں تو بہت ہے مگر دل ایسی نعمت ہے جس کا روشن ہونا زندگی کے ہر عمل کو روشن کر دیتا ہے اور جس کا تاریک ہونا ذلت و رسوائی، ہدایت سے محرومی، رب کی رضا اور اس کی معرفت سے محرومی کا ذریعہ ہوا کرتا ہے، جس کی درستگی سبھی معاملات کی درستگی ہے اور جس کی خرابی سبھی معاملات کی خرابی ہوا کرتی ہے اس سے بڑی محرومی اور کیا ہوسکتی ہے کہ انسان رب کی دی ہوئی نعمتوں کے باوجود پروا نہ کرے اور نتیجے میں سبھی معاملات خراب کر بیٹھے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیئے دیکھئے وہ کونسا بے نصیب ہے جو قلب سلیم سے محروم ہے وہ قلب سلیم جو نجات کا پیغام ہوگا۔

﴿اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ﴾ سورہ الشعرا 89

❶ شرک کرنے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 7 میں ارشاد ربانی ہے:

((خَتَمَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوْبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ))

اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ ہے اور ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے۔

❷ کفر کرنے والا:

سورہ الاعراف آیت نمبر 101 میں ارشاد ربانی ہے:

((تِلْكَ الْقُرَى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَائِهَا وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلَى قُلُوْبِ الْكَافِرِيْنَ))

ان بستیوں کے کچھ کچھ قصے ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں اور ان سب کے پاس ان کے پیغمبر معجزات لے کر آئے۔ پھر جس چیز کو انہوں نے ابتداء میں جھوٹا کہہ دیا یہ بات نہ ہوئی کہ پھر اس کو مان لیتے اللہ تعالیٰ اسی طرح کافروں کے دلوں پر بند لگا دیتا ہے۔

❸ تکبر کرنے والا:

سورہ المؤمن آیت نمبر 35 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ))

جو بغیر کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک یہ تو بہت بڑی بیزاری کی چیز ہے اللہ تعالیٰ اسی طرح ہر ایک مغرور سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔

❹ ذکر نہ کرنے والا:

سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6407 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَثَلُ الَّذِيْ يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِيْ لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ))

اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور اس کی مثال جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ جیسی ہے۔ (صحیح مسلم 1859)

❺ شکر نہ کرنے والا:

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شعب الایمان میں 4430 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((قَلْبٌ شَاكِرٌ وَ لِسَانٌ ذَاكِرٌ وَ زَوْجَةٌ صَالِحَةٌ تُعِيْنُكَ عَلٰى أَمْرِ دُنْيَاكَ وَ دِيْنِكَ خَيْرٌ مَا أَكْثَرُ النَّاسُ))

شکر گزار دل، ذکر گزار زبان، اور تیرے دنیا و دین کے معاملہ میں مددگار نیک بیوی یہ بہتر ہے جس پر اکثر لوگ ہیں۔ (صحیح الجامع 4409)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❻ رب سے نہ ڈرنے والا:

امام ابوسلیمان رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((مَا فَارَقَ الْخَوْفُ قَلْبًا اِلَّا خَرَبَ))

جس دل سے خوف نکل جاتا وہ ویراں ہوجاتا ہے۔

(مدارج السالکین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 513)

❼ گناہ پہ گناہ کرنے والا:

امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((مِنْ عُقُوْبَةِ الْمَعَاصِیْ اَنَّهَا تَعْمِیْ بَصِیْرَةَ الْقَلْبِ وَتَطْمِسُ نُوْرَهٗ وَتَسُدُّ طُرُقَ الْعِلْمِ وَتَحْجُبُ مَوَادَ الْهِدَایَةِ))

گناہگار کی سزا میں سے یہ بھی ہے کہ یہ قلبی بصیرت کو اندھا کر دیتی ہے اور اس کا نور بھسم کر دیتی ہے اور علم کے راستے روک دیتی ہے اور ہدایت کا سامان ختم کر دیتی ہے۔(هل تفقدت قلبک" جلد نمبر1 صفحہ نمبر 13)

❽ خواہش نفس کی پیروی کرنے والا:

سورہ الجاثیہ آیت نمبر 23 میں ارشاد ربانی ہے:

((أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَنْ يَهْدِيهِ مِنْ بَعْدِ اللَّهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ))

کیا آپ نے اسے بھی دیکھا؟ جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور باوجود سمجھ بوجھ کے اللہ نے اسے گمراہ کر دیا ہے اور اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اسکی آنکھ پر بھی پردہ ڈال دیا ہے اب

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایسے شخص کو اللہ کے بعد کون ہدایت دے سکتا ہے کیا اب بھی تم نصیحت نہیں پکڑتے۔

❾ زنا کاری کرنے والا:

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 22211 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ فَتًى شَابًّا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ بِالزِّنَا فَأَقْبَلَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ فَزَجَرُوْهُ قَالُوْا مَهْ مَهْ فَقَالَ ادْنُهْ فَدَنَا مِنْهُ قَرِيْبًا قَالَ فَجَلَسَ قَالَ أَتُحِبُّهُ لِأُمِّكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ جَعَلَنِيْ اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ وَلَا النَّاسُ يُحِبُّوْنَهُ لِأُمَّهَاتِهِمْ قَالَ أَفَتُحِبُّهُ لِابْنَتِكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جَعَلَنِيْ اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ وَلَا النَّاسُ يُحِبُّوْنَهُ لِبَنَاتِهِمْ قَالَ أَفَتُحِبُّهُ لِأُخْتِكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ جَعَلَنِيْ اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ وَلَا النَّاسُ يُحِبُّوْنَهُ لِأَخَوَاتِهِمْ قَالَ أَفَتُحِبُّهُ لِعَمَّتِكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ جَعَلَنِيْ اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ وَلَا النَّاسُ يُحِبُّوْنَهُ لِعَمَّاتِهِمْ قَالَ أَفَتُحِبُّهُ لِخَالَتِكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ جَعَلَنِيْ اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ وَلَا النَّاسُ يُحِبُّوْنَهُ لِخَالَاتِهِمْ قَالَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ وَقَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ وَحَصِّنْ فَرْجَهُ فَلَمْ يَكُنْ بَعْدُ ذٰلِكَ الْفَتَى يَلْتَفِتُ إِلَى شَيْءٍ))

ایک انصاری نوجوان، نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا اے اللہ کے رسول! آپ مجھے زنا کی اجازت دیں، لوگ اس پر پل پڑے اور کہا، خاموش ہو جا، خاموش ہو جا، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نوجوان سے فرمایا: قریب ہو جا۔ پس

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہو کر بیٹھ گیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! کیا تو اپنی ماں کے لئے اس چیز کو پسند کرتا ہے؟ اس نے کہا اللہ کی قسم ہرگز نہیں، اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اسی طرح لوگ اپنی ماؤں کے لئے اس برائی کو پسند نہیں کرتے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا کیا تو اپنی بیٹی کے لئے اس چیز کو پسند کرے گا؟ اس نے کہا نہیں اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگ بھی اس برائی کو اپنی بیٹیوں کے لئے پسند نہیں کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا کیا تو زنا کو اپنی بہن کے لئے پسند کرتا ہے؟ اس نے کہا اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر فدا کرے میں اپنی بہن کے لئے اس کو کبھی بھی پسند نہیں کروں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! لوگ بھی اپنی بہنوں کے لئے اس برائی کو پسند نہیں کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا تو اس کو اپنی پھوپھی کے لیے پسند کرے گا؟ اس نے کہا نہیں اللہ کی قسم میں اس کو پسند نہیں کروں گا اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تو پھر لوگ بھی اپنی پھوپھیوں کے لیے پسند نہیں کرتے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اچھا یہ بتاؤ کہ کیا تو اس برائی کو اپنی خالہ کے لیے پسند کرے گا؟ اس نے کہا نہیں اللہ کی قسم میں اس کو پسند نہیں کروں گا، اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو پھر لوگ بھی آپنی خالاؤں کے لئے اس برائی کو پسند نہیں کرتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک اس پر رکھا اور اس کے حق میں یہ دعا فرمائی اے اللہ اس کے گناہ بخش دے اس کے دل کو پاک کر دے اور اس کی شرمگاہ کو محفوظ کر دے۔ اس کے بعد وہ نوجوان کسی چیز کی طرف مڑ کر بھی نہیں دیکھتا تھا۔

(سلسلہ الصحیحہ 370 ج1 ص 369)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑩ حد سے تجاوز کرنے والا:

سورہ یونس آیت نمبر 74 میں ارشاد ربانی ہے:

((ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ فَجَاءُوهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا بِهٖ مِنْ قَبْلُ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْمُعْتَدِينَ))

پھر (نوح) کے بعد ہم نے اور رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس روشن دلیلیں لے کر آئے جس چیز کو انہوں نے اول میں جھوٹا کہہ دیا یہ نہ ہوا کہ پھر اس کو مان لیتے۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح حد سے بڑھنے والوں پر بند لگا دیتا ہے۔

⑪ دل میں نفاق رکھنے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 10 میں ارشاد ربانی ہے:

((فِي قُلُوبِهِمْ مَرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ))

ان کے دلوں میں بیماری تھی اللہ تعالیٰ نے انہیں بیماری میں مزید بڑھا دیا اور ان کے جھوٹ کی وجہ سے ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

⑫ وعدہ خلافی کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 155 میں ارشاد ربانی ہے:

((فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِآيَاتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْأَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُونَ إِلَّا قَلِيلًا))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(یہ سزا تھی) بہ سبب انکی عہد شکنی کے اور احکام الٰہی کے ساتھ کفر کرنے کے اور اللہ کے نبیوں کو ناحق قتل کر ڈالنے کے اور اس سبب سے کہ یوں کہتے ہیں کہ ہمارے دلوں پر غلاف ہے۔ حالانکہ دراصل ان کے کفر کی وجہ سے ان پر اللہ تعالیٰ نے مہر لگا دی ہے۔ اس لئے یہ قدر قلیل ہی ایمان لاتے ہیں۔

⓭ بلا وجہ نماز جمعہ ترک کرنے والا:

سیدنا ابو الجعد الضمریکی صحیح ابن حبان میں 2786 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ تَرَکَ الْجُمُعَةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلَىٰ قَلْبِهٖ)) (صحیح ابن خزیمه حدیث نمبر: 58 18 باب ذکر الدلیل علی أن الطبع علی القلب ج 3 ص 176)

جس نے تین جمعے سستی سے چھوڑ دیے اس کے دل پر مہر لگ گئی۔

⓮ جہاد سے اعراض کرنے والا:

سورہ التوبہ آیت نمبر 87 میں ارشاد ربانی ہے:

((رَضُوْا بِأَنْ يَكُوْنُوا مَعَ الخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلَىٰ قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ))

یہ تو خانہ نشین عورتوں کے ساتھ دینے پر ریجھ گئے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی اب وہ کچھ سمجھ عقل نہیں رکھتے۔

⓯ اولاد سے پیار نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5997 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ جَالِسًا فَقَالَ الْأَقْرَعُ إِنَّ لِيْ عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ أَحَدًا فَنَظَرَ إِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَنْ لَا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بوسہ دیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اقرع بن حابس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے ہوئے تھے اقرع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس پر کہا میرے دس لڑکے ہیں اور میں نے ان میں سے کسی کو بوسہ نہیں دیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ جو اللہ کی مخلوق پر رحم نہیں کرتا اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔ (صحیح مسلم 6170)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 4942 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ)) (صحيح الجامع 67 74)

رحمت (مہربانی وشفقت) صرف بد بخت ہی سے چھینی جاتی ہے۔

⓬ یتیم پہ شفقت نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 7576 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ رَجُلاً شَكَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَسْوَةَ قَلْبِهِ فَقَالَ: إِنْ أَرَدْتَ أَنْ يَلِيْنَ قَلْبُكَ فَأَطْعِمِ الْمَسَاكِيْنَ وَامْسَحْ رَأْسَ الْيَتِيْمِ)) (صحيح الجامع 1410)

ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے دل کی سختی کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اپنے دل کو نرم کرنا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چاہتے ہو تو مسکینوں کو کھانا کھلایا کر اور یتیم کے سر پر ہاتھ بھی پھیرا کر۔

⓮ مسکین کے ساتھ تعاون نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی السنن الکبریٰ للبیہقی 7345 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ رَجُلاً شَكَا إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَسْوَةَ قَلْبِهِ فَقَالَ: إِنْ أَرَدْتَ أَنْ يَلِينَ قَلْبُكَ فَأَطْعِمِ الْمَسَاكِينَ وَامْسَحْ رَأْسَ الْيَتِيمِ))

ایک آدمی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے دل کی سختی کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم اپنے دل کو نرم کرنا چاہتا ہے مسکین کو کھانا کھلایا کر اور یتیم کے سر پر ہاتھ بھی پھیرا کر۔ (صحیح الجامع 1410)

حاضرین مجلس!

انسانی جسم میں سب سے زیادہ اہمیت کی چیز اگر ہے تو وہ انسان کا دل ہے چیز جتنی زیادہ اہمیت کی حامل ہو اس کی حفاظت کا اہتمام بھی اتنا اونچا ہونا چاہیے ذرا سی غفلت میرے اور آپ کے لئے دل کی خرابی کے ساتھ ساتھ ناکامی کا سبب ہو سکتی ہے۔

شریعت کا پیغام ہے!

کفر کرنے والا، شرک کرنے والا،

تکبر کرنے والا، ذکر نہ کرنے والا،

شکر نہ کرنے والا، رب سے نہ ڈرنے والا،

گناہ پہ گناہ کرنے والا، خواہش نفس کی پیروی کرنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

زنا کاری کرنے والا، حد سے تجاوز کرنے والا،
دل میں نفاق رکھنے والا، وعدہ خلافی کرنے والا،
بلاوجہ نماز جمعہ ترک کرنے والا، جہاد سے اعراض کرنے والا،
اولاد سے پیار نہ کرنے والا، یتیم پر شفقت نہ کرنے والا،
مسکین کے ساتھ تعاون نہ کرنے والا، قلب سلیم سے محروم ہیں۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک میرے اور آپ کے قلب و ایمان کی حفاظت فرمائے اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو میرے اور آپ کے لیے جسمانی و روحانی شفا کا ذریعہ ہوا کرتے ہیں شریعت کی آسانی دیکھیے۔

❶ کلام ربانی کی تلاوت کرنا:

(وَنُنَزِّلُ مِنَ القُرآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحمَةٌ لِلمُؤمِنِين) بنی اسرائیل 82

❷ معوذتین کا اہتمام کرنا:

(قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِينَ تُمْسِيْ وَحِينَ تُصْبِحُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ تَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ) سنن ابی داؤد 5082

❸ صدقہ وخیرات کرنا:

(دَاوُوْا مَرْضَاكُمْ بِالصَّدَقَةِ) (صحيح الجامع :3358)

میرے اور آپ کے لیے کس قدر جسمانی و روحانی شفا کا ذریعہ ہیں، اللہ رب العزت مجھے اور آپکو قلب سلیم عطا فرمائے، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (1)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُرْتَفِعِ عَنْ إِدْرَاكِ الْأَبْصَارِ النَّاظِرَةِ، اَلْمُنَزَّهُ عَنِ التَّخَيُّلَاتِ، وَالْأَوْهَامِ الْخَاطِرَةِ،اَلَّذِیْ جَعَلَ الْمَوْتَ أَوَّلَ مَنَازِلَ الْآخِرَةِ،أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَحْدَهُ لَا شَرِيْکَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداًعَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الْمَبْعُوْثُ بِالْآيَاتِ الْبَاهِرَةِ، اَلَّذِیْ أَلَّفَ بَيْنَ الْقُلُوْبِ الْمُتَنَافِرَةِ. وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرَةِ، وَعَلٰى اَصْحَابِهِ الْأَنْجُمِ الزَّاهِرَةِ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،

﴿وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾(آل عمران:134)

اگر شعور زندہ ہو تو فہم و بصیرت رکھنے والا عقل و دانش رکھنے والا مثالی بیٹا والدین کی ناراضی کیسے برداشت کرسکتا ہے۔

ایک تو وہ ہے جس سے اس کا والد ناراض ہوجائے۔

ایک تو وہ ہے جس سے اس کی والدہ ناراض ہوجائے۔

ایک تو وہ ہے جس سے اس کا استاد ناراض ہوجائے۔

مگر وہ شخص کس قدر محروم ہے جس سے ناراض ہوجائے۔

خود عرش والا رحمان ناراض ہوجائے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آیئے دیکھئے وہ کون سے بے نصیب ہیں جن پر اللہ کا غضب ہوتا ہے۔
اور وہ اللہ کی حقیقی محبت سے محروم ہو جاتے ہیں؟

❶ اللہ کے ساتھ شرک کرنے والا:

سورہ الاعراف آیت نمبر 152 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا العِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الحَيَاةِ الدُّنْيَا وَكَذٰلِكَ نَجْزِي المُفْتَرِيْنَ))

بیشک وہ لوگ جنہوں نے بچھڑے کو معبود بنایا انکے لیے جلد ہی ان کے رب کا غضب آن پہنچے گا اور انہیں دنیا کی زندگی میں ذلت نصیب ہو گی اور بہتان باندھنے والوں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

❷ اللہ کے بارے جھگڑنے والا:

سورہ الشوری آیت نمبر 16 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَالَّذِيْنَ يُحَاجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهُ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ))

اور وہ لوگ جو اللہ رب العزت کے بارے میں اس کو تسلیم کر لینے کے بعد جھگڑا کرتے ہیں ان کی دلیل ان کے رب کے ہاں باطل ہے اور ان پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لیے عذاب شدید ہے۔

❸ قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا:

سیدنا عطا بن یسار رضی اللہ عنہ کی مؤطا امام مالک میں 593 نمبر روایت:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ قَبْرِيْ وَثَنًا يُعْبَدُ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ))

اے اللہ میری قبر کو عبادت گاہ (پوجا کی جگہ) نہ بنانا اللہ رب العزت اس قوم سے سخت ناراض ہوتے ہیں جنہوں نے انبیاء کرام کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔ (مسند احمد 7352، شعیب الأرناؤط: اسنادہ قوی)

❹ ایمان کے بعد کفر کرنے والا:

سورہ النحل آیت نمبر 106 میں ارشاد ربانی ہے:

((مَنْ كَفَرَ بِاللَّهِ مِنْ بَعْدِ إِيْمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيْمَانِ وَلَكِنْ مَنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِنَ اللَّهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ))

جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ پر کفر کرے سوائے اس کے جس پر جبر کیا گیا اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا لیکن جس نے کفر کے لیے سینہ کھول دیا تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور اس کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔

❺ مشیت الٰہی کا انکار کرنے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 90 میں ارشاد ربانی ہے:

((بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ أَنْ يَكْفُرُوْا بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ بَغْيًا أَنْ يُنَزِّلَ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ عَلَى مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ فَبَاءُوْا بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ مُهِيْنٌ))

وہ چیز بہت بڑی ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنا نفس بیچ دیا یہ کہ وہ اس چیز کا انکار کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے نازل کی اور صرف اس چیز کی بنا پر کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے جس پر اپنا فضل کرے پس وہ غضب در غضب کے ساتھ لوٹے اور

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کافروں کے لیے ذلیل کر دینے والا عذاب ہے۔

❻ آخرت پہ ایمان نہ رکھنے والا:

سورہ الممتحنہ آیت نمبر 13 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ))

اے ایمان والو تم اس قوم سے دوستی نہ کرو جس پر اللہ تعالیٰ نے غضب نازل کیا وہ آخرت سے مایوس ہو گئے ہیں جیسے کفار قبروں والوں کے جی اٹھنے سے مایوس ہو گئے ہیں۔

❼ معجزات کا انکار کرنے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 112 میں ارشاد ربانی ہے:

((ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوا إِلَّا بِحَبْلٍ مِنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِنَ النَّاسِ وَبَائُوا بِغَضَبٍ مِنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْأَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ))

وہ جہاں کہیں بھی پائیں ان پر ذلت کی مار پڑی اِلّا یہ کہ وہ اللہ کی یا لوگوں کی پناہ میں تھے وہ اللہ کی طرف سے غضب کے حق دار ٹھہرے اور ان پر محتاجی مسلط کر دی گئی یہ اس وجہ سے ہوا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو قتل کرتے تھے اور اس وجہ سے بھی کہ وہ نافرمانی کرتے اور حد سے بڑھ جاتے تھے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❽ اللہ کی نافرمانی کرنے والا:

سورہ محمد آیت نمبر 27،28 میں ارشاد ربانی ہے:

((فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ))

پھر کیا حال ہوگا جب فرشتے انکو فوت کریں گے جبکہ وہ ان کے چہروں اور پیٹھوں پر مارتے ہوں گے یہ اس لیے کہ بیشک انہوں نے اس چیز کی پیروی کی جس نے اللہ کو ناراض کر دیا اور انہوں نے اللہ کی رضامندی ناپسند کی لھذا اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیئے۔

❾ رب کی تقسیم پہ راضی نہ ہونے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 61 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَإِذْ قُلْتُمْ يَامُوْسَى لَنْ نَصْبِرَ عَلَى طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُوْمِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا قَالَ أَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِي هُوَ أَدْنَى بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوْا بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيِّيْنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ذَلِكَ بِمَا عَصَوا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ))

اور جب تم نے کہا اے موسیٰ ہم ایک کھانے پر ہرگز صبر نہیں کر سکتے لہذا ہمارے لیے اپنے رب سے دعا مانگ کہ وہ ہمارے لیے وہ چیزیں نکال دے جو زمین اگاتی ہے یعنی اسکی ترکاری ککڑی، گندم، مسور، اور پیاز موسیٰ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے کہا کہ تم کم تر چیز لینا پسند کرتے ہو بدلے اس چیز کے جو بہتر ہے۔ اترو کسی شہر میں بیشک وہاں تمہارے لیے وہی کچھ ہے جس کا تم نے سوال کیا اور ان پر ذلت اور محتاجی مسلط کر دی گئی وہ اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹے یہ اس وجہ سے ہوا کہ بیشک وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو قتل کرتے تھے اور اس وجہ سے بھی کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے بڑھ جانے والے تھے۔

❿ جھوٹی قسم اٹھانے والا:

سورہ المجادلہ آیت نمبر 14 میں ارشاد ربانی ہے:

((أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَومًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَا هُمْ مِنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ))

آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اس قوم سے دوستی کی جن پر اللہ غصے ہوا نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ ان میں سے اور وہ جھوٹ پر قسمیں کھاتے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں۔

⓫ فحش گوئی کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی سنن ابی داود میں 4792 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشُ))

بے شک اللہ تعالیٰ بے حیاء فحش گو کو پسند نہیں فرماتے۔

(صحیح الجامع 7922)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓬ غیبت کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داود میں 5005 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِيْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ تَخَلُّلَ الْبَاقِرَةُ بِلِسَانِهَا)) (صحیح الجامع 1875)

بلاشبہ لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ اس گفتگو کرنے والے شخص کو ناپسند فرماتے ہیں جو اپنی زبان کو ایسے حرکت دیتا ہے جیسے گائے اپنی زبان کو حرکت دیتی ہے۔

⓭ چغلی کرنے والا:

سیدنا مطرف بن سمرہ کے والد کی شعب الایمان میں 6743 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَيْتَ اللَّحِمَ))

بے شک اللہ تعالیٰ چغلی کھانے والے شخص سے ناراض ہوتے ہیں۔

⓮ زنا کرنے والا:

امام غزالی رحمہ اللہ کی فقہ السیرہ میں جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 341 پہ منقول صحیح روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِذَا شَاعَ الزِّنَا وَالرِّبَا فِيْ قَرْيَةٍ فَقَدْ اَحَلَّتْ بِنَفْسِهَا غَضَبُ اللّٰهُ))

جب کسی بستی میں زنا اور سود عام ہو جاتا ہے تو وہ اللہ کے غضب کی مستحق ہو جاتی ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑮ تکبر کرنے والا:

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ کی سنن ترمذی میں 2568 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَالثَّلَاثَةُ الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ الشَّيْخُ الزَّانِيُ وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَال وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْم))

اللہ تعالیٰ تین لوگوں سے سخت ناراض ہوں گے بوڑھے زانی، تنگدست متکبر، استحصال کرنے والے غنی سے۔

(صحيح بن حبان 3349 شعيب الأرناؤط: حديث صحيح)

⑯ خود کو بادشاہوں کا بادشاہ کہلانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی المستدرک میں 7724 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَاشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ تَسَمّٰى مَلِكُ الْاَمْلَاكِ لَا مُلْكَ اِلَّا اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ))

اللہ تعالیٰ اس شخص سے سخت ناراض ہوتے ہیں جو خود کو بادشاہوں کا بادشاہ کہلاتا ہے بادشاہی تو صرف اللہ ذوالجلال کی ہے۔(صحيح الترغيب والترهيب207/2)

⑰ رعایا پہ ظلم کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بن حبان میں 5558 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اَرْبَعَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ : وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَال وَالشَّيْخُ الزَّانِيُ وَالْاِمَامُ الْجَائِرُ)) (السلسله الصحيحه 363 ، شعيب الأرناؤط اسناده صحيح)

چار لوگوں سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔ (ان میں سے) تنگدست

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

متکبر، بوڑھا زانی، اور ظلم کرنے والے بادشاہ سے۔

⑱ ظلم کا ساتھ دینے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 2320 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ اَعَانَ عَلٰی خُصُوْمَةٍ بِظُلْمٍ (اَوْ يُعِيْنُ عَلٰى ظُلْمٍ) لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ))

جو انسان لڑائی میں ظلم کا ساتھ دیتا ہے وہ اس وقت تک اللہ کی ناراضگی میں رہتا ہے وہ باز آ جائے۔ (صحیح الجامع 6049)

⑲ چمٹ کر سوال کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 1024 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُبْغِضُ السَّائِلَ الْمُلْحِفُ)) (صحیح الجامع 1876)

بے شک اللہ تعالیٰ چمٹ کر سوال کرنے والے سے ناراض ہوتے ہیں۔

⑳ کسی مومن کو ناحق قتل کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 93 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيمًا))

اور جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کر دے اس کی سزا جہنم ہے اور وہ اس میں ہمیشہ رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہوگی۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اللہ نے اس کے لیے بہت بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

❷۱ میدان جہاد سے بھاگ جانے والا:

سورہ انفال آیت نمبر 16 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلَّا مُتَحَرِّفًا لِقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزًا إِلَى فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ))

اور جو شخص اس دن ان سے پیٹھ پھیرے گا سوائے اس شخص کے جو لڑائی کے لیے پینترا بدلنے والا ہو یا اپنے کسی گروہ کی پناہ لینے والا ہو تو یقیناً وہ اللہ کا غضب لے کر لوٹا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری لوٹنے کی جگہ ہے۔

❷۲ دعا نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جامع ترمذی میں 3373 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّهُ مَنْ لَّمْ يَسْئَالِ اللّٰهَ يَغْضَبُ عَلَيْهِ)) (صحيح الجامع 2418)

جو اللہ ذوالجلال سے مانگتا نہیں (اللہ) اس سے ناراض ہو جاتے ہیں۔

اَللّٰهُ يَغْضِبُ اِنْ تَرَكْتَ سُؤَالَهٗ

وَبُنَيَّ آدَمَ حِيْنَ يُسْئَالُ يَغْضِبُ

حاضرین مجلس!

جس سے اس کا رب ناراض ہو جائے جس سے دنیا نہیں بلکہ دنیا بنانے والا خود رحمان منہ موڑ لے اس سے بڑا محروم کون ہو سکتا ہے پھر ذہن نشین کر لیجئے!

اللہ کے بارے میں جھگڑنے والا، اللہ کے ساتھ شرک کرنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا، ایمان کے بعد کفر کرنے والا،
مشیت الٰہی کا انکار کرنے والا، آخرت پر ایمان نہ رکھنے والا،
معجزات کا انکار کرنے والا، اللہ کی نافرمانی کرنے والا،
رب کی تقسیم پر راضی نہ ہونے والا، جھوٹی قسم اٹھانے والا،
فحش گوئی کرنے والا، غیبت کرنے والا، چغلی کرنے والا،
زنا کرنے والا، تکبر کرنے والا، خود کو بڑا بادشاہ، کہلوانے والا،
رعایا پہ ظلم کرنے والا، چمٹ کر سوال کرنے والا،
کسی مومن کو ناحق قتل کرنے والا،
میدان جہاد سے بھاگ جانے والا، دعا نہ کرنے والا،
اللہ کی ناراضی کے مستحق اور اس کی محبت سے محروم ہیں۔

جہاں یہ محرومی ہے وہاں رب کا انعام یہ بھی ہے
کہ آپ اپنے قول و عمل کو بدلیے،
میرا رب نہ صرف محبت کرے گا
بلکہ آپ کو کبھی تنہا نہیں کرے گا
میرے رب کی مدد ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے گی
میرے رب کے ہو کر تو دیکھیے،
میرے رب کی جانب آ کر تو دیکھیے
اللہ کی مدد چاہیے؟؟

❶ عقیدہ توحید اختیار کیجیے:

(إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنيَا) سورة غافر آیت نمبر 51

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❷ کثرت سے دعائے خیر کیجیے:

(إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم) سورہ انفال آیت نمبر 9

❸ نماز کی پابندی کیجیے:

(وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبرِ وَالصَّلَاةِ) سورۃ البقرہ آیت نمبر 45

❹ تکبر سے اجتناب کیجیے:

(لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِي مَوَاطِنَ كَثِيرَةٍ) سورہ التوبہ آیت نمبر 25

❺ اپنے مسلمان بھائی کی ضرورت کو پورا کیجیے:

(وَاللّٰهُ فِي عَوْنِ الْعَبْدِ مَا كَانَ الْعَبْدُ فِي عَوْنِ أَخِيهِ) صحیح مسلم 7028

❻ جھگڑے ختم کیجیے:

(وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ) سورہ انفال آیت نمبر 46

❼ دین کی سربلندی کے لیے کوشش کیجیے:

(إِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُم وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُم) سورہ محمد آیت نمبر 7

میری اللہ ذوالجلال سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے، جن سے اللہ رب العزت ہم سے راضی ہو جائیں، اللہ کی نصرت اور مدد ہمیں میسر آ جائے۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(5) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (2)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُبْدِئِ الْمُعِيْدِ، فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ،وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ، وَهُوَ أَقْرَبُ إِلَيْهِمْ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ نَبِيَّنَا مُحَمَّدًا عَبْدُه وَرَسُوْلُهُ، بَشَّرَ وَأَنْذَرَ وَحَذَّرَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ، اَمَّا بَعْدُ :

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،

﴿ أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴾ (ھود:10)

اللہ کی زمین پر جتنا انسان خطا کار وسیاہ کار ہے میرا رب اس سے کہیں رحیم بھی ہے، کریم بھی ہے غفور بھی ہے، غفار بھی ہے۔ میرا رب فرماتا ہے! اِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ (صحیح بخاری 7422)

میرا رب فرماتا ہے! اِنَّ رَحْمَتِیْ غَلَبَتْ غَضَبِیْ '' (صحیح بخاری 3194)

میرا رب فرماتا ہے! وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ'' (سورۃ الاعراف 156)

میرا رب فرماتا ہے! لَأَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً''(جامع ترمذی 3540)

رحمت الٰہی کی ان وسعتوں کے باوجود وہ شخص کتنا محروم ہے جو پھر بھی اللہ کی رحمت سے محروم ہو جائے اللہ کی رحمت سے دور ہو جائے۔

آیئے دیکھئے وہ کون سے بے نصیب ہیں جن پر اللہ کی لعنت ہوا کرتی ہے یعنی اللہ کی رحمت سے دور اور محروم ہوا کرتے ہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ شرک کرنے والا:

سورہ ھود آیت نمبر 18 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أُولَئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَى رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى رَبِّهِمْ أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ))

اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پہ جھوٹ گھڑے؟

ایسے لوگ اپنے رب کے حضور پیش ہوں گے اور گواہ شہادت دیں گے کہ یہ ہی وہ لوگ جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ گڑھا تھا سنو ظالموں (مشرکوں) پر اللہ کی لعنت ہے۔

❷ کفر کرنے والا:

سورہ الاحزاب آیت نمبر 64 میں ارشادِ ربانی ہے:

((إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيرًا))

بے شک اللہ تعالیٰ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔

❸ غیر اللہ کے لئے ذبح کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5239 نمبر روایت :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَلَعَنَ اللَّهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللَّهِ))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جو غیر اللہ کے نام پر جانور ذبح کرے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی صحیح بخاری میں 1390 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ اليَهُوْدَ وَالنَّصَارَى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ))

اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائی کہ انہوں نے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔

(صحیح مسلم 1214)

❺ مرتد ہونے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 87،86 میں ارشادِ ربانی ہے:

((كَيْفَ يَهْدِى اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْا أَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَجَائَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ أُوْلٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ))

کیسے ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ہدایت بخشے جنہوں نے نعمت ایمان پالینے کے بعد پھر کفر اختیار کیا حالانکہ وہ خود اس بات پر گواہی دے چکے ہیں کہ یہ رسول حق پر ہے اور ان کے پاس روشن نشانیاں بھی آ چکی ہیں اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتا ان کے ظلم کا صحیح بدلہ یہی ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔

❻ حالت کفر میں فوت ہونے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 161 میں ارشادِ ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ أُوْلٰئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جن لوگوں نے کفر کیا اور کفر کی حالت میں جان دی ان پر اللہ فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔

⑦ نفاق رکھنے والا:۔

سورۃ التوبۃ آیت نمبر 68 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَعَدَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا هِيَ حَسْبُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُقِيمٌ))

ان منافق مردوں عورتوں اور کافروں کے لئے اللہ نے آتش دوزخ کا وعدہ کیا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے وہی ان کے لئے کافی ہے ان پر اللہ کی لعنت ہے اور ان کے لئے قائم رہنے والا عذاب ہے۔

⑧ صحابہ کرام کو گالی دینے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 913 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللَّهُ مَنْ سَبَّ أَصْحَابِيْ)) (صحيح الجامع 1151)

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جس نے میرے صحابہ کو گالی دی۔

⑨ اپنے والدین کو گالی دینے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 5280 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللَّهُ مَنْ سَبَّ وَالِدَيْهِ))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جس نے اپنے والدین کو گالی دی۔

(تعليق الذهبي في التلخيص صحيح ، مسند احمد858 شعيب الأرناؤط:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسنادہ قوی)

❿ اپنے باپ پر لعنت کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5239 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهُ))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جو اپنے باپ پر لعنت کرے۔

⓫ ظلم کرنے والا:

سورہ ھود آیت نمبر 18 میں ارشادِ ربانی ہے:

((أَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ))

خبردار اللہ تعالیٰ نے ظلم کرنے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔

⓬ کسی مومن کو عمداً قتل کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 93 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا عَظِيْمًا))

وہ شخص جو کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کرے تو اس کی جزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور اللہ نے اس کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔

⓭ جھوٹ بولنے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 61 میں ارشادِ ربانی ہے:

((فَمَنْ حَاجَّكَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَدْعُ أَبْنَائَنَا وَأَبْنَائَكُمْ وَنِسَائَنَا وَنِسَائَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعنَتَ اللّٰهِ عَلَى الكَاذِبِيْنَ))

یہ علم آ جانے کے بعد اب جو کوئی اس معاملہ میں تم سے جھگڑا کرے تو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس سے کہو کہ آؤ ہم اور تم خود بھی آ جائیں اور اپنے اپنے بال بچوں کو بھی لے آئیں اور اللہ سے دعا کریں کہ جو جھوٹا ہو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

⑭ لعان میں جھوٹ بولنے والا:

سورہ نور آیت نمبر 6 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ وَالخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِن كَانَ مِنَ الكَاذِبِيْنَ))

جو لوگ اپنی بیویوں پر الزام لگائیں اور ان کے پاس خود ان کے اپنے سوا دوسرا گواہ نہ ہو تو ان میں سے ایک شخص کی شہادت یہ ہے کہ وہ چار چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ اپنے (الزام میں) سچا ہے اور پانچویں بار کہے اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ (اپنے الزام میں) جھوٹا ہو۔

⑮ پاکدامن عورت پر تہمت لگانے والا:

سورہ نور آیت نمبر 23 میں ارشادِ ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ المُحْصَنَاتِ الغَافِلَاتِ المُؤْمِنَاتِ لُعِنُوْا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ))

جو لوگ بھولی بھالی، پاک دامن اور با ایمان عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں وہ دنیا و

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آخرت میں ملعون ہیں اور ان کے لیے بہت بھاری عذاب ہے۔

⑯ حق بات چھپانے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 59 میں ارشادِ ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ أُوْلٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ))

جو لوگ ہماری نازل کی ہوئی روشن تعلیمات اور ہدایات کو چھپاتے ہیں درآں حالانکہ ہم انہیں سب انسانوں کی رہنمائی کے لئے انہیں کتاب میں بیان کر چکے ہیں یقین جانو کہ اللہ بھی ان پر لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔

⑰ اندھے کو راستہ سے بھٹکانے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 8052 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ كَمَّهَ الْأَعْمٰى عَنِ السَّبِيْلِ))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جس نے کسی اندھے کو راستے سے بھٹکا دیا۔ (تعلیق الذهبی فی التلخیص صحیح ، السلسله الصحیحه 3462)

⑱ ناجائز قبضہ کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5239 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ غَيَّرَ مَنَارَ الْأَرْضِ))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جو زمین کے نشان یعنی حدیں بدلے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓳ بدعتی کی حمایت کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5239 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ آوَى مُحْدِثًا))

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جس نے کسی بدعتی کو پناہ دی۔

⓴ قطع تعلقی کرنے والا:

سورہ الرعد آیت نمبر 25 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهٖ أَنْ يُوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْأَرْضِ أُوْلٰئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْءُ الدَّارِ))

اور وہ لوگ جو اللہ کے عہد کو مضبوط باندھ لینے کے بعد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ لوگ جو ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جنہیں اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور وہ لوگ جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں سب لعنت کے مستحق ہیں اور ان کے لیے آخرت میں بہت برا ٹھکانا ہے۔

㉑ جانور سے بدکاری کرنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 8052 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ وَقَعَ عَلَى بَهِيْمَةٍ)) (السلسلہ الصحیحہ 3462)

اللہ تعالیٰ نے اس آدمی پر لعنت فرمائی ہے جس نے کسی جانور سے بدکاری کی۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

۴۲ جانور کا منہ داغنے والا:

سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5674 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ عَلَيْهِ حِمَارٌ قَدْ وُسِمَ فِي وَجْهِهِ فَقَالَ لَعَنَ اللَّهُ الَّذِي وَسَمَهُ))

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے سے ایک گدھا گزرا جس کے منہ پر داغ دیا گیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس آدمی پر اللہ نے لعنت فرمائی ہے جس نے اس کو داغا ہے۔

۴۳ دھوکہ کرنے والا:

سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 3460 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللَّهُ اليَهُودَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمِ الشُّحُومُ فَجَمَّلُوهَا))

اللہ تعالیٰ نے یہودیوں پر اس وجہ سے لعنت فرمائی کہ چربی ان پر حرام تھی دونوں نے اس کو پگھلا کر بیچنا شروع کر دیا۔ (صحیح مسلم 4134)

۴۴ چوری کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6783 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللَّهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ البَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ وَيَسْرِقُ الحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ))

چور پر اللہ کی لعنت ہے انڈا چراتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے رسی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چراتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ (صحیح مسلم 4503)

㉕ کفن چوری کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح الجامع میں 5102 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ الْمُخْتَفِيَ وَالْمُخْتَفِيَةَ)) (الأم دار المعرفه 145/6)

اللہ تعالیٰ نے کفن چور مرد پر اور کفن چور عورت پر لعنت فرمائی ہے۔

㉖ جسم پر بیل بوٹے لگانے والی:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5933 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ الوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ))

اللہ تعالیٰ نے بالوں میں جوڑا لگانے والی اور لگوانے والی نیز جسم پر بیل بوٹی بنانے اور بنوانے والی پر لعنت فرمائی ہے۔ (صحیح مسلم 5693)

㉗ مصنوعی بال لگانے والی:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح بخاری میں 5934 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَعَنَ اللّٰهُ الوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ)) (صحیح مسلم 5687)

اللہ تعالیٰ نے بالوں میں جوڑا لگانے والی اور لگوانے والی عورت پر لعنت فرمائی ہے۔

حاضرین مجلس!

رب سے دوری، اللہ کی رحمت سے محرومی سے بڑی محرومی اور کیا ہو سکتی ہے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مگر غفلت اور سستی میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو زندگی کو گزارتے ہیں
مگر رب کی رحمت کی بجائے اللہ کی لعنت کے مستحق ہو کر گزارتے ہیں
وہ کونسا بے نصیب ہے جس پہ رب کی جانب سے لعنت ہوتی ہے
اور جو رب کی رحمت سے دور ہے۔

کفر کرنے والا، شرک کرنے والا،

غیر اللہ کے لئے ذبح کرنے والا،

قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا، مرتد ہونے والا،

حالت کفر میں فوت ہونے والا،

نفاق رکھنے والا، صحابہ کرام کو گالی دینے والا،

اپنے والدین کو گالی دینے والا،

اپنے باپ پر لعنت کرنے والا، ظلم کرنے والا،

کسی مومن کو عمداً قتل کرنے والا،

جھوٹ بولنے والا، لعان میں جھوٹ بولنے والا،

پاکدامن خاتون پر تہمت لگانے والا، حق بات چھپانے والا،

اندھے کو راستہ سے بھٹکانے والا ناجائز قبضہ کرنے والا،

بدعتی کی حمایت کرنے والا، قطع تعلقی کرنے والا،

جانور سے بدکاری کرنے والا، جانور کا منہ داغنے والا،

دھوکہ کرنے والا، چوری کرنے والا،

کفن چوری کرنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جسم پر بیل بوٹی لگانے والی،
مصنوعی بال لگانے والی
اللہ کی رحمت سے دور ہے اور لعنت کی مستحق ہے۔
میرا رب اعلان فرماتا ہے
(فأين تذهبون) کہاں جا رہے ہو؟
ایسے کام کیوں کرتے ہو جو اللہ کی رحمت سے محروم کر دیں
تم ایسے کام کیوں نہیں کرتے کہ رب کی رحمت کے مستحق بن جاؤ،
رحمتِ خداوندی کا ارادہ رکھتے ہو؟

❶ تقویٰ اختیار کیجیے:
(وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُم تُرْحَمُوْن) سورہ الانعام آیت نمبر 155

❷ توبہ واستغفار کیجیے:
(لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْن) سورة النمل آیت نمبر 46

❸ درود شریف کا اہتمام کیجیے:
(صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا) صحیح مسلم میں 939

❹ اطاعتِ مصطفیٰ کو لازم بنا لیجیے:
(وَأَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُم تُرْحَمُوْن) سورة النور آیت نمبر 56

❺ کلامِ ربانی کی تلاوت کیجیے:
(فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوْا لَعَلَّكُم تُرْحَمُوْن) سورہ الاعراف آیت نمبر 204

❻ قرآن کی محفل کی زینت بن جایئے:
(وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَة) سنن ابی داؤد 1308

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑦ عصر کی سنتوں کا اہتمام کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً صَلّٰى قَبْلَ الْعَصْرِ أَرْبَعًا) سنن ابی داؤد 1154

⑧ دعوت وتبلیغ میں حصہ لیجیے:

(أُولٰئِکَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ) سورہ التوبہ آیت نمبر 71

⑨ خلقِ خدا پہ احسان کیجیے:

(إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ) سورہ الاعراف آیت نمبر 56

⑩ لوگوں کے لیے آسانیاں کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ سَمْحًاإِذَااشْتَرٰى) صحیح ابن حبان 4903

⑪ بیمار کی بیمار پرسی کیجیے:

(مَنْ عَادَ مَرِيْضًا خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ) صحیح الترغیب والترھیب 3479

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق ومالک مجھے اور آپ کو ایسی جرات سے محفوظ فرمائے کہ ہم ایسا کریں، جس سے اللہ کی رحمت سے دور ہو جائیں، بلکہ ان کاموں سے محفوظ فرمائے جو رحمت خداوندی سے دوری کا نتیجہ ہے اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو رب کی رحمت کا نتیجہ ہیں، خاتمہ بالایمان فرمائے جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(6) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت الٰہی سے محرومی کے اسباب (3)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاسِعِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ، وَكَاشِفِ السُّوْءِ وَالسَقَمِ، وَالصَّلاَةُ وَالسَّلاَمُ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ وَحَّدَ اللّٰهَ وَهَجَرَ كُلَّ صَنَمٍ، وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهِ الْمُسْتَعِيْنِيْنَ بِاللّٰهِ مِنْ كُلِّ أَلَمٍ،أَمَّا بَعْدُ:
فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،،
﴿ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيْمٍ ﴾ (آل عمران : 32)

زندگی میں کبھی، اولاد کی مسلسل نادانیوں پہ والد نے منہ موڑ لیا ہو، زندگی میں کبھی والدہ نے مکھ موڑ لیا ہو، کبھی استاد نے توجہ چھوڑ دی ہو۔ محرومی تو یہ بھی بہت بڑی ہے کہ والد ناراض ہو جائے، والدہ ناراض ہو جائے، استاد ناراض ہو جائے مگر یہ بے نصیبی کتنی بڑی ہے کہ کسی شخص سے ناراض ہو جائے، اس کا رب ناراض ہو جائے اور ناراض بھی اتنا ہو کہ اعلان فرما دیں کہ یہ شخص مجھے پسند نہیں آیئے دیکھیے وہ کون سے بے نصیب ہیں جنہیں اللہ رب العزت پسند نہیں فرماتے۔

❶ کفر کرنے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 32 میں ارشاد ربانی ہے:
((قُلْ أَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الكَافِرِيْنَ))
کہہ دیجئے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی غلامی میں آجاؤ پھر اگر وہ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

منہ موڑ لیں تو بیشک اللہ تعالیٰ کافروں کو پسند نہیں کرتے۔

❷ گناہ کرنے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 276 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ))

اللہ سبحانہ وتعالیٰ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کو بڑھاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر کفر کرنے والے گہنگار کو پسند نہیں کرتے۔

❸ ظلم کرنے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 57 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيْهِمْ أُجُوْرَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ))

اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک صالح عمل کئے اللہ تعالیٰ ان کو پورا پورا اجر دیں گے اور اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتے۔

❹ تکبر وغرور کرنے والا:

سورہ لقمان آیت نمبر 18 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ))

اور لوگوں کے سامنے اپنے گال نہ پھیلا اور نہ زمین میں اکڑ کر چل بے شک اللہ تعالیٰ خود پسند متکبر سے محبت نہیں کرتے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❺ شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنے والا:

سیدنا مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 3574 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَا سُفْيَانَ اِبْنَ سَهْلٍ لَا تُسْبِلْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُسْبِلِيْنَ))

اے سفیان بن سہل! شلوار ٹخنوں سے نیچے نہ لٹکایئے بے شک اللہ تعالیٰ شلوار کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والوں کو پسند نہیں فرماتے۔

(السلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 4004)

❻ فضول خرچی کرنے والا:

سورہ الاعراف آیت نمبر 31 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَابَنِي آدَمَ خُذُوا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوا وَلَا تُسْرِفُوْا إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ))

اے آدم علیہ السلام کی اولاد ہر نماز کے وقت اپنی زینت کو اختیار کرو اور کھاؤ پیو اور اسراف نہ کرو بے شک وہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

❼ حد سے تجاوز کرنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 87 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ))

اے ایمان والو تم پاکیزہ چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ نے تم پر حلال کی ہیں اور حد سے تجاوز نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❽ فساد کرنے والا:

سورہ القصص آیت نمبر 77 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَابْتَغِ فِيمَا اٰتٰكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَأَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ))

اور جو مال اللہ تعالیٰ نے تم کو عطا کیا ہے اس سے آخرت کی بھلائی طلب کرو اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلاؤ جیسے اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا ہے تم لوگوں پر احسان کرو اور زمین میں فساد برپا نہ کرو بے شک اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

❾ فحش گوئی کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی سنن ابی داود میں 4792 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَا عَائِشَةُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَاحِشَ الْمُتَفَحِّشَ))

اے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا! بے شک اللہ تعالیٰ بے حیا اور فحش گو کو پسند نہیں فرماتے۔ (صحیح الجامع 7922)

❿ فضول گفتگو کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی شعب الایمان میں 4980 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَ إِضَاعَةَ الْمَالِ))

بے شک اللہ تعالیٰ فضول گفتگو، سوال کی کثرت اور مال کے ضائع کرنے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کو پسند نہیں فرماتے۔ (اسناد صحیح علی شرط مسلم)

⓫ تکلف وتصنع سے باتیں کرنے والا:

سیدنا واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 170 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ هَذَا وَصَوْتُهُ يَلْوُوْنَ اَلْسِنَتَهُمْ لِلنَّاسِ لَيَّ الْبَقَرَةِ لِسَانَهَا بِالْمَرْعَىٰ كَذٰلِكَ يَلْوِي اللّٰهُ اَلْسِنَتَهُمْ وَوُجُوْهَهُمْ فِي النَّارِ))

بیشک اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند نہیں فرماتے جو لوگوں کے لئے اپنی زبان پھیرتا ہے تکلف وتصنع سے گفتگو کرتا ہے جس طرح گائے چارے کے لئے اپنی زبان پھیرتی ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ ان کی زبانوں کو اور چہروں کو جہنم کی آگ میں الٹ پلٹ فرمائیں گے۔ (السلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 3426)

⓬ خیانت کرنے والا:

سورہ الانفال آیت نمبر 58 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ سَوَاءٍ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِيْنَ))

اور اگر تمہیں کسی قوم کی خیانت کا ڈر ہو تو انکا عہد انکی طرف برابر پھینک دو بے شک اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں سے محبت نہیں کرتے۔

حاضرین مجلس!

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ ذوالجلال کا تقرب اور تعلق جتنی بڑی سعادت ہے رب سے تعلق سے محرومی بھی اتنی ہی بڑی محرومی ہوا کرتی ہے۔ دنیا کی لاکھ محرومیاں ایک جانب جس کے بارے میں خود خالق کائنات فرما دے یہ بندہ مجھے پسند نہیں اس کی محرومی کو لفظوں میں کیسے ڈھال دیا جائے وہ کون ہیں جو محبت الٰہی سے محروم ہیں؟

کفر کرنے والا، گناہ کرنے والا،

ظلم کرنے والا، تکبر وغرور کرنے والا،

شلوار ٹخنوں سے نیچے رکھنے والا، اسراف کرنے والا،

حد سے تجاوز کرنے والا، فساد کرنے والا،

فحش گوئی کرنے والا، فضول گفتگو کرنے والا،

غیبت کرنے والا، خیانت کرنے والا اللہ کی محبت سے محروم ہو جاتا ہے۔

بحیثیتِ مسلمان مجھے ان کاموں سے بچنا نہیں چاہیے؟

جو رب کی ناراضی کا ذریعہ بنتے ہیں

کیا مجھے وہ کام نہیں کرنے چاہییں

جن سے اللہ کی محبت کا سامان ہوتا ہے، اگر اللہ کی محبت چاہیے

❶ اپنے عقیدے کو درست کیجیے:

(وَإِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا أَعْطَاهُ الْإِيْمَان) المستدرک 95

❷ پکی اور سچی توبہ کیجیے:

(إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِين) سورۃ البقرہ222

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❸ پیغمبرِ کائنات کی اطاعت کیجیے:

(فَاتَّبِعُونِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ) سورہ آل عمران آیت نمبر31

❹ تقوی اختیار کیجیے:

(فَإِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ المتقین) سورہ آل عمران آیت نمبر76

❺ دکھ درد پہ صبر کیجیے:

(وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصَّابِرِیْن) سورہ آل عمران آیت نمبر146

❻ وقت پہ نماز کا اہتمام کیجیے:

(اَلصَّلَاۃُ عَلٰی وَقْتِھَا) صحیح البخاری 5625

❼ دوسروں سے حسنِ سلوک کیجیے:

(وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْن) سورہ آل عمران آیت نمبر134

❽ دوسروں کی غلطی سے درگذر کیجیے:

(أَلَا تُحِبُّونَ أَن یَغْفِرَ اللَّہُ لَکُم) سورہ النور آیت نمبر22

❾ عدل وانصاف کیجیے:

(إِنَّ اللَّہَ یُحِبُّ الْمُقْسِطِیْنَ) سورۃ الممتحنہ آیت نمبر08

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق ومالک مجھے اور آپکو وہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے جس سے اللہ ذوالجلال راضی ہو جائیں اور ان کاموں سے محفوظ فرمائے کہ جن کے کرنے سے میرا رب ناراض ہوجائے۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(7) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رضائے الٰہی سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْوَهَّابِ، الْغَفُوْرِ، التَّوَّابِ، خَلَقَ الْخَلْقَ مِنْ تُرَابٍ، وَجَعَلَ لَهُمْ أَجَلاً لاَ رَيْبَ فِيْهِ يَعُوْدُوْنَ إِلٰى رَبِّ الْأَرْبَابِ ،أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، مَالِكٌ بِيَوْمِ الْحِسَابِ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ وَالْكِتَابَ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَالْأَصْحَابِ، وَسَلَّمَ تَسْلِيْماً كَثِيْراً إِلٰى يَوْمِ الْمَآبِ. أَمَّا بَعْدُ: فَأَعُوْذُ بِا للّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،

﴿ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ ﴾ (التوبہ:96)

محرومی اور بدنصیبی اس وقت انسان کو گھیر لیا کرتی ہے جب وہ اپنوں کی شفقت اور دعا سے محروم ہو جایا کرتا ہے۔

محروم تو وہ بھی ہے جس نے اپنے والد کو ناراض کیا

محروم تو وہ بھی ہے جس نے اپنی والدہ کو ناراض کیا

محروم تو وہ بھی ہے جس نے اپنے استاد کو ناراض کیا

اس کی محرومی کو لفظوں میں کیسے ڈھالا جاسکتا ہے جو ناراض کر بیٹھے اللہ ذوالجلال کو ناراض کر بیٹھے جو محروم ہو جائے ،اللہ ذوالجلال کی رضا سے محروم ہو جائے۔

آیئے دیکھئے وہ کونسا بے نصیب ہے جو اپنی غفلت کے سبب رضائے الٰہی سے محروم ہو جاتا ہے؟

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ بے عمل داعی (خود عمل نہ کرنے والا):

سورہ الصّف 2,3 نمبر آیت میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ أَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ))

اے ایمان والو تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں؟ اللہ کے ہاں بڑی ناراضی (والی بات) ہے کہ تم وہ بات کہو جو تم کرتے نہیں۔

❷ دعوت حق پر غصہ کرنے والا:

سورہ غافر آیت نمبر 10 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ أَكْبَرُ مِنْ مَقْتِكُمْ أَنْفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ))

جن لوگوں نے کفر کیا ان سے پکار کر کہا جائے گا اللہ کی ناراضی و بیزاری وہ (آج) تمہاری اپنے آپ پر ناراضی و بیزاری سے بڑھ کر تھی جب (دنیا میں) تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا تو تم انکار کر دیتے تھے۔

❸ والد کو ناراض کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 1899 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ))

اللہ کی رضا باپ کے راضی ہونے میں ہے اور اللہ کی ناراضی باپ کے ناراض ہونے میں ہیں۔ (سلسلہ الصحیحہ 516 ج 2 ص 15)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ رب کی تقسیم پر راضی نہ ہونے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 4031 روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((عِظَمُ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلَاءِ وَإِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلَاهُمْ فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السُّخْطُ))

جتنی بڑی مصیبت ہوتی ہے اتنا ہی بڑا ثواب ہوتا ہے، اور بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی قوم سے محبت کرتا ہے تو اسے آزماتا ہے، پھر جو کوئی اس سے راضی وخوش رہے تو وہ اس سے راضی رہتا ہے اور جو کوئی اس سے خفا ہو تو وہ بھی اس سے خفا ہو جاتا ہے۔ (صحیح الجامع 2110)

❺ بے صبری کے بول بولنے والا:

سیدہ اسماء بنت یزید کی سنن ابن ماجہ میں 1589 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُوْلُ مَا يُسْخِطُ الرَّبَّ))

آنکھ روتی ہے، دل غمگین ہوتا ہے، اور ہم کوئی ایسی بات نہیں کہتے جس سے اللہ تعالیٰ ناخوش ہو۔ (الصحیحہ 32 17)

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 1303 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ الْعَيْنَ تَدْمَعُ وَالْقَلْبَ يَحْزَنُ وَلَا نَقُوْلُ إِلَّا مَا يَرْضَى رَبُّنَا وَإِنَّا بِفِرَاقِكَ يَا إِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ))

آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور دل غم سے نڈھال ہے پر زبان سے ہم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہی کہیں گے جو ہمارے پروردگار کو پسند ہے اور اے ابراہیم! ہم تمہاری جدائی سے غمگین ہیں۔

❻ دل میں نفاق رکھنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 7628 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَا رَبِّ آمَنْتُ بِكَ وَبِكِتَابِكَ وَبِرُسُلِكَ وَصَلَّيْتُ وَصُمْتُ وَتَصَدَّقْتُ. وَيُثْنِيْ بِخَيْرٍ مَا اسْتَطَاعَ فَيَقُوْلُ هَا هُنَا إِذًا قَالَ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ الْآنَ نَبْعَثُ شَاهِدَنَا عَلَيْكَ. وَيَتَفَكَّرُ فِيْ نَفْسِهِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْهَدُ عَلَيَّ فَيُخْتَمُ عَلَى فِيْهِ وَيُقَالُ لِفَخِذِهِ وَلَحْمِهِ وَعِظَامِهِ انْطِقِي فَتَنطِقُ فَخِذُهُ وَلَحْمُهُ وَعِظَامُهُ بِعَمَلِهِ وَذٰلِكَ لِيُعْذِرَ مِنْ نَفْسِهِ. وَذٰلِكَ الْمُنَافِقُ وَذٰلِكَ الَّذِيْ يَسْخَطُ اللّٰهُ عَلَيْهِ))

اے میرے رب! میں تجھ پر تیری کتابوں پر اور تیرے رسولوں پر ایمان لایا تھا اور نمازیں پڑھی تھیں روزے رکھے تھے اور صدقہ دیا کرتا تھا جتنا اس کے بس میں ہوگا (اپنی نیکی کی) تعریف کرے گا پھر کہا جائے گا اب ہم تیرے خلاف گواہ لائیں گے چنانچہ وہ دل میں سوچے گا میرے خلاف کون گواہی دے گا پھر اس کے منہ پر مہر لگا دی جائے گی اور اس کی ران، گوشت، اور ہڈیوں سے کہا جائے گا۔ بولو تو اس کی ران، اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں اس کے عمل کے متعلق بتائیں گی یہ اس لئے کہا جائے گا کہ وہ (اللہ) اس کی ذات سے اور اس کے عذر دور کر دے اور وہ منافق ہوگا اور وہی شخص ہوگا جس پر اللہ تعالیٰ سخت ناراض ہوگا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑦ رب کی نافرمانی میں چلنے والا:

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 8286 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ يَعْنِي مِنْ بَيْتِهِ إِلَّا بِيَدِهِ رَايَتَانِ رَايَةٌ بِيَدِ مَلَكٍ وَرَايَةٌ بِيَدِ شَيْطَانٍ فَإِنْ خَرَجَ لِمَا يُحِبُّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اتَّبَعَهُ الْمَلَكُ بِرَايَتِهِ فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الْمَلَكِ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ وَإِنْ خَرَجَ لِمَا يُسْخِطُ اللّٰهَ اتَّبَعَهُ الشَّيْطَانُ بِرَايَتِهِ فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الشَّيْطَانِ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ))

نہیں ہے کوئی نکلنے والا جو اپنے گھر سے نکلتا ہے مگر اس کے دروازے پر دو جھنڈے ہوتے ہیں ایک جھنڈا فرشتے کے ہاتھ میں ہوتا ہے اور ایک شیطان کے ہاتھ میں، اگر وہ شخص اللہ کے پسندیدہ کام کے لیے نکلتا ہے تو فرشتہ اپنا جھنڈا لے کر اس کے پیچھے چل پڑتا ہے اور وہ شخص فرشتے کے جھنڈے کے نیچے رہتا ہے یہاں تک کہ گھر واپس آجاتا ہے اور اگر ایسے کام کے لیے نکلتا ہے جو اللہ کو ناراض کرتا ہے تو اس کے پیچھے شیطان اپنا جھنڈا لے کر چل پڑتا ہے اور وہ شخص شیطان کے جھنڈے کے نیچے ہی رہتا ہے یہاں تک کہ وہ گھر واپس لوٹ آتا ہے۔ (شعيب الأرناؤط: اسناده حسن)

⑧ گناہ پہ گناہ کرنے والا :

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ضیاء المقدسی میں 351 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَوْصَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ بِسَبْعِ خِصَالٍ وَلَا تَرْكَبُوْا الْمَعْصِيَةَ، فَإِنَّهَا سَخَطُ اللّٰهِ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سات باتوں کی وصیت فرمائی (جن میں سے ایک یہ ہے) رب کی نافرمانی نہ کیجیے گناہ پہ گناہ کرنا رب کو ناراض کر دیتا ہے۔ (قال المقدسی اسنادہ صحیح)

❾ ناحق ظلم کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 7374 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يُوْشِكُ إِنْ طَالَتْ بِكَ مُدَّةٌ أَنْ تَرَى قَوْمًا فِيْ أَيْدِيْهِمْ مِثْلُ أَذْنَابِ الْبَقَرِ يَغْدُوْنَ فِيْ غَضَبِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ))

قریب ہے کہ اگر تمہیں لمبی مدت مل گئی تو تم ایسے لوگوں کو دیکھو گے جن کے ہاتھ میں گائے کی دموں جیسے (کوڑے) ہوں گے اور وہ اللہ کے غضب میں صبح کریں گے اور اللہ کی سخت ناراضی میں شام بسر کریں گے۔

❿ پشت پناہی میں حرام خوری کرنے والا:

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 7616 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ شُرَطَةٌ يَغْدُوْنَ فِيْ غَضَبِ اللّٰهِ وَيَرُوْحُوْنَ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ فَإِيَّاكَ أَنْ تَكُوْنَ مِنْ بِطَانَتِهِمْ))

عنقریب قرب قیامت ایسے ملازم ہوں گے جو اللہ کے غضب میں صبح کریں گے اور اللہ کی سخت ناراضگی میں شام بسر کریں گے تو ان کے ساتھی بننے سے بچ جانا۔ (صحیح الجامع 6636)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓫ رب کی بجائے دوسروں کو راضی کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح ابن حبان میں 276 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهَ بِسَخَطِ النَّاسِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَرْضَى النَّاسَ عَنْهُ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا النَّاسَ بِسَخَطِ اللّٰهِ سَخَطَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَسْخَطَ عَلَيْهِ النَّاسَ))

جوکوئی بھی اللہ کی رضا تلاش کرے خواہ وہ ہم لوگوں کے لئے کتنا ہی ناگوار کیوں نہ ہوتو اس شخص سے اللہ راضی ہو جاتا ہے اور لوگوں کو بھی اس شخص سے راضی کردے گا اور جو کوئی لوگوں کی دلجوئی اور خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کرے تب اللہ اس شخص سے ناراض ہو جاتا ہے اور لوگوں کو بھی اس شخص سے ناراض کر دے گا۔ (شعيب الأرناؤط: اسناده حسن)

⓬ زبان کی حفاظت نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6478 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَإِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِي لَهَا بَالًا يَهْوِي بِهَا فِي جَهَنَّمَ))

اور بندہ ایسا کلمہ زبان سے نکالتا ہے جو اللہ کی ناراضی کا باعث ہوتا ہے اسے وہ کوئی اہمیت نہیں دیتا لیکن اس کی وجہ سے وہ جہنم میں چلا جاتا ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑬ جھوٹ پہ لڑائی کرنے والا:

سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 3597 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنْ خَاصَمَ فِيْ بَاطِلٍ وَهُوَ يَعْلَمُهُ لَمْ يَزَلْ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْزِعَ عَنْهُ))

ور جو جانتے ہوئے کسی باطل امر کے لیے جھگڑے تو وہ برابر اللہ کی ناراضی میں رہے گا یہاں تک کہ اس جھگڑے سے دستبردار ہوجائے۔

(الصحیحہ 437)

⑭ بغیر جانے لڑائی پہ مدد کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 5544 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنْ أَعَانَ عَلَى خُصُوْمَةٍ بِغَيْرِ حَقٍّ فَهُوَ مُسْتَظِلٌّ فِيْ سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَتْرُكَ))

اور جو بغیر حق کے کسی جھگڑے پر مدد کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضی میں رہے گا یہاں تک کہ اس کو چھوڑ دے۔ (شعیب الارناوط: اسنادہ حسن)

⑮ دنگا فساد کرنے والا:

سورہ توبہ آیت نمبر 96 میں ارشادِ ربانی ہے:

((فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ))

بے شک اللہ تعالیٰ فاسق قوم سے راضی نہیں ہوتا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓰ تصویریں بنانے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مسند ابو یعلیٰ میں 4438 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّهَا اِشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيهَا تَصَاوِيرُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ فَقُلْتُ أَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ مِمَّا أَذْنَبْتُ قَالَ مَا هٰذِهِ النُّمْرُقَةُ قُلْتُ لِتَجْلِسَ عَلَيْهَا وَتَوَسَّدَهَا قَالَ إِنَّ أَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُقَالُ لَهُمْ أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ الصُّوْرَةُ))

انہوں نے ایک گدا خریدا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (اسے دیکھ کر) دروازے پر کھڑے ہو گئے اور اندر تشریف نہیں لائے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے جو غلطی کی ہے اس سے میں اللہ سے معافی مانگتی ہوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ گدا کس لئے ہے؟ میں نے عرض کیا کہ آپ کے بیٹھنے اور اس پر ٹیک لگانے کے لیے ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تصویر بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ جو تم نے پیدا کیا ہے اسے زندہ بھی کر کے دکھاؤ اور فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر (مورت) ہو۔ (صحیح بخاری 2105)

حاضرین مجلس!

کتنی بڑی محرومی ہے کہ کائنات کا مالک اور خالق کسی سے ناراض ہو جائے۔ جتنی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بڑی سعادت ہے کہ کسی پہ آسمان کا رب راضی ہو جائے اتنی بڑی یہ محرومی ہے کہ کوئی شخص رب کی رضا سے محروم ہو جائے۔ شریعت اسلامیہ کی رہنمائی ہے۔

کہ بے عمل داعی) خود عمل نہ کرنے والا، دعوت حق پہ غصہ کرنے والا،

والد کو ناراض کرنے والا، رب کی تقسیم بھی راضی نہ ہونے والا،

بے صبری کے بول بولنے والا، دل میں نفاق رکھنے والا،

رب کی نافرمانی میں چلنے والا، گناہ پہ گناہ کرنے والا،

ناحق ظلم کرنے والا، پشت پناہی میں حرام خوری کرنے والا،

رب کی بجائے لوگوں کو راضی کرنے والا، زبان کی حفاظت نہ کرنے والا،

جھوٹ پہ لڑائی کرنے والا، بغیر جانے لڑائی پہ مدد کرنے والا،

تصویریں بنانے والا، رضائے الٰہی سے محروم ہے۔

اگر ہم اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ آسمان والا رب راضی ہو جائے

تو آگے بڑھیے، رب کی رضا چاہیے؟

❶ والدین کی خدمت کیجیے:

(رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِد) سنن ترمذی 1899

❷ اللہ کی تقسیم پہ راضی ہو جایئے:

(فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَا) سنن ابن ماجه 4031

❸ زبان کی حفاظت کیجیے:

(وَلَا نَقُوْلُ مَا يُسْخِطُ الرَّب) سنن ابن ماجه 1589

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ اپنے دل کو صاف کیجیے:

(وَذٰلِکَ الَّذِیْ یَسْخَطُ اللّٰہُ عَلَیْہِ) صحیح مسلم 7628

❺ گناہ سے اجتناب کیجیے:

(وَلَا تَرْکَبُوْا الْمَعْصِیَۃَ ؛ فَإِنَّھَا سَخَطُ اللّٰہِ) ضیاء المقدسی 351

❻ لوگوں کی بجائے رب کو راضی کیجیے:

(رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَاَرْضَی النَّاسَ عَنْہُ) صحیح ابن حبان 276

❼ جھگڑے ختم کیجیے:

(فَإِنَّ اللّٰہَ لَا یَرْضٰی عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِیْن) سورہ توبہ آیت نمبر 96

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپکو اپنی رضا سے محرومی کی بجائے اپنی رحمتوں کا مستحق بننے کی توفیق عطا فرمائے خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(8) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت مصطفٰی سے محرومی کے اسباب (۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى اِحْسَانِهٖ وَالشُّكْرُ لَهٗ عَلٰى تَوْفِيْقِهٖ وَامْتِنَانِهٖ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ تَعْظِيْمًا لِشَانِهٖ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الدَّاعِىْ اِلٰى رِضْوَانِهٖ، أَمَّا بَعْدُ :

فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ ، فَإِنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلْاِنْسَانِ،

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :﴿ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴾ (المائدہ : 118)

وہ ہستی جو میرے اور آپ کے لیے راتوں کو اٹھ اٹھ کر مغفرت اور بخشش کی دعا کرتی ہو وہ ہستی جو اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ تلاوت کر کے کس قدر نڈھال ہو جاتی ہو وہ ہستی جسے فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰى آثَارِهِمْ اللہ کی جانب سے پیغام ملتا ہو

وہ ہستی جس نے اپنی دعا تک کو اپنی امت کی بخشش کے لیے مؤخر کر رکھا ہو ان لفظوں کو دیکھ کر کہنا چاہتا ہوں (وَدِدْتُّ لَقِيْتُ اِخْوَانِىْ) (السلسلہ الصحیحہ 2888)

وہ ہستی میرے اور آپ کے لیے کتنا احساس رکھتی ہو گی ،کتنا درد رکھتی ہو گی ، کتنی محبت رکھتی ہو گی ،کتنی چاہت اور پیار رکھتی ہو گی،مگر اس محبت کے باوجود وہ کتنا بے نصیب اور محروم ہے جو ایسا کام کرے کہ محبت مصطفٰی کی بجائے پیغمبرِ زماں کی ناراضی سے اپنے دامن کو بھرتا ہوا آیئے دیکھیئے وہ کون سے لوگ ہیں جو محبت کی بجائے اللہ کے نبی ﷺ کی ناراضی کو خرید لیتے ہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ باجماعت نماز نہ ادا کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 7224 نمبر روایت:

((وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِحَطَبٍ یُحْتَطَبُ ثُمَّ آمُرَ رَجُلاً فَیَؤُمَّ النَّاسَ، ثُمَّ أُخَالِفَ اِلٰی رِجَالٍ فَأُحَرِّقُ عَلَیْهِمْ بُیُوْتَهُمْ)) (صحیح مسلم 1514)

اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، میرا ارادہ ہوا کہ میں لکڑیوں کے جمع کرنے کا حکم دوں، پھر کسی کو کہوں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور میں اس کی بجائے ان لوگوں کے پاس جاؤں (جو جماعت میں شریک نہیں ہوتے) اور انہیں ان کے گھروں سمیت جلا دوں۔

❷ توجہ سے نماز ادا نہ کرنے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 750 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا بَالُ أَقْوَامٍ یَرْفَعُوْنَ أَبْصَارَهُمْ إِلَی السَّمَاءِ فِیْ صَلَاتِهِمْ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِیْ ذٰلِکَ حَتّٰی قَالَ لَیَنْتَهُنَّ عَنْ ذٰلِکَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ))

ان لوگوں کا کیا حال ہے جو نماز کے اندر اپنی نگاہیں آسمان کی طرف بلند کرتے ہیں۔

آپ نے اس سے نہایت سختی سے روکا۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ نے فرمایا! ''ان لوگوں کو اپنے اس فعل سے باز آجانا چاہیے، ورنہ ان کی بینائی اچک لی جائے گی۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❸ کتاب اللہ میں اختلاف کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 2666 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((هَجَّرْتُ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قَالَ فَسَمِعَ أَصْوَاتَ رَجُلَيْنِ اخْتَلَفَا فِيْ آيَةٍ فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعْرَفُ فِي وَجْهِهِ الغَضَبُ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ فِي الكِتَابِ))

''ایک دن صبح سویرے میں رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا آپ نے دو شخصوں کی آواز سنی جو ایک آیت میں جھگڑ رہے تھے۔ آپ باہر نکلے اور آپ ﷺ کے چہرے پر غصے کے آثار تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا! تم سے پہلے لوگ تباہ ہوئے اس لیے کہ وہ کتاب اللہ میں جھگڑتے تھے۔

❹ فیصلہ نبوت کو نہ ماننے والا:

سیدنا عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 2359 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ أَرْسِلِ المَاءَ إِلَى جَارِكَ فَغَضِبَ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اسْقِ يَا زُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ المَاءَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى الجَدْرِ))

ایک انصاری اور سیدنا زبیر رضی اللہ عنہ کے مابین باغ کی سیرابی کے متعلق جھگڑا دربارِ نبوت میں پہنچتا ہے تو آپ فرماتے ہیں زبیر پہلے تم اپنا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باغ سیراب کرلو پھر اپنے پڑوسی کے لیے پانی چھوڑ دینا، اس پر انصاری نے کہا: یا رسول اللہ! اس لیے کہ یہ آپ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں، یہ الفاظ سن کر آپ کے چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا، آپ کے چہرے سے غصہ ظاہر ہو رہا تھا پھر آپ نے فرمایا زبیر! اپنے باغ کو خوب سیراب کر اور پانی کو اس وقت تک روکے رکھو حتیٰ کہ منڈیر تک پہنچ جائے۔

(صحیح مسلم 6258)

❺ عدل مصطفیٰ پہ زبان درازی کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 1062 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَسَارَرْتُهُ فَغَضِبَ مِنْ ذَلِكَ غَضَبًا شَدِيْدًا وَاحْمَرَّ وَجْهُهُ حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنِّي لَمْ أَذْكُرْهُ لَهُ))

میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو میں نے چپکے سے ساری گفتگو آپ کو بتائی تو آپ یہ سن کر بہت شدید غصے میں آ گئے اور آپ کا چہرہ سرخ ہو گیا اور مجھے اس بات پر اس قدر رنج ہوا حتیٰ کہ میں نے تمنا کی کے کاش میں آپ کو اس کی خبر نہ دیتا۔

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 3150 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ يَعْدِلِ اللَّهُ وَرَسُوْلُهُ رَحِمَ اللَّهُ مُوْسَى قَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هَذَا فَصَبَرَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اگر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم عدل و انصاف نہیں کرتے تو پھر کون ہے جو عدل کرے گا! اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے ان کو اس سے بھی زیادہ تکلیف دی گئی جس پر انہوں نے صبر کا ہی مظاہرہ کیا تھا۔

❻ اختلاف کو ہوا دینے والا:

مسند احمد میں مرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کی 6702 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِذا ذَكَرُوْا آيَةً مِنَ القُرْآنِ فَتَمَارَوْا فِيْهَا حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمْ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا قَدْ احْمَرَّ وَجْهُهُ يَرْمِيْهِمْ بِالتُّرَابِ وَيَقُوْلُ مَهْلًا يَا قَوْمِ بِهٰذَا أُهْلِكَتْ الْأُمَمُ مِنْ قَبْلِكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَائِهِمْ))

چند لوگوں نے قرآن کریم کی آیت کا تذکرہ کیا اور ایک دوسرے سے جھگڑ پڑے۔ اس اختلاف سے اتنا شور وغل ہوا آوازیں وہاں پر ہی بہت بلند ہوگئیں تو رسول ﷺ یہ آوازیں سن کر غصے کے عالم میں باہر نکلے اور آپ کے غصے کا یہ عالم تھا کہ آپ کا چہرہ سرخ ہو چکا تھا اور ان لوگوں کی طرف مٹی پھینکتے ہوئے آپ فرمانے لگے اے قوم! مبالغہ آمیزی سے مت کام لو، کیونکہ تم سے پہلی امتیں بھی اسی وجہ سے ہلاکت و تباہی کے دہانے پر پہنچیں کیونکہ انہوں نے اپنے انبیاء کرام کے معاملات میں بھی اختلاف کیا۔ (شعیب الارناؤط: اسنادہ صحیح)

❼ انبیاء کرام کے مابین درجہ بندی کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 2373 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ قَالَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى الْبَشَرِ وَأَنْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا. قَالَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى عُرِفَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ لاَ تُفَضِّلُوْا بَيْنَ أَنْبِيَاءِ اللَّهِ))

نبی کریم ﷺ نے جب (انصاری صحابی سے پوچھا) آپ نے اس آدمی کو تھپڑ کیوں مارا ہے؟ تو وہ انصاری عرض کرنے لگا: اے اللہ کے رسول ﷺ! اس نے کہا تھا اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانیت پر فوقیت و برتری عطاء فرمائی ہے جب کے آپ ہمارے درمیان موجود ہیں۔ یہ الفاظ سن کر نبی کریم ﷺ کو بڑا شدید غصہ آیا حتیٰ کہ غصہ کے آثار چہرہ نبوت پر نمودار ہوئے پھر فرمایا اللہ کے انبیاء کے درمیان ایک دوسرے پر فوقیت اور بلندی دینے کا تمہیں قطعاً کوئی حق نہیں۔

❽ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی عظمت کو نہ پہچاننے والا:

سیدنا ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 3661 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللَّهَ بَعَثَنِي إِلَيْكُمْ فَقُلْتُمْ كَذَبْتَ وَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ صَدَقَ وَوَاسَانِي بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَهَلْ أَنْتُمْ تَارِكُوْا لِي صَاحِبِي مَرَّتَيْنِ فَمَا أُوْذِيَ بَعْدَهَا))

اللہ تعالیٰ نے مجھے تمہاری طرف بھیجا تو تم لوگوں نے کہا: جھوٹا ہے اور

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا سچ کہتے ہیں اور انہوں نے اپنے مال وجان سے میری خدمت کی ہے پس کیا تم میرے لیے میرے دوست کو چھوڑ دو گے یا نہیں'' دومرتبہ (یہی فرمایا) اس کے بعد سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کسی نے نہیں ستایا۔

❾ مسجد کی عظمت کو نہ پہچاننے والا:

سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 405 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَشَقَّ ذَلِکَ عَلَیْهِ حَتّٰی رُئِیَ فِیْ وَجْهِهٖ. وَفِیْ رِوَایَةٍ. فَغَضِبَ حَتّٰی اِحْمَرَّ وَجْهُهٗ. فَقَامَ فَحَکَّهٗ بِیَدِهٖ))

نبی کریم ﷺ نے بلغم دیکھا جو کسی نے قبلہ رخ پھینکا ہوا تھا، وہ آپ پر بڑا گراں گزرا حتیٰ کہ اس کے آثار آپ کے چہرہ نبوت سے بھی دکھائی دے رہے تھے۔

ایک روایت کے الفاظ ہیں: اسے دیکھ کر آپ کو اتنا غصہ آیا کہ آپ کا چہرہ سرخ ہو چکا تھا۔ آپ کھڑے ہوئے اور اپنے ہاتھ سے کھرچ دیا۔

❿ معذور اور بوڑھوں کا خیال نہ کرنے والا:

سیدنا ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 466 نمبر روایت:

((جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ إِنِّیْ لَأَتَأَخَّرُ عَنْ صَلاَةِ الصُّبْحِ مِنْ أَجْلِ فُلاَنٍ مِمَّا يُطِيْلُ بِنَا، فَمَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم غَضِبَ فِي مَوْعِظَةٍ قَطُّ أَشَدَّ مِمَّا غَضِبَ يَوْمَئِذٍ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ مِنْكُم مُنَفِّرِيْنَ فَأَيُّكُمْ أَمَّ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

النَّاسَ فَلْيُوْجِزْ فَإِنَّ مِنْ وَرَائِهِ الكَبِيْرَ وَالضَّعِيْفَ وَذَا الحَاجَةِ))

نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور عرض کرنے لگا اے اللہ کے رسول ﷺ! فلاں آدمی جو ہمیں لمبی نماز پڑھاتا ہے میں اس کی وجہ سے فجر کی نماز میں جماعت سے پیچھے رہ جاتا ہوں۔ اس دن رسول اللہ ﷺ جس قدر غصے میں تھے میں نے اس سے بڑھ کر کسی وعظ میں آپ کو غصے کی حالت میں نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا اے لوگو! تم میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو لوگوں کے دلوں میں نفرت ڈالنے والے ہیں جو بھی تم میں سے لوگوں کی امامت کروائے اس کو چاہیے کہ وہ نماز ہلکی پڑھائے کیونکہ اس کے پیچھے بوڑھے، بچے اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

⓫ کسی کا ناحق قتل کرنے والا :

سیدنا انس بن مالک کی صحیح بخاری میں 6899 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَقَتَلُوْا رَاعِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَطْرَدُوْا النَّعَمَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلَ فِي آثَارِهِمْ فَأُدْرِكُوْا فَجِيءَ بِهِمْ فَأَمَرَ بِهِمْ فَقُطِّعَتْ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ ثُمَّ نَبَذَهُمْ فِي الشَّمْسِ حَتّٰى مَاتُوْا))

(قبیلہ عُقل یا قبیلہ عرینہ کے آٹھ لوگ پیغمبر کائنات کی بیعت کرتے ہیں، پھر بیمار ہوتے ہیں پھر آپ ﷺ چرواہے کے ساتھ ایک مقام پہ بھجواتے ہیں جب وہ صحت یاب ہو جاتے ہیں) ان ظالموں نے رسول

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر ڈالا اور اونٹوں کو ہانک کر لے گئے۔ رسول اللہ ﷺ تک یہ بات پہنچی تو آپ نے ان کا تعاقب کرنے کے لیے صحابہ کرام کو بھیجا تو صحابہ کرام نے بڑی تگ ودو کے ساتھ ان کو پکڑ لیا، ان کو پکڑ کر لایا گیا پھر آپ نے حکم جاری فرمایا کہ ان کے ہاتھ اور پاؤں کو کاٹ دیا جائے اور ان کی آنکھوں میں سلائیاں گرم کر کے پھیری جائیں پھر صحابہ کرام نے ان کو اسی کیفیت میں شدید گرمی میں پھینک دیا وہ اسی گرمی میں ہی پڑے رہے حتیٰ کہ وہ وہاں مر گئے۔

⓬ ناجائز سفارش کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 1668 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

فَكَلَّمَهُ فِيهَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ أَتَشْفَعُ فِيْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ .وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا))

مخزومیہ قبیلے کی چوری کرنے والی عورت کے بارے میں) جب اسامہ رضی اللہ عنہ رسول اکرم ﷺ سے بات کی آپ ﷺ کا چہرہ غصے کی شدت کی وجہ سے متغیر ہو گیا آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم اللہ کی حدود میں سے ایک حد کے بارے میں سفارش کر رہے ہو۔

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان اگر محمد کی لخت جگر فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں محمد اس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓭ کسی کی نیت پہ ناجائز شک کرنے والا:

سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 6872 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَا أُسَامَةُ أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللَّهِ إِنَّمَا كَانَ مُتَعَوِّذًا قَالَ أَقَتَلْتَهُ بَعْدَ مَا قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ قَالَ فَمَا زَالَ يُكَرِّرُهَا عَلَيَّ حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنِّي لَمْ أَكُنْ أَسْلَمْتُ قَبْلَ ذَلِكَ الْيَوْمِ))

اے اسامہ تم نے اس کو لا الہ الا اللہ پڑھنے کے بعد قتل کر ڈالا؟ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! اس نے تو صرف جان بچانے کے لیے اقرار کیا تھا، نبی کریم ﷺ اس جملے کو بار بار دہراتے رہے حتیٰ کہ میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہونے لگی کہ کاش میں اس سے پہلے مسلمان نہ ہوا ہوتا۔ (صحیح مسلم 288)

اور ایک روایت میں ہے

((أَفَلَا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهِ .فَكَيْفَ تَصْنَعُ بِلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ إِذَا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)) (صحیح مسلم 97)

کیا تو نے اس کے دل کو چیر کر دیکھ لیا تھا کہ مجھے معلوم ہوتا کہ اس نے دل سے کلمہ کہا ہے یا نہیں، تم کیا جواب دو گے کا جب وہ روز قیامت آئے گا لا الہ الا اللہ کے ساتھ آئے گا۔

⓮ فرمانِ نبوی کے سامنے عذر پیش کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 20 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَمَرَهُمْ أَمَرَهُمْ مِن الْأَعْمَالِ بِمَا يُطِيْقُوْنَ قَالُوْا إِنَّا لَسْنَا كَهَيْئَتِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ فَيَغْضَبُ حَتّٰى يُعْرَفَ الْغَضَبُ فِيْ وَجْهِهِ ثُمَّ يَقُوْلُ إِنَّ أَتْقَاكُمْ وَأَعْلَمَكُمْ بِاللّٰهِ أَنَا))

رسول اللہ ﷺ جب لوگوں کو کسی کام کا حکم دیتے تو وہ ایسا ہی کام ہوتا جس کے کرنے کی لوگوں میں طاقت ہوتی تو اس پر صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم تو آپ جیسے نہیں ہیں آپ کے اگلے پچھلے اللہ تعالیٰ نے معاف فرما دیے ہیں اس لیے ہمیں اپنے سے زیادہ عبادت کا حکم دیں یہ سن کر رسول اللہ غصے میں آ گئے حتیٰ کے خفگی اور غصے کے آثار آپ کے چہرہ مبارک سے ظاہر ہو رہے تھے تو اس وقت آپ نے فرمایا! میں تم سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں۔

⑮ لایعنی سوال کرنے والا:

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 7291 نمبر روایت:

((سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا فَلَمَّا أَكْثَرُوْا عَلَيْهِ الْمَسْأَلَةَ غَضِبَ.....فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا بِوَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِن الْغَضَبِ قَالَ إِنَّا نَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ))

رسول اللہ ﷺ سے ایسی چیزوں کے متعلق پوچھا گیا جن کو آپ نا پسند کرتے تھے جب صحابہ کرام نے بہت زیادہ سوال کرنا شروع کر دیے تو

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آپ ﷺ کو غصہ آ گیا جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے چہرہ نبوت پر غصے کو محسوس کیا تو فوراً کہا ہم اللہ رب العزت کی بارگاہ میں آپ کو غصہ دلا نے سے توبہ کرتے ہیں۔ (صحیح مسلم 6274) وَفِیْ رِوَایَة

((فَبَرَکَ عُمَرُ عَلَی رُکْبَتَیْهِ فَقَالَ رَضِیْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالإِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَسُوْلًا قَالَ فَسَکَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ قَالَ عُمَرُ ذٰلِکَ))

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گئے اور فرماتے ہیں ہم اللہ کے رب ہونے پر راضی ہیں اسلام کے دین ہونے پر راضی ہیں اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہیں جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے یہ الفاظ کہے تو رسول اللہ ﷺ اس وقت خاموش ہو گئے (صحیح بخاری 7294)

⑯ تصاویر بنانے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی صحیح بخاری میں 6109 نمبر روایت:

((دَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِیْ الْبَیْتِ قِرَامٌ فِیْهِ صُوَرٌ فَتَلَوَّنَ وَجْهُهُ ثُمَّ تَنَاوَلَ السِّتْرَ فَهَتَکَهُ وَقَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَذَابًا یَوْمَ القِیَامَةِ الَّذِیْنَ یُصَوِّرُوْنَ هٰذِهِ الصُّوَرَ))

نبی کریم ﷺ میرے پاس تشریف لائے، وہاں گھر کے اندر ایک پردہ لٹکا ہوا تھا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں ان تصویروں کو دیکھ کر آپ کے چہرے کا رنگ بدل گیا پھر آپ نے وہ پردا پکڑا اور اس کو پھاڑ ڈالا ام المومنین فرماتی ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا! ''قیامت کے دن ان

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لوگوں پر سب سے سخت عذاب ہوگا جو یہ تصاویر بناتے ہیں۔

⑭ بے صبری کا مظاہرہ کرنے والا:

سیدنا خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 3852 نمبر روایت:

((أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً وَهُوَ فِي ظِلِّ الكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِينَا مِن المُشْرِكِينَ شِدَّةً فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا تَدْعُو اللَّهَ فَقَعَدَ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهُ فَقَالَ لَقَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ لَيُمْشَطُ بِمِشَاطِ الحَدِيدِ مَا دُوْنَ عِظَامِهِ مِنْ لَحمٍ أَوْ عَصَبٍ مَا يَصْرِفُهُ ذَلِكَ عَنْ دِينِهِ))

فرماتے ہیں میں نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور آپ اس وقت بیت اللہ کے سائے میں میں بیٹھے ہوئے تھے اور ہمیں اس وقت مشرکین کی طرف سے بڑے بڑے مظالم کا سامنا تھا تو میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول ﷺ آپ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے دعا کیوں نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے، آپ بیٹھے ہوئے تھے۔

اور آپ کا چہرہ غصے سے سرخ تھا پھر آپ نے فرمایا تم سے پہلے (نبی اور ان پر ایمان لانے والے) ان کا حال یہ ہوتا تھا کہ ان کے گوشت اور ہڈیوں کے درمیان لوہے کے کنگے دھنسا دیے جاتے اور ان پر ظلم وستم کی چکیاں پیسی جاتی تھیں، لیکن کوئی بھی چیز ان کو اس دین سے نہیں پھیر سکتی تھی۔

حاضرین مجلس!

پیغمبر زماں کی ناراضی اور غصے سے بڑی محرومی بندہ مومن کے لیے اور کیا ہوسکتی ہے۔

با جماعت نماز نہ ادا کرنے کی کتنی بڑی محرومی ہے توجہ سے نماز نہ ادا کرنا، کتاب

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللہ میں اختلاف کرنا، فیصلہ نبوت کو قبول نہ کرنا، اختلافات کو ہوا دینا، کسی کی نیت پہ بے جا شک کرنا، ناجائز سفارش کرنا، لایعنی سوال کرنا، فضول تصاویر بنانا، اور تکالیف پہ صبر نہ کرنا، اتنی بڑی محرومی ہے کہ یہ شخص آپ ﷺ کی محبت کی بجائے اپنے ہی دامن میں پیغمبر کائنات کی ناراضی کو سمیٹ لیتا ہے۔

والدین تو والدین ہوا کرتے ہیں، اولاد کے معاملے میں ناراض بھی ہوں، تڑپ جایا کرتے ہیں مگر پیغمبر کائنات جو درد میرے اور آپ کے لیے رکھتے تھے اسے لفظوں میں ڈھالنا ناممکن ہے۔ پیغمبرِ زماں کی محبت سے محرومی کی بجائے اگر ان کی دعا لینا چاہو تو آگے بڑھیے شریعت کا پیغام ہے۔

❶ اپنے جسم کی حفاظت کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ الْمُتَسَرْوِلَات)اللآئی مصنوعہ261/2

❷ اپنی زبان کی حفاظت کیجیے :

(رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً أَصْلَحَ مِنْ لِسَانِه) شرح کتاب الشبهات 104

❸ زبان سے خیر کی بات کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً تَكَلَّمَ فَغَنِمَ أَوْ سَكَتَ فَسَلِم) مسندالشهاب 581

❹ نمازِ عصر پہ سنتوں کا اہتمام کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً صَلّٰى قَبْلَ الْعَصْرِ أَرْبَعًا) سنن ابی داؤد 1271

❺ نمازِ تہجد کا اہتمام کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلاً قَامَ مِنَ اللَّيلِ فَصَلّٰى) سنن ابی داؤد1308

❻ فرامینِ نبویہ کو یاد کیجیے:

(نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَحَفِظَهُ) سنن ابی داؤد3660

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❼ فرامینِ نبویہ کو عام کیجیے:

(نَضَّرَ اللّٰهُ اِمْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ) صحيح ابن حبان 66

❽ علم کے مطابق عمل کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا تَعَلَّمَ فَرِيْضَةً أَوْ فَرِيْضَتَيْنِ وَعَمِلَ بِهِم) تسديد القوس 385/2

❾ لوگوں کے لیے آسانیاں کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا سَمْحًا إِذَا بَاعَ وَإِذَا اشْتَرَى وَإِذَا اقْتَضَى)

صحيح بخاری 2076

❿ ظلم سے اجتناب کیجیے:

(رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا كَانَتْ لِأَخِيْهِ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ) صحيح ابن حبان 7362

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان کاموں سے محفوظ فرمائے جو آپ ﷺ کی ناراضی کا سبب ہیں۔

اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو آپ کی محبت اور دعاؤں کا ذریعہ ہیں، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(9) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت مصطفیٰ سے محرومی کے اسباب (2)

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی ٱلْفَوَاضِلِ الْجَلِيْلَةِ وَالْعَوَائِدِ ، الَّذِیْ خَفَّفَ عَنْ عِبَادِهِ الْمعضلات الشَدَائِدِ، بِمَاقَيَّضَهُ مِنْ أَرْزَاقٍ مُتَنَوِّعَةٍ وَبَرَكَاتٍ مُتَتَابِعَةٍ وَفَوَائِدَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ، الصَّمَدُ الْأَحَدُ الْوَاحِدُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ أكمل مثن على الله وحامد، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهِ الْمُحْسِنِيْنَ فِی الْأَعْمَالِ وَالْمَقَاصِدِ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، ﴿إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾ (المائدہ:118)

اللہ کی زمین پہ، اللہ کی جانب سے، خاتم النبیین کا تاج پہن کر سب سے آخر میں تشریف لانے والے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنی امت کا اس قدر درد رکھنے والے، رَبِّ اُمَّتِیْ اُمَّتِیْ کی صدا رکھنے والے پتھر کھا لینے کے بعد زخموں سے چور ہو جانے کے بعد بھی ((اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْن)) کی دعا کرنے والے، اپنی امت کی شفاعت کے لیے اپنی دعا کو بھی ذخیرہ بنانے والے میرے اور آپ کے لئے کتنا درد رکھتے ہوں گے کتنی تڑپ رکھتے ہوں گے۔ اس درد اور تڑپ کے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

باوجود کچھ ایسے بھی بے نصیب ہیں جو نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی بجائے اللہ کے نبی کی زبان سے لعنت کے مستحق ٹھہرتے ہیں۔

آیئے دیکھئے وہ کون سے بے نصیب ہیں جو زبان نبوت سے ملعون ٹھہرتے ہیں؟

❶ قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 320 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ وَالْمُتَّخِذِيْنَ عَلَيْهَا الْمَسَاجِدَ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کثرت سے قبرستان جانے والیوں پہ اور قبر کو سجدہ گاہ بنانے والوں پہ لعنت فرمائی ہے۔ (مسند احمد 2030 شعیب الارنوط حسن لغیرہ)

❷ دنیا کے پیچھے بھاگنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 4112 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اَلدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ مَلْعُوْنٌ مَافِيْهَا إِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ أَوْ عَالِماً أَوْ مُتَعَلِّماً))

دنیا لعنت کی گئی ہے جو کچھ اس میں ہے وہ بھی ملعون ہے سوائے اللہ کے ذکر کے اور سوائے اس کے جسے اللہ دوست رکھے اور سوائے عالم کے اور دین سیکھنے والے کے۔ (صحیح الجامع 3414)

❸ صدقے کو روکنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 617 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((لُعِنَ مَانِعُ الصَّدَقَةِ))

صدقے کو روکنے والے پر لعنت کی گئی ہے۔ (قال الشیخ البانی صحیح)

❹ رشوت لینے اور دینے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جامع ترمذی میں 1336 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الرَّاشِيَ وَالمُرْتَشِيَ))

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رشوت لینے اور دینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 2211 سنن ابی داود 3580)

❺ سود کھانے اور کھلانے والا:

سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 4177 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم آكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهُ وَكَاتِبَهُ وَشَاهِدَيْهِ وَقَالَ هُمْ سَوَاءٌ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سود کھانے اور کھلانے والے پر، لکھنے والے پر، اور اس کی گواہی دینے والے پر لعنت کی ہے اور فرمایا ان سب کا گناہ ایک جیسا ہی ہے۔

❻ شراب پینے پلانے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 3381 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمْرِ عَشَرَةً عَاصِرَهَا وَمُعْتَصِرَهَا وَالمَعْصُوْرَةَ لَهُ وَحَامِلَهَا وَالمَحْمُوْلَةَ لَهُ وَبَائِعَهَا وَالمَبِيْعَةَ لَهُ وَسَاقِيَهَا وَالمُسْتَقَاةَ لَهُ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شراب کے معاملے میں دس آدمیوں پر لعنت فرمائی ہے۔ کشید کرنے والے پر، کشید کروانے والے پر، جس کے لئے کشید کی جائے، اٹھانے والے پر، جس کے لیے اٹھائی جائے، بیچنے والے پر، جس کے لیے بیچی جائے، پلانے والے پر، اور جس کو پلائی جائے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 2357)

۷ حلالہ کرنے اور کروانے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 1935 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّ لَهُ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی ہے حلالہ نکالنے والے اور نکلوانے والے پر۔ (سنن الدارمی 2258 قال حسین سلیم أسد اسنادہ صحیح)

۸ گودنے اور گدوانے والی عورتیں:

سیدنا ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5962 نمبر روایت:

((اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ وَثَمَنِ الْكَلْبِ وَكَسْبِ الْبَغِيِّ وَلَعَنَ آكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهُ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ وَالْمُصَوِّرَ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خون نکالنے کی اجرت لینے، کتے کی قیمت وصول کرنے، بدکار عورت کی آمدنی لینے سے منع فرمایا ہے نیز سود کھانے اور کھلانے والے، (جسم) گودنے والی اور گودوانے والی عورت پر اور تصویر بنانے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❾ راستے پر رکاوٹ ڈالنے والا:

سیدنا حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 3050 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ آذَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ طُرُقِهِمْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ لَعْنَتُهُمْ))

جو شخص مسلمانوں کو ان کے راستوں میں تکلیف دے (یعنی راستوں میں کانٹے) گندگی یا کوئی اور تکلیف دہ چیز ڈال دے اس پر لعنت واجب ہوگئی۔ (صحیح الجامع 5923)

❿ دوسروں کو تنگ کرنے والا:

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 247 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِتَّقُوْا الْمَلَاعِنَ الثَّلَاثَ: اَلْبَرَازَ فِيْ الْمَوَارِدِ وَقَارِعَةِ الطَّرِيْقِ وَالظِّلِّ))

تین لعنت والے کاموں سے بچو قیام گاہوں پر، گزرگاہوں پر اور سائے والی جگہوں پر قضائے حاجت کرنے سے۔ (صحیح الجامع 112)

⓫ حیوان کا مثلہ کرنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5515 نمبر روایت:

((لَعَنَ النَّبِيُّ مَنْ مَثَّلَ بِالْحَيَوَانِ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حیوان کا مثلہ کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑫ زندہ جانور کو باندھ کر نیزا مارنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5174 نمبر روایت:

((اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا))

بے شک نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی جانور کو نشانے بازی کے لئے نشانہ بنانے والے شخص پر لعنت فرمائی ہے۔

⑬ عورتوں کی مشابہت کرنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5885 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان مردوں پر لعنت کی جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور ایسی عورتوں پر لعنت کی جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں۔

⑭ عورتوں جیسا لباس پہننے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 4098 نمبر روایت:

((لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْأَةِ وَالْمَرْأَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی پر لعنت کی ہے جو عورتوں کا لباس پہنتا ہے اور اس عورت پر لعنت کی ہے جو مردوں کا لباس پہنتی ہے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 2069)

⑮ نوحہ و ماتم کرنے والی:

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 1585 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْخَامِشَةَ وَجْهَهَا وَالشَّاقَّةَ جَيْبَهَا وَالدَّاعِيَةَ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُورِ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چہرہ نوچنے والی، گریبان پھاڑنے والی، اور (چیختے چلاتے ہوئے) تباہی و ہلاکت کے بول بولنے والی پر لعنت کی ہے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 3536)

⓰ باریک لباس پہننے والی:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الاوسط میں 9331 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ أُمَّتِيْ نِسَاءٌ كَاسِيَاتٍ عَارِيَاتٍ عَلَى رُؤُسِهِنَّ كَأَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْعَنُوْهُنَّ فَإِنَّهُنَّ مَلْعُوْنَاتٌ))

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عنقریب میری امت میں ایسی عورتیں ہوں گی جو لباس پہنتی ہوں گی مگر پھر بھی ننگی ہوں گی ان کے سر بختی اونٹ کی جھکی ہوئی کوہان کی طرح ہونگے ان پر لعنت بھیجو یہ لعنت کی گئی ہیں۔(السلسلہ الصحیحہ 2683)

حاضرین مجلس!

وہ ہستی جو اس کائنات میں اللہ کے بعد سب سے اونچی شان والی ہے سب سے اونچے مقام والی ہے کسی شخص کے بارے میں بول دے کہ یہ شخص دھتکارا ہوا ہے یہ شخص ملعون ہے اس پہ لعنت ہے اس شخص سے بڑا محروم اور رسوا کون ہوسکتا ہے میرے اور آپکے نام شریعت اسلامیہ کا پیغام ہے کہ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبر کو سجدہ گاہ بنانے والا، دنیا کے پیچھے بھاگنے والا،

صدقے کو روکنے والا، رشوت لینے اور دینے والا،

سود کھانے اور کھلانے والا، شراب پینے اور پلانے والا،

حلالہ کرنے اور کروانے والا، تصویر بنانے والا،

راستے میں رکاوٹ ڈالنے والا، دوسروں کو تنگ کرنے والا،

حیوان کا مثلہ کرنے والا، زندہ جانور کو باندھ کر نیزا مارنے والا،

عورتوں کی مشابہت کرنے والا، عورتوں جیسا لباس پہننے والا،

نوحہ و ماتم کرنے والی، باریک لباس پہننے والی، بزبان نبوت ملعون ہے۔

امتِ محمدیہ کا اعزاز کتنا بڑا اعزاز ہے، کاش کہ میں اور آپ اس اعزاز کو سمجھنے والے بن جائیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیار اور درد کو سمجھنے والے بن جائیں۔

کائنات کے سرتاج فرماتے ہیں (وَدِدْت أَنِی لَقِیْت اِخْوَانِیْ) میرا دل کرتا ہے کہ میں اپنے بھائیوں سے ملوں، صحابہ کرام فرماتے ہیں ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپ تو میرے ساتھی ہیں، میرے بھائی وہ ہیں جنہوں نے مجھے دیکھا نہیں ہوگا مگر مجھ پہ ایمان لائیں گے۔ (السلسلہ الصحیحہ 2888)

یہ اعزاز آج میرا اور آپ کا مقدر بن سکتا ہے، اگر میں اور آپ دین پہ صبر و استقامت کا مظاہرہ کرنے والے بن جائیں۔

فرمانِ نبوی ہے:

((إِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ زَمَانُ صبرٍ لِلْمُتَمَسِّكِ فِيْهِ أَجْرُ خَمْسِيْنَ شَهِيْدًا مِنْكُمْ))

”بیشک میرے بعد صبر کا زمانہ آئے گا جس میں صبر و استقامت کا مظاہرہ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرنے والے کے لیے تم میں سے پچاس شہداء کے برابر اجر ہوگا۔'' (صحیح الجامع: 2234)

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپکو اس عظمت کو پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے جو امت محمدیہ کا فرد ہونے کے سبب ہمیں میسر ہے۔

ایسے کاموں سے محفوظ فرمائے جو نبوت کی زبان سے لعنت کا موجب ہیں۔ جب تک رکھے ایمان کے ساتھ رکھے، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کے ساتھ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفاقت نصیب فرمائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(10) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محبت مصطفیٰ سے محرومی کے اسباب (3)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّبِّ الْغَفُوْرِ، الرَّؤُوْفِ الشَّكُوْرِ، طُوْبٰى لَنَا لِتَحْصِيْلِ الْمَكَاسِبِ وَالْأُجُوْرِ، نَرْجُوْا تِجَارَةً لَنْ تَبُوْرَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ الَّذِىْ بِيَدِهٖ تَصَارِيْفُ الْأُمُوْرِ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ أَفْضَلُ آمِرٍوَأَجَلُّ مَأْمُوْرٍ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ إِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ وَالنُّشُوْرِ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ﴾ (آل عمران:97)

اللہ ذوالجلال کی جانب سے عطا کردہ نعمتوں میں سے والدین بلاشبہ بہت بڑی نعمت ہوا کرتے ہیں اس نعمت کا چھن جانا بھی محرومی ہے مگر والدین کے ہوتے ہوئے ان کی دعا سے محرومی والدین کی محبت اور تعلق سے محرومی کتنی بڑی محرومی ہے مگر اس محرومی کو الفاظ کی مالا میں کیسے پرودیا جائے کہ لاکھوں والدین سے زیادہ تڑپ رکھنے والی درد رکھنے والی احساس رکھنے والی شخصیت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیار سے یہ شخص محروم ہوجائے یا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمادیں کہ میرا اس

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شخص سے کوئی تعلق نہیں۔

آیئے دیکھیے وہ کون سے بے نصیب ہیں جن سے خود پیغمبر کائنات اظہار بیزاری فرماتے ہیں؟

❶ خوبصورتی سے تلاوت نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 7527 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْآنِ))

قرآن کو ترنم سے نہ پڑھنے والا ہم میں سے نہیں۔

❷ سنت نبوی سے اعراض کرنے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 5063 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ))

پس جس نے میری سنت سے بے رغبتی کی وہ مجھ سے نہیں ہے۔

(صحیح مسلم 3469)

❸ غیروں کی مشابہت کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سنن ترمذی میں 2695 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارَى فَإِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْإِشَارَةُ بِالْأَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارَى الْإِشَارَةُ بِالْأَكُفِّ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وہ شخص ہم میں سے نہیں جو ہمارے غیروں سے مشابہت اختیار کرے، نہ یہود کی مشابہت کرو اور نہ نصاریٰ کی، یہودیوں کا سلام انگلیوں کا اشارہ ہے اور نصاریٰ کا سلام ہتھیلیوں کا اشارہ ہے۔ (صحیح الجامع 5434)

❹ بدشگونی لینے والا:

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی مسند البزار میں 3578 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَطَيَّرَ أَوْ تُطِيِّرَ لَهُ)) (صحيح الجامع 5435)

جس نے بدشگونی کی یا جس کے لیے بدشگونی کی گئی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

❺ علم نجوم کا دعوی کرنے والا:

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی مسند البز ار میں 3578 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَوْ تَكَهَّنَ أَوْ تُكُهِّنَ لَهُ)) (صحيح الجامع 5435)

کہانت کرنے والا یا جس کے لیے کی گئی ہم میں سے نہیں ہے۔

❻ جادو کرنے یا کروانے والا:

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی مسند البز ار میں 3578 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَوْ سَحَرَ أَوْ سُحِرَ لَهُ)) (صحيح الجامع 5435)

جادو کرنے والا یا کروانے والا ہم میں سے نہیں ہے۔

❼ ڈاکہ ڈالنے والا:

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 3937 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا)) (صحيح الجامع 7486)

جس نے زبردستی مال چھینا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

❽ جھوٹ بول کر قبضہ کرنے والا:

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 226 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنِ ادَّعَى مَا لَيْسَ لَهُ فَلَيْسَ مِنَّا وَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ))

جس نے دعوی کیا ایسی چیز کا جو اس کی نہیں وہ ہم میں سے نہیں اور اس نے اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنایا۔

❾ مسلمان پر اسلحہ اٹھانے والا:

سیدنا سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 292 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ سَلَّ عَلَيْنَا السَّيْفَ فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے ہم پر تلوار سانتی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (صحیح الجامع 6299)

❿ بیوی کو شوہر کے خلاف اکسانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داود میں 2175 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ خَبَّبَ امْرَأَةً عَلَى زَوْجِهَا))

بیوی کو اس کے شوہر کے متعلق اکسانے والا بدظن کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ (صحیح الجامع 5437)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓫ غلام کو مالک کے خلاف اکسانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بن حبان میں 5560 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ خَبَّبَ عَبْداً عَلَى أَهْلِهِ فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے غلام کو مالک پر بھڑکایا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (صحیح الترغیب و الترہیب 2014)

⓬ خادم کو مخدوم کے خلاف اکسانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مسند احمد میں 9146 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ خَبَّبَ خَادِمًا عَلَى أَهْلِهَا فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے خدمت کرنے والے کو اس کے مالکوں کے خلاف بھڑکایا وہ ہم میں سے نہیں۔ (سلسلة الصحيحه 324)

⓭ چھوٹے پر شفقت اور بڑے کا احترام نہ کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داود میں 4943 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَيَعْرِفْ حَقَّ كَبِيْرِنَا فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہیں کی اور ہمارے بڑوں کی عزت نہیں کی وہ شخص ہم میں سے نہیں۔ (صحیح الجامع 6540)

⓮ نوحہ و ماتم کرنے والا:

سیدنا عبداللہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 1297 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُيُوْبَ وَدَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ))

جس نے رخساروں کو پیٹا گریبان چاک کیا اور جاہلیت کے بول بولے وہ ہم میں سے نہیں۔ (صحیح مسلم 296)

⑮ مونچھیں نہ ترچھوانے والا:

سیدنا زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی جامع ترمذی میں 2761 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے اپنی مونچھوں کو نہ تراشا وہ ہم میں سے نہیں۔

(صحیح الجامع 6533)

⑯ دوسری جنس کی مشابہت کرنے والا:

سیدنا عبداللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہ کی مسند احمد میں 6875 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ وَلَا مَنْ تَشَبَّهَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ))

مردوں کی مشابہت کرنے والی عورت اور عورتوں کی مشابہت کرنے والا مرد یہ دونوں ہم میں سے نہیں ہے۔ (صحیح الجامع 5433)

⑰ غیر اللہ کی قسم اٹھانے والا:

سیدنا بریدہ رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داود میں 3253 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ حَلَفَ بِالْأَمَانَةِ فَلَيْسَ مِنَّا))

جس نے امانت کی قسم اٹھائی وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (صحیح الجامع 6203)

حاضرین مجلس!

اس سے بڑی محرومی اور کیا ہوسکتی ہے کہ میرے اور آپ کے لئے کس قدر درد رکھنے والے، کس قدر تڑپ رکھنے والے، کس قدر محبت رکھنے والے، خود محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات کا اظہار فرمائیں گے میرا اس شخص سے کوئی تعلق نہیں وہ کون ہیں جن سے اس انداز سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اظہار بیزاری رکھتے ہیں۔

خوبصورتی سے تلاوت نہ کرنے والا، سنت نبوی سے اعراض کرنے والا، غیروں کی مشابہت کرنے والا، بدشگونی لینے والا، علم نجوم کا دعوی کرنے والا، جادو کرنے والا یا کروانے والا، ڈاکہ ڈالنے والا، جھوٹ بول کر قبضہ کرنے والا، مسلمان پر اسلحہ اٹھانے والا، بیوی کو شوہر کے خلاف اکسانے والا، غلام کو مالک کے خلاف اکسانے والا، خادم کو مخدوم کے خلاف اکسانے والا، چھوٹے پر شفقت اور بڑے کا احترام نہ کرنے والا، نوحہ و ماتم کرنے والا، مونچھیں نہ ترچھوانے والا، دوسری جنس کی مشابہت کرنے والا، غیر اللہ کی قسم اٹھانے والا محبتِ مصطفیٰ سے محروم ہے۔

ایک جانب تو یہ محرومی ہے کہ پیغمبرِ کائنات فرمائیں میرا اس سے کوئی تعلق نہیں، ایک جانب یہ سعادت بھی ہے، یہ تعلق بھی ہے کہ روزِ قیامت سرتاجِ رسل فرمائیں، یہ میرا امتی ہے، میں سفارش کرتا ہوں اسے چھوڑ دیا جائے، اگر شفاعتِ مصطفیٰ کا ارادہ ہے تو شریعت کا پیغام سنیے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ شرک سے اجتناب کیجیے:

(مَنْ مَاتَ مِنْ أُمَّتِي لاَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا) صحيح مسلم 338

❷ توحید کا اقرار کیجیے:

(لَاَخْرُجَنَّ مِنْهَا مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه) صحيح بخاری 7072

❸ درود شریف کا اہتمام کیجیے:

(أَدْرَكَتْهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ) صحيح الجامع 6357

❹ اذان کے بعد دعا کا اہتمام کیجیے:

(حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ) صحيح بخاری 589

❺ مدینہ طیبہ میں رہنے کا اہتمام کیجیے:

(فَإِنِّي أَشْفَعُ لِمَنْ يَمُوْتُ بِهَا) سنن ترمذی 3917

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق مالک مجھے اور آپ کو ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو بیزاری کی بجائے محبت مصطفیٰ کا ذریعہ بن جائیں شفاعتِ مصطفیٰ کا ذریعہ بن جائیں۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(11) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نظرِ رحمت سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْبَطْشِ الشَّدِیْدُ، اَلْمُبْدِیءُ وَالْمُعِیْدُ، فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ، اَلْمُنْتَقِمُ لِمَنْ عَصَاهُ بِالنَّارِ بَعْدَ الْاِنْذَارِ وَالْوَعِیْدُ، اَلْمُکَرِّمُ لِمَنْ خَافَهُ وَاتَّقَاهُ بِدَارٍ لَهُمْ فِیْهَا مِنْ کُلِّ خَیْرٍ مَزِیْدُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ،وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ سَیِّدُ الْعَبِیْدُ، صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ سَارَ عَلٰی قَوْلِهِ السَّدِیْدُ. أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم،

﴿ قُوْا أَنْفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَارًا وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ﴾

(التحریم:6)

جرم جتنا بڑا ہو سزا بھی اتنی بڑی ہوا کرتی ہے ہاتھ سے مارنا بھی سزا ہے کسی اور چیز سے مارنا بھی سزا ہے جرمانہ کر دینا بھی ایک سزا ہے مگر یہ سزا کتنی بڑی ہے نہ ہاتھ سے مارا جائے نہ کسی اور چیز سے مارا جائے بلکہ نظروں سے ہی گرا دیا جائے باپ کی نظروں سے گرنا استاد کی نظروں سے گرنا عزیز رشتہ داروں کی نظروں سے گرنا بھی محرومی ہے مگر یہ کتنی بڑی محرومی ہے کہ ایک شخص گر جائے اللہ کی نظروں سے گر جائے۔

آیئے دیکھیے وہ کونسے بے نصیب ہیں جو اس انداز سے اللہ کی نظروں سے گرتے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں کہ رب ان کی جانب نظر رحمت نہیں فرماتے ؟

❶ تکبر کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5584 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى مَنْ يَجُرُّ إِزَارَهُ بَطَرًا))

جو شخص تکبر سے اپنی تہہ بند کو کھینچتا ہے روزِ قیامت اللہ اس پر نظر رحمت نہیں فرمائیں گے۔

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 5576 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ الَّذِي يَجُرُّ ثِيَابَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))

جو شخص اپنے کپڑوں کو تکبر سے کھینچتا ہے روزِ قیامت اللہ اس پر نظر رحمت نہیں فرمائیں گے۔

❷ شلوار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 12414 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَا يَنْظُرُ اِلٰى مُسْبِلٍ إِزَارَهُ))

بے شک اللہ عزوجل شلوار کو ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والے کی جانب نظر رحمت نہیں فرماتے۔ (صحیح الجامع 1863)

❸ ناحق مال ہڑپ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 2369 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ رَجُلٌ حَلَفَ عَلَى سِلْعَةٍ لَقَدْ أُعْطِيَ بِهَا أَكْثَرَ مِمَّا أُعْطِيَ وَهُوَ كَاذِبٌ وَرَجُلٌ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ كَاذِبَةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ رَجُلٍ مُسْلِمٍ))

تین طرح کے آدمی ایسے ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات بھی نہیں کریں گے اور نہ ان کی طرف نظر رحمت سے دیکھیں گے۔ وہ شخص جو کسی سامان کے متعلق قسم کھائے کہ اسے اس کی قیمت اس سے زیادہ دی جا رہی تھی جتنی اب دی جا رہی ہے حالانکہ وہ جھوٹا ہے۔ وہ شخص جس نے جھوٹی قسم عصر کے بعد اس لیے کھائی کہ اس کے ذریعہ ایک مسلمان کے مال کو ہضم کر جائے۔

❹ والدین کی نافرمانی کرنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح ابن حبان میں 7340 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى))

تین آدمی ایسے ہیں جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ دیکھے گا ہی نہیں۔ اپنے والدین کا نافرمان، شراب کا عادی، دے کر احسان جتلانے والا۔ (السلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 1397)

❺ بدکاری کرنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 1165 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لاَ يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلٍ أَتٰى رَجُلاً أَوْ اِمْرَأَةً فِي الدُّبُرِ))

اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف (رحمت کی نظر سے) نہیں دیکھے گا جو کسی مرد سے یا عورت کے پاس قضائے حاجت کی جگہ سے آتا ہے۔ (صحیح الجامع 7801)

❻ شراب پینے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح ابن حبان میں 7340 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاَثَةٌ لاَ يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى))

تین آدمی ایسے ہیں جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ دیکھے گا ہی نہیں۔ اپنے والدین کا نافرمان، مستقل شراب پینے والا، دے کر احسان جتلانے والا۔ (السلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 1397)

❼ فقیر و فاقہ کش تکبر کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 296 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاَثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ))

تین (قسم کے لوگ) ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات نہیں

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کریں گے نہ ان کو پاک فرمائیں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بوڑھا زانی، جھوٹا حکمران، اور تکبر کرنے والا، عیال دار محتاج۔

❽ بوڑھا زنا کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 309 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ شَيْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ))

تین (قسم کے لوگ) ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات نہیں کریں گے نہ ان کو پاک فرمائیں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بوڑھا زانی، جھوٹا حکمران، اور تکبر کرنے والا، عیال دار محتاج۔

❾ بادشاہ جھوٹ بولنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند ابی یعلیٰ میں 6197 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ إِمَامٌ كَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ وَالشَّيْخُ الزَّانِي))

(قال حسين سليم أسد اسناده صحيح)

تین (قسم کے لوگ) ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات نہیں کریں گے نہ ان کو پاک فرمائیں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بوڑھا زانی، جھوٹا حکمران، اور تکبر کرنے والا، عیال دار محتاج۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑩ جھوٹ بول کر فروخت کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 2369 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ رَجُلٌ حَلَفَ عَلَى سِلْعَةٍ لَقَدْ أَعْطَى بِهَا أَكْثَرَ مِمَّا أَعْطَى وَهُوَ كَاذِبٌ))

تین طرح کے آدمی ایسے ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات بھی نہیں کریں گے اور نہ ان کی طرف نظر رحمت سے دیکھیں گے۔ وہ شخص جو کسی سامان کے متعلق قسم کھائے کہ اسے اس کی قیمت اس سے زیادہ دی جا رہی تھی جتنی اب دی جا رہی ہے حالانکہ وہ جھوٹا ہے۔

⑪ دنیا کے لئے بیعت کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 2358 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ..... وَرَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا لَا يُبَايِعُهُ إِلَّا لِدُنْيَا فَإِنْ أَعْطَاهُ مِنْهَا رَضِيَ وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ مِنْهَا سَخِطَ))

تین طرح کے لوگ وہ ہوں گے جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نظر بھی نہیں اٹھائے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا بلکہ ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا..... وہ شخص جو کسی حاکم سے بیعت صرف مال کے لئے کرے کہ اگر وہ حاکم اسے کچھ دے تو وہ راضی رہے ورنہ خفا ہو جائے۔ (صحیح مسلم 310)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓬ ضرورت سے زائد پانی سے روکنے والا:

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 2369 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ الْيَوْمَ أَمْنَعُكَ فَضْلِي كَمَا مَنَعْتَ فَضْلَ مَا لَمْ تَعْمَلْ يَدَاكَ))

تین طرح کے آدمی ایسے ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بات بھی نہیں کرے گا اور نہ ان کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے گا..... وہ شخص جو اپنی ضرورت سے بچے پانی سے کسی کو روکے اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ آج میں اپنا فضل اسی طرح تمہیں نہیں دوں گا جس طرح تم نے ایک ایسی چیز کے فالتو حصے کو نہیں دیا تھا جسے خود تمہارے ہاتھوں نے بنایا بھی نہیں تھا۔

⓭ احسان جتلانے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح ابن حبان میں 7340 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لاَ يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَمُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى))

تین آدمی ایسے ہیں جن کی طرف قیامت کے دن اللہ تعالیٰ دیکھے گا ہی نہیں۔ اپنے والدین کا نافرمان، مستقل شراب پینے والا، دے کر احسان جتلانے والا۔ (صحيح الترغيب والترهيب 2511 ، شعيب الأرناؤط:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسنادہ صحیح)

⓮ بے حیائی پر خاموش رہنے والا:

سیدنا سالم بن عبداللہ کی سنن نسائی میں 2562 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ العَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَالْمَرْأَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ وَالدَّيُّوْثُ)) (مسند احمد 6180 شعيب الأرناؤط اسنادہ حسن ، قال الشيخ البانی صحيح)

تین طرح کے لوگ ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ دیکھے گا۔ ایک ماں باپ کا نافرمان دوسری وہ عورت جو مردوں کی مشابہت اختیار کرے تیسرا دیوث (بے غیرت)

⓯ مردوں کی مشابہت کرنے والی:

سیدنا سالم بن عبداللہ کی مسند البزار میں 6051 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ لا يَنْظُرُ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ العَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَالْمَرْأَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ تَشَبَّهَ بِالرِّجَالِ وَالدَّيُّوْثُ))

اللہ تعالیٰ تین طرح کے لوگوں کی طرف روز قیامت نہ دیکھے گا جو والدین کا نافرمان ہے اور دیوث اور وہ عورت جو مردوں جیسا لباس، چلن اختیار کرتی ہے۔ (مسند احمد 6180 شعيب الأرناؤط: اسنادہ حسن ،قال الشيخ البانی صحيح)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓰ خاوند کی ناشکری کرنے والی:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 2771 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لاَ يَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَى امْرَأَةٍ لَا تَشْكُرُ لِزَوْجِهَا وَ هِيَ لَا تَسْتَغْنِيْ عَنْهُ))

اللہ تعالیٰ ایسی عورت کی طرف بھی نہیں دیکھے گا جو اپنے خاوند کا شکریہ ادا نہیں کرتی جبکہ خاوند کے بغیر اس کا گزارہ بھی نہیں ہے۔ (سلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 289)

حاضرین مجلس!

محرومیاں تو اور بھی بہت سی ہوتی ہیں دنیا میں مگر اس سے بڑی محرومی اور کیا ہو سکتی ہے، کہ یہ شخص نظر رحمت سے محروم اللہ کی نظروں سے گر جائے۔

شریعت اسلامیہ کی رہنمائی ہے!

تکبر کرنے والا، شلوار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا،

ناحق مال ہڑپ کرنے والا، والدین کی نافرمانی کرنے والا،

بدکاری کرنے والا، شراب نچوڑنے والا،

غریب تکبر کرنے والا، بوڑھا زنا کرنے والا،

بادشاہ جھوٹ بولنے والا، جھوٹ بول کر فروخت کرنے والا،

دنیا کے لئے بیعت کرنے والا، پانی سے روکنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

احسان جتلانے والا، بے غیرتی پر خاموش رہنے والا،

مردوں کی مشابہت کرنے والی، خاوند کی ناشکری کرنے والی،

اللہ ذوالجلال کی نظرِ رحمت سے محروم ہے۔

جہاں انسان اپنی نادانیوں سے نظرِ رحمت سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے

وہاں ایسے مواقع بھی اللہ کے فضل سے رکھتا ہے کہ

نظروں سے گرنا تو دور رب کے قریب اور قریب ہوتا چلا جاتا ہے،

مگر رب کا تقرب، اللہ کا پیارا بننے کے لیے مجھے اور آپ کو کیا کرنا چاہیے

آیئے شریعت کا پیغام دیکھیے

اگر تقربِ خداوندی چاہیے

❶ فرائض کے ساتھ نوافل کا اہتمام کیجیے:

(وَمَا يَزَالُ عَبْدِيْ يَتَقَرَّبُ اِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ) صحیح بخاری6502

❷ نمازِ تہجد کا اہتمام کیجیے:

(وَهُوَ قُرْبَةٌ اِلٰى رَبِّكُمْ) جامع ترمذی3549

❸ سجدے میں دعائے خیر کیجیے:

(اَقْرَبَ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّهٖ وَهُوَ سَاجِد) صحیح مسلم482

❹ والدین کی خدمت کیجیے:

(لَا اَعْلَمُ عَمَلاً اَقْرَبَ اِلَى اللّٰهِ مِنْ بِرِّ الْوَالِدَةِ) سلسله الصحيحه

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

2799 (قول عباس رضی اللہ عنہ)

❺ اپنے گھر کو لازم بنا لیجیے:

(اَقْرَبَ مَا یَکُوْنُ اِلَی اللّٰہِ وَھِیَ فِی قَعْرِ بَیْتِھَا)

المعجم الکبیر 10115

❻ نیکی کو اختیار کیجیے:

(تُقَرِّبُکُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰی اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا)

سورہ سبا آیت نمبر 37

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو نظر رحمت سے محرومی کی بجائے محبوب نظر بنائے، اپنا تقرب نصیب فرمائے، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(12) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخشش سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَنْ تَوَکَّلَ عَلَیْہِ کَفَاہُ، وَمَنْ طَلَبَ الشِّفَاءَ مِنْہُ شِفَاہُ، وَمَنْ عَمِلَ بِالْأَسْبَابِ النَّافِعَۃِ صَلُحَ دِیْنُہُ وَدُنْیَاہُ،أَشْھَدُ أَنْ لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ الْوَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہُوَلَا رَبَّ سِوَاہُ، وَأَشْھَدُ أَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُہُ وَرَسُوْلُہُ وَمُصْطَفَاہُ، اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَمَنِ اھْتَدٰی بِھُدَاہُ،أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿ إِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ أَنْ یُشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَشَاءُ ﴾(النساء:48)

زندگی کا وہ لمحہ ہے جو رب کی بندگی میں گزر جائے۔ زندگی کا وہ لمحہ جو اللہ کی اطاعت میں گزر جائے۔

جتنا وہ لمحہ قیمتی ہے'' فَمَنْ یَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَرَہُ''

اسی اعتبار سے زندگی کا وہ لمحہ جو رب کی نافرمانی میں گزر جائے۔

زندگی کا وہ لمحہ جو رب کی بغاوت میں گزر جائے۔

اتنا ہی وہ لمحہ انسان کے لئے ذلت ورسوائی کا باعث ہوگا۔

زندگی کی ایک ایک سانس رب کی نافرمانی میں گزری ہو

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رحمان اور رحیم کا پیغام ہے۔

" غَفَرْتُ لَکَ عَلَی مَا کَانَ مِنْکَ وَلَا أُبَالِیْ "

مغفرت اور بخشش کی ان وسعتوں کے باوجود بخشش الٰہی سے محرومی کتنی بڑی محرومی ہے۔

آیئے دیکھئے وہ کون سا بے نصیب ہے جو بخشش الٰہی سے محروم کر دیا جاتا ہے!

❶ شرک کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 48 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ))

بے شک اللہ (یہ گناہ) نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور وہ اس کے علاوہ جسے چاہے بخش دیتا ہے۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق:

((مَا زَالَ إِبْرَاهِيْمُ يَسْتَغْفِرُ لِأَبِيْهِ حَتّٰى مَاتَ فَلَمَّا مَاتَ تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِلّٰهِ لَمْ يَسْتَغْفِرْ لَهُ))

سیدنا ابراہیم علیہ السلام اپنے والد کے لئے بخشش طلب کرتے رہے حتیٰ کہ (ان کا والد) دنیا سے رخصت ہو گیا۔ اس کی وفات کے بعد جب ابراہیم علیہ السلام پر واضح ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے اس کے لئے بعد میں بخشش کی دعا نہیں کی۔ (تفسیر ابن ابی حاتم میں 10055)

❷ کفر کرنے والا:

سورہ توبہ آیت نمبر 80 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ))

(اے نبی) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ ان کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں (برابر ہے) اگر آپ ان کے لیے ستر بار بھی بخشش مانگیں گے تو بھی اللہ انہیں نہیں بخشے گا یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

❸ ایمان کے بعد کفر کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 137 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ آمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا))

بے شک جو لوگ ایمان لائے پھر انہوں نے کفر کیا پھر ایمان لائے پھر کفر کیا پھر کفر میں کہیں بڑھ گئے اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ انہیں ہدایت کا راستہ دکھائے گا۔

❹ حالت کفر میں وفات پانے والا:

سورہ محمد آیت نمبر 34 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ))

بلاشبہ جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا پھر وہ اسی حالت کفر میں مر گئے تو اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورہ آل عمران آیت نمبر 91 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِمْ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَى بِهٖ أُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِيْنَ))

بے شک جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور حالت کفر میں مرے ان میں سے کسی سے زمین پر سونا بھی قبول نہ کیا جائے گا اگر چہ وہ فدیے میں دنیا چاہے انہیں لوگوں کے لئے دردناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

❺ قطع تعلقی کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح ابن حبان میں 5663 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((تُفَتَّحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِمَنْ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا إِلَّا الْمُتَهَاجِرَيْنِ يَقُوْلُ رُدُّوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا))

سوموار اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں شرک کرنے والے کے علاوہ ہر شخص کو معاف کر دیا جاتا ہے مگر قطع تعلقی کرنے والوں کے لئے اللہ فرماتے ہیں ان دونوں کو لوٹا دو یہ صلح نہیں کر لیتے۔ (قال شعيب الأرناؤط اسناده صحيح على شرط مسلم)

❻ توبہ نہ کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 18 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّئَاتِ حَتّٰى إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّيْ تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ أُولٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيْمًا))

اور ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو برے کام کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آ جائے تو وہ کہتا ہے بے شک اب میں نے توبہ کی اور نہ ان لوگوں کی توبہ قبول ہوتی ہے جو اس حال میں مرتے ہیں کہ وہ کافر ہی ہوتے ہیں ان لوگوں کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

❼ قرض ادا نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 1078 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ حَتّٰى يُقْضٰى عَنْهُ))

کسی مومن کی جان (وفات کے بعد) اس کے قرض کے ساتھ معلق رہتی ہے جب تک اسے ادا نہیں کر دیا جاتا۔ (صحیح الجامع 6799)

❽ معاف نہ کرنے والا:

سیدنا جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 2475 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ وَمَنْ لَا يَغْفِرْ لَا يُغْفَرْ لَهُ))

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا اور جو معاف نہیں کرتا اسے بھی معاف نہیں کیا جاتا۔ (صحیح الترغیب والترہیب 2466)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❾ کسی مسلمان کو ناحق قتل کرنے والا:

سیدنا ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 4270 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((كُلُّ ذَنْبٍ عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَغْفِرَهُ إِلَّا مَنْ مَاتَ مُشْرِكًا أَوْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا))

ہر گناہ کو ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں مگر جسے شرک پہ موت آ جائے یا جس نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کیا۔ (صحیح الجامع 4524)

❿ بخشش سے محرومی کا طعنہ دینے والا:

سیدنا ابو قتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند الشامیین میں 281 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنْ رَجُلَيْنِ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَمَا اَحَدُهُمَا فَيَرٰى أَنَّهُ أَفْضَلُهُمَا فِيْ الدِّيْنِ وَالْعِلْمِ وَالْخُلُقِ وَأَمَا الْآخَرُ فَيَرٰى أَنَّهُ مُسْرِفٌ عَلٰى نَفْسِهِ فَذَكَرَ عِنْدَ صَاحِبِهِ فَقَالَ لَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُ فَقَالَ اللّٰهُ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنِّيْ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ رَحْمَتِيْ سَبَقَتْ غَضَبِيْ وَإِنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ لِهٰذَا الرَّحْمَةِ وَلِهٰذَا الْعَذَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَلَا تَتَأَلَوْا عَلَى اللّٰهِ))

کیا تمہیں میں بنی اسرائیل کے دو آدمیوں کے بارے میں نہ بتاؤں ان دونوں میں سے ایک نے دیکھا کہ وہ دین میں علم میں اور اخلاق میں افضل ہے جبکہ دوسرا اپنی جان پہ زیادتی کرنے والا ہے جب اس کا ذکر اس نے اپنے دوست سے کیا تو اس نے کہا کہ اسے اللہ ہرگز معاف نہیں فرمائے گا اللہ تعالیٰ نے کہا کیا تو نے نہ جانا میں رحم کرنے والوں میں سے بہت زیادہ رحم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کرنے والا ہوں کیا تو نے نہ جانا کہ میری رحمت میرے غصے پر سبقت لے گئی ہے بے شک میں نے اس پر اپنی رحمت کو واجب کر دیا ہے اور اس پر عذاب کو واجب کر دیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ''فَلَا تَتَأَلَّ عَلَى اللّٰهِ'' اللہ پہ قسم نہ اٹھائیں۔

حاضرین مجلس!

اللہ ذوالجلال کے ہاں وہ گناہ کس قدر سنگین ہوں گے۔زندگی بھر کے گناہوں کو ندامت، شرمندگی اور احساس کے ایک آنسو پہ معاف کرنے والی ذات اعلان کرے کہ اس شخص کے لیے کوئی معافی نہیں میرے اور آپ کے لیے شریعت اسلامیہ کی رہنمائی ہے کہ شرک کرنے والا، کفر کرنے والا، ایمان کے بعد کفر کرنے والا، حالت کفر میں وفات پانے والا، قطع تعلقی کرنے والا، توبہ نہ کرنے والا، قرض ادا نہ کرنے والا، معاف نہ کرنے والا، کسی مسلمان کو ناحق قتل کرنے والا، بخشش سے محرومی کا طعنہ دینے والا، اللہ کی بخشش سے محروم ہے۔

بحیثیتِ مسلمان کیا مجھے ان کاموں سے اجتناب نہیں کرنا چاہیے؟ جو بخشش الٰہی سے محرومی کا ذریعہ بنتے ہیں کیا ان کاموں کو اختیار نہیں کرنا چاہیے؟ جو میرے اور آپ کے لیے رب کی جانب سے مغفرت اور بخشش کا ذریعہ ہیں اگر ایسا ارادہ ہو تو میرے اور آپ کے لیے ذریعہ بخشش ہے۔

❶ شرک سے اجتناب کرنا:

(ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَاتُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً)

سنن ترمذی 2805

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com

❷ نیکی کو اختیار کرنا:

(وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيْر) سورہ فاطر آیت نمبر 7

❸ تقوی اختیار کرنا:

(إِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيْر) سورہ ملک آیت نمبر 12

❹ پیغمبر کائنات کی اطاعت کرنا:

(فَاتَّبِعُونِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيْم) سورہ آل عمران آیت نمبر 31

❺ زبان کی حفاظت کرنا:

(يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوبَكُم) سورہ احزاب آیت نمبر 71

❻ اذان کا جواب دینا:

(غُفِرَلَهُ ذَنْبُه) صحیح مسلم : 386

❼ لوگوں کے لیے آسانی کرنا:

(غَفَرَاللّٰهُ لِرَجُلٍ كَانَ قَبْلَكُمْ) شعب الایمان 11255

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپکو ایسی جراءت سے محفوظ فرمائے کہ ہم وہ کام کریں کہ جن کے بعد بخشش سے بھی محروم ہو جائیں۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(13) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خیر کثیر سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِالَّذِیْ هَدٰی سَبِیْلَ الرَّشَادِ ، وَثَبَتَ الَّذِیْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِیْ الْحَیَاةِ الدُّنْیَا وَیَوْمِ الْمَعَادِ ، وَأَضَلَّ الظَّالِمِیْنَ بِعَدْلِهٖ فَلَهُمُ النَّارُ وَبِئْسَ الْمِهَادِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُوَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْعِبَادِ،أَمَّا بَعْدُ :

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾

(النحل:18)

زندگی اور موت کے اس نظام میں انسان پہ ہے کہ یہ انمول زندگی خوابِ غفلت میں گزار دے یا ہر ہر سانس اپنے دامن کو خیرِ کثیر سے بھر لے اللہ ذوالجلال کی جانب سے کتنا بڑا انعام ہے کہ اخلاص کے ساتھ، سنت نبوی کے التزام کے ساتھ معمولی سا کام تم کر لو اللہ رب العزت کس قدر خیر کثیر سے نواز دیا کرتے ہیں ،رحمت کی برکھا برسا دیا کرتے ہیں ۔مگر دیکھیے وہ شخص کس قدر محروم ہے جو اپنی غفلت اور سستی کی وجہ سے اس قدر خیرِ کثیر سے محروم ہو جاتا ہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ تلاوت نہ کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 2910 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهُ بِهِ حَسَنَةٌ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا لَا أَقُوْلُ الٓمٓ حَرْفٌ وَلٰكِنْ أَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِيْمٌ حَرْفٌ))

جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا اسے اس کے بدلے ایک نیکی ملے گی، اور ایک نیکی دس گنا بڑھا دی جائے گی، میں نہیں کہتا (الم) ایک حرف ہے بلکہ (الف) ایک حرف ہے (لام) ایک حرف ہے اور (میم) ایک حرف ہے۔ (صحیح الجامع 6469)

☆ سیدنا ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 5015 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ فِيْ لَيْلَةٍ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ وَقَالُوْا أَيُّنَا يُطِيْقُ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ: اَللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ ثُلُثُ الْقُرْآنِ))

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیہ وسلم نے اپنے صحابہ سے فرمایا کہ کیا تم میں سے کسی کے لئے یہ ممکن نہیں کہ قرآن کا ایک تہائی حصہ ایک رات میں پڑھا کرے؟ صحابہ کو یہ عمل بڑا مشکل معلوم ہوا اور انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم میں سے کون اس کی طاقت رکھتا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر فرمایا کہ (اَلْوَاحِدُ الصَّمَدُ) یعنی (قُلْ هُوَ اللّٰهُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اَحَدٌ) قرآن مجید کا ایک تہائی حصہ ہے۔

❷ ذکر نہ کرنے والا:

سیدنا ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 3377 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ أَعْمَالِكُمْ وَأَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيكِكُمْ وَأَرْفَعِهَا فِي دَرَجَاتِكُمْ وَخَيْرٌ لَكُمْ مِنْ إِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ وَخَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوْا أَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوْا أَعْنَاقَكُمْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا شَيْءٌ أَنْجٰى مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ))

کیا تمہارے سب سے بہتر اور تمہارے رب کے نزدیک سب سے پاکیزہ اور سب سے بلند درجے والے عمل کی تمہیں خبر نہ دوں؟ وہ عمل تمہارے لئے سونا چاندی کے خرچ کرنے سے بہتر ہے۔ وہ عمل تمہارے لیے اس سے بھی بہتر ہے کہ تم (میدان جنگ میں) (یعنی تمہارے جہاد کرنے سے بھی افضل ہے) لوگوں نے کہا جی ہاں (ضرور بتایئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کا ذکر ہے۔ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں اللہ کے ذکر سے بڑھ کر اللہ کے عذاب سے بچانے والی کوئی اور چیز نہیں ہے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 1493)

❸ استغفار نہ کرنے والا:

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند الشامیین میں 2155 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ حَسَنَةً))

جس شخص نے مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کے لیے رب سے استغفار کیا اللہ تعالیٰ ہر مومن مرد اور ہر مومنہ عورت کے بدلے اس لیے نیکی لکھ دیتے ہیں۔ (صحیح الجامع 6026)

❹ اللہ کی تسبیح نہ کرنے والا:

سیدنا سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 7027 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ حَسَنَةٍ فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ قَالَ يُسَبِّحُ مِائَةَ تَسْبِيحَةٍ فَيُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ أَوْ يُحَطُّ عَنْهُ أَلْفُ خَطِيئَةٍ))

کیا تم میں سے کوئی اس بات سے عاجز ہے کہ ایک دن میں ہزار نیکیاں کمالے؟ آپ کے ہم نشینوں میں سے ایک پوچھنے والے نے پوچھا ہم میں سے کوئی کس طرح ہزار نیکیاں کما سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی بھی سو مرتبہ تسبیح پڑھے گا تو اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کی ہزار برائیاں مٹادی جائیں گی۔

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن نسائی الکبریٰ میں 9994 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ يُحَرِّكُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شَفَتَيْهِ فَقَالَ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا أَبَا أُمَامَةَ قَالَ : أَذْكُرُ رَبِّيْ قَالَ : أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَكْثَرَ أَوْ أَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِكَ اللَّيْلَ مَعَ النَّهَارِ وَالنَّهَارَ مَعَ اللَّيْلِ أَنْ تَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِيْ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ وَتَقُوْلُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ))

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدنا ابو امامہ کے پاس سے گزرے وہ اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو امامہ کیا کہہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا میں اپنے رب کو یاد کر رہا ہوں فرمایا کیا میں تمہیں تجھے تیرے دن اور رات کے ذکر سے افضل ذکر نہ بتاؤں، وہ یہ ہے کہ تو کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِيْ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِي الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَيْءٍ وَتَقُوْلُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ))(سلسلہ الصحیحہ 2578)

سیدہ ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سنن ابن ماجہ میں 3810 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ فَإِنِّيْ قَدْ كَبِرْتُ وَضَعُفْتُ وَبَدُنْتُ فَقَالَ كَبِّرِي اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةٍ وَاحْمِدِاللّٰهَ مِائَةَمَرَّةٍ وَسَبِّحِي اللّٰهَ مِائَةَمَرَّةٍ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَيْرٌ مِنْ مِائَةِ فَرَسٍ مُلْجَمٍ مُسْرَجٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَخَيْرٌ مِنْ مِائَةِ بَدَنَةٍ وَخَيْرٌ مِنْ مِائَةِ رَقَبَةٍ))

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! مجھے کوئی عمل بتلایئے، میں بوڑھی اور ضعیف ہوگئی ہوں، میرا بدن بھاری ہوگیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سو بار (اللہ اکبر) سو بار (الحمدللہ) سو بار (سبحان اللہ) کہو یہ ان سو گھوڑوں سے بہتر ہے جو جہاد فی سبیل اللہ میں مع زین ولگام کے کس دیے جائیں اور سو جانور قربان کرنے اور سو غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے۔(سلسلہ الصحیحہ 1316)

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6682 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيْلَتَانِ فِيْ الْمِيْزَانِ حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو کلمے جو زبان پر ہلکے ہیں لیکن ترازو پہ (آخرت میں) بھاری ہیں اور اللہ رحمان کے ہاں پسندیدہ ہیں وہ یہ ہیں (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ) (صحیح مسلم 7021)

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6405 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (سبحان اللہ وبحمدہ) دن میں سو مرتبہ کہا اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔ (صحیح مسلم 7018)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 7022 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَأَنْ أَقُوْلَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ))

ساری کائنات سے کہ جس پر سورج طلوع ہوتا ہے مجھے یہ زیادہ پسند ہے کہ میں کہوں۔

(سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ)

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 7795 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ هَالَهُ اللَّيْلُ اَنْ يُّكَابِدَهُ اَوْ بَخِلَ بِالْمَالِ اَنْ يُّنْفِقَهُ اَوْ جَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ فَلْيُكْثِرْ مِنْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ فَاِنَّهَا اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ جَبَلِ ذَهَبٍ يُنْفِقُهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ))

جو نمازِ تہجد سے عاجز آ جائے یا مال خرچ کرنے میں بخل کا شکار ہو جائے یا دشمن کے مقابلے میں بزدل ہو جائے اسے چاہیے کہ وہ کثرت سے (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ) کا ورد کرے یہ اللہ تعالیٰ کو اس سے بھی زیادہ محبوب ہے کہ کوئی سونے کا پہاڑ اللہ ذوالجلال کی راہ میں خرچ کرے۔

(صحیح الترغیب والترھیب 1541)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❺ نماز فجر کے بعد یہ دعا نہ پڑھنے والا:

سیدہ جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح مسلم میں 7088 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا بُكْرَةً حِيْنَ صَلَّى الصُّبْحَ وَهِيَ فِيْ مَسْجِدِهَا ثُمَّ رَجَعَ بَعْدَ أَنْ أَضْحَى وَهِيَ جَالِسَةٌ فَقَالَ مَا زِلْتِ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ فَارَقْتُكِ عَلَيْهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَكِ أَرْبَعَ كَلِمَاتٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْيَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ))

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح کی نماز پڑھنے کے بعد صبح سویرے ان کے ہاں سے باہر تشریف لے گئے، اس وقت وہ اپنی نماز پڑھنے والی جگہ میں تھیں، پھر دن چڑھنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس واپس تشریف لائے تو وہ (اسی طرح) بیٹھی ہوئی تھیں۔ آپ نے فرمایا: تم اب تک اسی حالت میں بیٹھی ہوئی ہو جس پر میں تمہیں چھوڑ گیا تھا؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے (ہاں سے جانے کے) بعد میں نے چار کلمے تین بار کہے ہیں، اگر ان کو ان کے ساتھ تولا جائے جو تم نے آج کے دن اب تک کہا ہے تو یہ ان سے وزن میں بڑھ جائیں: (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ) پاکیزگی ہے اللہ کی اور اس کی تعریف کے ساتھ، جتنی اس کی مخلوق کی گنتی ہے اور جتنی اس کو پسند

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے اور جتنا اس کے عرش کا وزن اور جتنی اس کے کلمات کی سیاہی ہے۔

(الادب المفرد 647، صحیح الترغیب والترہیب 1574)

❻ آیت الکرسی نہ پڑھنے والا:

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الاوسط میں 8068 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِي دُبُرَ كُلِّ صَلاةٍ مَكْتُوبَةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُولِ الْجَنَّةِ إِلاَّ أَنْ يَمُوتَ))

جو شخص فرض نماز کے بعد آیت الکرسی کا اہتمام کرتا ہے جنت اور اس کے درمیان صرف موت کا پردہ ہے۔ (صحیح الجامع 64 64)

❼ دعائے سید الاستغفار نہ پڑھنے والا:

سیدنا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 6306 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوءُ لَكَ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ قَالَ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ النَّهَارِ مُوقِنًا بِهَا فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ قَبْلَ أَنْ يُمْسِيَ فَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَنْ قَالَهَا مِنَ اللَّيْلِ وَهُوَ مُوقِنٌ بِهَا فَمَاتَ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ فَهُوَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ))

اے اللہ تو میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا ہی بندہ ہوں میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوں۔ ان بری حرکتوں کے عذاب سے جو میں نے کی ہیں تیری پناہ مانگتا ہوں مجھ پر نعمتیں تیری ہیں اس کا اقرار کرتا ہوں۔ میری مغفرت کر دے کہ تیرے سوا اور کوئی بھی گناہ معاف نہیں کرتا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے دل سے ان کو کہہ لیا اور اسی دن اس کا انتقال ہو گیا شام ہونے سے پہلے تو وہ جنتی ہے اور جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے رات میں ان کو پڑھ لیا اور پھر صبح ہونے سے پہلے اس کا انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے۔

❽ اہتمام کے ساتھ نماز جمعہ نہ پڑھنے والا:

سیدنا اوس بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 345 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ وَمَشٰى وَلَمْ يَرْكَبْ وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ أَجْرُ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا))

جو شخص جمعہ کے دن نہلائے اور خود بھی نہائے پھر صبح سویرے اول وقت میں (مسجد) جائے شروع سے خطبہ میں رہے۔ پیدل جائے سوار نہ ہو اور امام سے قریب ہو، غور سے خطبہ سنے اور لغو بات نہ کہے تو اس کو ہر قدم پر ایک سال کے روزے اور ایک سال کے قیام کا ثواب ملے گا۔

(صحیح الجامع 6405)

❾ کسی مسلمان کی خیر خواہی نہ کرنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الاوسط میں 2660 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((وَلَانْ أَمْشِيَ مَعَ أَخٍ لِيْ فِيْ حَاجَةٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَعْتَكِفَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ شَهْرًا فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهُ سَتَرَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ وَمَنْ كَظَمَ غَيْظَهُ وَلَوْ شَاءَ أَنْ يُمْضِيَهُ أَمْضَاهُ مَلَأَ اللّٰهُ قَلْبَهُ أَمْناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ مَشٰى مَعَ أَخِيْهِ فِيْ حَاجَةٍ حَتّٰى أَثْبَتَهَا لَهُ ثَبَّتَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ قَدَمَهُ عَلَى الصِّرَاطِ يَوْمَ تَزُوْلُ فِيْهِ الْأَقْدَامُ))

اور اگر میں کسی بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری کرنے کے لئے چلوں تو یہ مجھے اس مسجد (مسجد نبوی) میں ایک ماہ اعتکاف میں بیٹھنے سے زیادہ محبوب ہے۔ جس شخص نے اپنا غصہ روکا اللہ تعالیٰ اس کے عیوب پر پردہ ڈال دے گا، جو شخص اپنے غصے کے مطابق عمل کرنے کی طاقت کے باوجود اپنے غصے کو پی گیا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے دل کو امید سے بھر دے گا اور جو شخص اپنے بھائی کے ساتھ اس کی ضرورت پوری ہونے تک اس کے ساتھ چلا تو اللہ تعالیٰ اسے اس دن پل صراط پر ثابت قدم رکھیں گے جس دن قدم ڈگمگا رہے ہوں گے۔ (صحیح الجامع 176)

⑩ کسی مسلمان کی بیمار پرسی نہ کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 969 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَةً إِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُمْسِيَ وَإِنْ عَادَهُ عَشِيَّةً إِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ أَلْفَ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ وَكَانَ لَهُ خَرِيفٌ فِي الْجَنَّةِ))

جو مسلمان بھی کسی مسلمان کی صبح کے وقت عیادت کرتا ہے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہیں اور جو شام کو عیادت کرتا ہے تو صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے استغفار کرتے ہیں اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہوگا۔ (صحیح الجامع 5767)

⓫ مسلمان بھائی کے لیے دعا نہ کرنے والا:

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی مسند الشامیین میں 2155 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنِ اسْتَغْفَرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَةٍ حَسَنَةً))

جو شخص مومن مرد اور مومنہ عورتوں کے لیے استغفار کرتا ہے اللہ تعالیٰ ہر مومن مرد اور ہر مومنہ عورت کے بدلے اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی لکھ دیتے ہیں۔ (صحیح الجامع 6026)

⓬ تعلیم و تعلم سے وابستگی نہ رکھنے والا:

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المعجم الکبیر میں 7473 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ لَا يُرِيْدُ إِلَّا أَنْ يَتَعَلَّمَ خَيْرًا أَوْ يُعَلِّمَهُ كَانَ لَهُ كَأَجْرِ حَاجٍّ تَامًّا حَجَّتُهُ))

جو شخص مسجد کی جانب نکلتا ہے اس کا ارادہ صرف خیر کی بات کو سیکھنا اور سکھانا ہے اسے مکمل حج کے اجر سے نواز دیا جاتا ہے۔ (صحیح الترغیب

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

والترھیب 86)

⓭ باوضو ہو کر مسجد نہ جانے والا:

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 559 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهٖ مُتَطَهِّرًا إِلَى صَلَاةٍ مَكْتُوْبَةٍ فَأَجْرُهٗ كَأَجْرِ الْحَاجِّ الْمُحْرِمِ))

جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے فرض نماز کے لیے نکلے تو اس کا ثواب احرام باندھنے والے حاجی کے ثواب کی طرح ہے۔ (صحیح الجامع 6228)

⓮ لیلۃ القدر کی تلاش نہ کرنے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 1644 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ هَذَاالشَّهْرَقَدْحَضَرَكُمْ وَفِيْهِ لَيْلَةٌخَيْرٌمِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ، مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ، وَلَايُحْرَمُ خَيْرَهَااِلَّا مَحْرُوْمٌ))

یہ مہینہ آ گیا اور اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے، جو اس سے محروم رہا وہ ہر طرح کی خیر (بھلائی) سے محروم رہا، اور اس کی بھلائی سے محروم وہی رہے گا جو (واقعی) محروم ہو۔ (صحیح الجامع 2247)

حاضرین مجلس!

وہ شخص کتنا محروم ہے جو صحت کے باوجود، تندرستی کے باوجود، وقت کے باوجود، شریعت کی آسانی کے باوجود، خیر کثیر سے محروم ہے، شریعت کی رہنمائی ہے!

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تلاوت نہ کرنے والا، ذکر نہ کرنے والا،

استغفار نہ کرنے والا، اللہ کی تسبیح نہ کرنے والا،

نماز فجر کے بعد دعا نہ پڑھنے والا، آیت الکرسی نہ پڑھنے والا،

اہتمام کے ساتھ نماز جمعہ نہ پڑھنے والا، دعائے سید الاستغفار نہ پڑھنے والا،

کسی مسلمان کی خیر خواہی نہ کرنے والا،

کسی مسلمان کی بیمار پرسی نہ کرنے والا،

لیلۃ القدر کی تلاش نہ کرنے والا، خیر کثیر سے محروم ہے۔

اس کے مقابلے میں شریعت کی آسانی دیکھیے

کلام ربانی کی تلاوت کرنے والا، اللہ ذوالجلال کا ذکر کرنے والا،

رب کی تسبیح اور استغفار کرنے والا، کسی مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے والا،

اپنے مسلمان بھائی کے لیے دعا کرنے والا

کس قدر رحمتوں اور سعادتوں سے نواز دیا جاتا ہے لفظوں میں ڈھالنا ناممکن ہے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ہر خیر کثیر سے نوازے، اس توفیق سے نوازے کہ ہم خیر اور سعادت کو اپنے دامن میں سمیٹنے والے بن جائیں، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین



کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(14) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نفع بخش علم سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَعَدَ الصَّابِرِیْنَ أَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ، وَبَشِّرِ الشَّاکِرِیْنَ وَوَعَدَ الْکَافِرِیْنَ بِالْعَذَابِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِیْکَ لَهُ عَلَیْهِ تَوَکَّلْنَا وَإِلَیْهِ الْمَتَابُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ أَفْضَلُ مِنْ کُلِّ الْخَلْقِ بِلَا اِرْتِیَابَ ،صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ إِلٰی یَوْمِ الْمَآبِ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿فَاسْأَلُوْا أَهْلَ الذِّکْرِ إِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ (الانبیاء : 7)

علم جو اللہ کی معرفت اور پہچان کا نام ہے،

علم جو حقیقت میں خشیت الٰہی کا نام ہے،

ایک طالب علم کہ جس کے استقبال کے لیے نورانی مخلوق فرشتے بھی تیار کھڑے ہوں "لَتَضَعُ اَجْنِحَتِهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ" (سنن ابی دواؤد 3641)

ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں کی تمام مخلوقات جس کے لئے دعائے خیر میں لگی ہوں "لَیُصَلُّوْنَ عَلٰی مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَیْرَ" (سنن ترمذی 2685)

اٹھنے والا ایک ایک قدم جسے جنت کے قریب کر رہا ہو اس کی عظمت ، شان اور مقام اللہ ذوالجلال کے ہاں کتنا عظیم ہوگا اتنی عظمتوں کے باوجود کوئی محروم ہے تو محروم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہی رہے کتنی بڑی محرومی ہے۔ایک تو وہ ہے جو پیاسا مرجائے دکھ تو اس کا بھی ہوتا ہے مگر وہ جس کے ہاتھ میں پانی ہو جس کے پاس بہتی ہوئی نہریں ہوں مگر وہ ایک ایک گھونٹ کو ترستا مرجائے۔مسجد بھی ہو، مدرسہ بھی ہو، استاد بھی ہو، صحت بھی ہو، موقع بھی ہو، پھر بھی یہ شخص علم جیسی دولت سے محروم رہے کتنی بڑی محرومی ہے۔

آیئے دیکھئے وہ کونسا بے نصیب ہے جو حقیقی علم، نفع بخش علم سے محروم ہی رہتا ہے۔

❶ دنیا کے لیے سیکھنے والا:

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 3664 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا مِمَّا يُبْتَغٰى بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ عَزَوَجَلَّ لَا يَتَعَلَّمُهٗ إِلَّا لِيُصِيْبَ بِهٖ عَرَضًا مِنَ الدُّنْيَا لَمْ يَجِدْ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))

جس شخص نے ایسا علم صرف دنیاوی مقصد کے لئے سیکھا جس سے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی جاتی ہے تو وہ قیامت کے دن جنت کی خوشبو تک نہیں پائے گا۔ (صحیح الجامع 6159)

❷ تکبر کے لئے سیکھنے والا:

سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 254 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تَعَلَّمُوْا الْعِلْمَ لِتُبَاهُوْا بِهِ الْعُلَمَاءَ وَلَا لِتُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ وَلَا تَخَيَّرُوْا بِهِ الْمَجَالِسَ فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَالنَّارُ النَّارُ))

تم علم کو علماء پر فخر کرنے یا کم عقلوں سے بحث وتکرار کرنے یا لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرنے کے لئے نہ سیکھو جس نے ایسا کیا اس کا ٹھکانہ جہنم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں ہوگا۔ (صحیح الجامع 7370)

❸ اپنے علم پر فخر کرنے والا:

امام مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((لَا يَتَعَلَّمُ الْعِلْمَ مُسْتَحْيٍ وَلَا مُسْتَكْبِرٌ))

حیا کرنے والا اور تکبر کرنے والا علم نہیں سیکھ سکتا۔

(ذکرہ البخاری تعلیقا حدیث نمبر130)

امام مسروق رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((وَبِحَسْبِ الرَّجُلِ مِنَ الْجَهْلِ اَنْ يُّعْجَبَ بِعِلْمِهٖ))

اور آدمی کو جہالت سے اتنا کافی ہے کہ وہ اپنے علم پر اتراتا (فخر کرتا) ہے۔ (العلم لزهير بن حرب 1/9)

❹ اللہ سے نہ ڈرنے والا:

امام مسروق رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((وَبِحَسْبِ الرَّجُلِ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ يَخْشَى اللّٰهَ))

آدمی کو علم سے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتا ہے۔ (العلم لزهير بن حرب 1/9)

امام فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((مَنْ اُوْتِيَ عِلْمًا لَا يَزْدَادُ فِيْهِ خَوْفًا وَحُزْنًا وَبُكَاءً خَلِيْقٌ بِاَنْ لَا يَكُوْنَ اُوْتِيَ عِلْمًا ثُمَّ قَرَاَ (أَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ))

وہ جو علم تو دیا گیا لیکن خوف، غم اور رونے میں اضافہ نہیں ہو رہا تو ایسا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آدمی لائق ہے کہ اس کو علم نہ دیا جائے پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی (کیا پس تم اس بات سے تعجب کرتے ہو ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو)۔

الشعب (427/8) وقال مخرجه اسناده جيد

۵ گناہ پہ گناہ کرنے والا:

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

شَكَوْتُ إِلٰى وَكِيعٍ سُوْءَ حِفْظِيْ فَأَرْشَدَنِيْ إِلٰى تَرْكِ الْمَعَاصِيْ
وَأَخْبَرَنِيْ بِأَنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ وَنُوْرُ اللّٰهِ لَا يُعْطٰى لِعَاصِيْ

میں نے وکیع رحمۃ اللہ علیہ سے کمزور حافظہ کی شکایت کی تو انہوں نے میری نافرمانیوں کو ترک کرنے کی طرف رہنمائی فرمائی اور مجھے بتایا کہ علم نور ہے اور اللہ کا نور کسی نافرمان کو نہیں دیا جاتا۔ (صفوۃ التفاسیر ج 1 ص 162)

۶ علم پہ عمل نہ کرنے والا:

امام ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((وَقَالَ بَعْضُ السَّلَفِ كُنَّا نَسْتَعِيْنُ عَلٰى حِفْظِ الْعِلْمِ بِالْعَمَلِ بِهٖ فَتَرْكُ الْعَمَلِ بِالْعِلْمِ مِنْ اَقْوٰى الْاَسْبَابِ فِيْ ذِهَابِهٖ وَنِسْيَانِهٖ))

اسلاف میں سے بعض کا قول ہے کہ ہم علم پر عمل کر کے اپنے علم کو محفوظ کرنے میں معاون پاتے۔ علم پر عمل نہ کرنا یہ علم کے ختم ہونے، بھول جانے کے قوی اسباب میں سے ہے۔ (مفتاح دار السعادۃ، ج 1، ص 172)

۷ سوال نہ کرنے والا:

سورہ الانبیاء آیت نمبر 7 میں ارشاد ربانی ہے:

((فَاسْأَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پس تم !اہل کتاب سے پوچھ لو اگر خود تمہیں علم نہ ہو۔

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 336 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((خَرَجْنَا فِيْ سَفَرٍ فَأَصَابَ رَجُلًا مِنَّا حَجَرٌ فَشَجَّهُ فِيْ رَأْسِهِ ثُمَّ اِحْتَلَمَ فَسَأَلَ أَصْحَابَهُ فَقَالَ هَلْ تَجِدُوْنَ لِيْ رُخْصَةً فِي التَّيَمُّمِ فَقَالُوْا مَا نَجِدُ لَكَ رُخْصَةً وَأَنْتَ تَقْدِرُ عَلَى الْمَاءِ فَاغْتَسَلَ فَمَاتَ فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُخْبِرَ بِذٰلِكَ فَقَالَ قَتَلُوْهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ أَلَا سَأَلُوْا إِذْ لَمْ يَعْلَمُوْا فَإِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّؤَالُ إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْهِ أَنْ يَتَيَمَّمَ وَيَعْصِرَ))

ہم ایک سفر میں نکلے تو ہم میں سے ایک شخص کو ایک پتھر لگا جس سے اس کا سر پھٹ گیا پھر اسے احتلام ہو گیا تو اس نے اپنے ساتھیوں سے دریافت کیا: کیا تم لوگ میرے لئے تیمّم کی رخصت پاتے ہو؟ ان لوگوں نے کہا: ہم تمہارے لئے تیمّم کی رخصت نہیں پاتے اس لئے کہ تم پانی پر قادر ہو چنانچہ اس نے غسل کیا تو وہ مر گیا پھر جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ کو اس واقعہ کی خبر دی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان لوگوں نے اسے مار ڈالا، اللہ انکو مارے جب ان کو مسئلہ معلوم نہیں تھا انہوں نے کیوں نہیں پوچھ لیا؟ نہ جاننے کا علاج پوچھنا ہی ہے اسے بس اتنا کافی تھا کہ تیمّم کر لیتا اور اپنے زخم پر پٹی باندھ لیتا۔ (صحیح الجامع 4363)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❽ علم کو چھپانے والا:

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 2649 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنَ نَّارٍ))

جس سے علم دین کی کوئی ایسی چیز بات پوچھی جائے جسے وہ جانتا ہے پھر وہ اسے چھپائے تو قیامت کے دن اسے آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

(صحیح الجامع 6284)

❾ علم کے لئے محنت نہ کرنے والا:

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق:

((إِنَّ اَحَدًا لَا يُوْلَدُ عَالِمًا وَالْعِلْمُ بِالتَّعَلُّمِ))

کوئی بھی شخص عالم پیدا نہیں ہوتا اور علم (آتا ہے تو) سیکھنے سے آتا ہے۔

(العلم لزھیر بن حرب ص28)

❿ علماء سے استفادہ نہ کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 100 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ الْعِبَادِ وَلٰكِن يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ))

بے شک اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھا لے گا کہ اس کو بندوں سے چھین لے بلکہ وہ (پختہ کار) علماء کو موت دے کر علم کو اٹھائے گا۔ (صحیح مسلم 6971)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓫ سبق کو تحریر نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 113 نمبر روایت:

((مَا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدٌ أَكْثَرَ حَدِيثًا عَنْهُ مِنِّيْ إِلَّا مَا كَانَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَلَا أَكْتُبُ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ مجھ سے زیادہ کوئی حدیث بیان کرنے والا نہیں تھا مگر وہ لکھ لیا کرتے تھے اور میں لکھتا نہیں تھا۔

⓬ سیکھنے میں حیا کرنے والا:

امام مجاہد بن جبر رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق:

((لَا يَتَعَلَّمُ الْعِلْمَ مُسْتَحْيٍ وَلَا مُسْتَكْبِرٌ))

شرمانے والا اور تکبّر پسند انسان علم حاصل نہیں کرسکتا۔ (ذکرہ البخاری تعلیقا حدیث نمبر 130، الفتح 1/228)

⓭ علم کے لئے محنت نہ کرنے والا:۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 118 نمبر روایت:

((إِنَّ إِخْوَانَنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ وَإِنَّ إِخْوَانَنَا مِنَ الْأَنْصَارِ كَانَ يَشْغَلُهُمُ الْعَمَلُ فِيْ أَمْوَالِهِمْ وَإِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَلْزَمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِبَعِ بَطْنِهِ وَيَحْضُرُ مَا لَا يَحْضُرُوْنَ وَيَحْفَظُ مَا لَا يَحْفَظُوْنَ))

ہمارے مہاجرین بھائی تو بازار کی خرید وفروخت میں لگے رہتے تھے اور

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

انصار بھائی اپنی جائیدادوں میں مشغول رہتے اور ابو ہریرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جی بھر کر رہتا تھا (تا کہ آپ کی رفاقت میں شکم پری سے بھی بے فکر رہے) اور (ان مجلسوں میں) حاضر رہتا جن (مجلسوں) میں دوسرے حاضر نہ ہوتے اور وہ (باتیں) محفوظ رکھتا جو دوسرے محفوظ نہیں رکھ سکتے تھے۔

⑫ علم کی اہلیت نہ رکھنے والا:

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے فرمان کے مطابق:

((لَا تَمْنَعِ الْعِلْمَ مِنْ أَهْلِهِ فَتَأْثَمَ وَلَا تَنْشُرهُ عِنْدَ غَيْرِ أَهْلِهِ فَتُجَهَّلَ وَكُنْ طَبِيبًا رَفِيقًا يَضَعُ دَوَائَهُ حَيْثُ يَعْلَمُ أَنَّهُ يَنْفَعُ))

علم کے اہل سے علم کو مت روک ورنہ تو گناہگار ہوگا اور جو علم کے لائق نہیں ہے اس کو مت سکھا ورنہ تو جاہل شمار ہوگا اور نرم خو معالج کی حیثیت اختیار کر جو اپنی دواء کو وہاں استعمال کرتا ہے جہاں وہ مفید سمجھتا ہے۔ (سنن دارمی 379)

حاضرین مجلس!

علم سے محرومی بہت بڑی محرومی میں ہے مگر علم کے ہوتے ہوئے علم کی بہار سے محرومی اس سے بھی بڑی محرومی ہے شریعت کا پیغام ہے کہ!

دنیا کے لیے سیکھنے والا، تکبر کے لیے سیکھنے والا،

اپنے علم پہ فخر کرنے والا، اللہ سے نہ ڈرنے والا،

گناہ پہ گناہ کرنے والا، علم پہ عمل نہ کرنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سوال نہ کرنے والا، علم کو چھپانے والا،

علم کے لئے محنت نہ کرنے والا، علماء سے استفادہ نہ کرنے والا،

سبق کو تحریر نہ کرنے والا، علم سیکھنے میں حیاء کرنے والا،

علم کے لئے محنت نہ کرنے والا، علم کی اہلیت نہ رکھنے والا،

علم کی نعمت سے محروم ہے۔ مگر شریعت کی آسانی دیکھیے:

❶ تقوی اختیار کرنا:

علم و معرفت کا ذریعہ

(وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ) سورہ البقرہ 282

❷ آیات قرآنیہ میں تدبر کرنا:

علم و معرفت کا ذریعہ

(أَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْآنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا) سورہ محمد 24

❸ نماز تہجد کا اہتمام کرنا:

علم و معرفت کا ذریعہ

(اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَ اَقْوَمُ قِيْلاً) سورہ مزمل 6

❹ علم پہ عمل کرنا:

علم و معرفت کا ذریعہ

(كُنَّا نَسْتَعِيْنُ عَلٰى حِفْظِ الْعِلْمِ بِالْعَمَلِ بِه) مفتاح دار السعادۃ ج 1 ص 172

❺ اساتذہ کرام سے دعا لینا:

علم و معرفت کا ذریعہ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ وَعَلِّمْهُ التَّاوِيْلَ) المستدرک 6280

❻ علما کی محفل میں بیٹھنا:

علم ومعرفت کا ذریعہ

(وَلٰكِن يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاء) صحیح بخاری 100

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو علم نافع عطا فرمائے۔

ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو علم میں اضافے کا ذریعہ ہیں، ان کاموں سے محفوظ فرمائے جو علم کی روشنی سے محرومی کا ذریعہ ہیں، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق فرمائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301- 4894081
0313- 4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(15) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برکت سے محرومی کے اسباب

أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْداً كَثِيراً كَمَا أَمَرَ ،وَالشُّكْرُ لَهُ وَقَدْ تَأَذَّنَ بِالزِّيَادَةِ لِمَنْ شَكَرَ، وَالصَّلاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْبَشَرِ، وَشَفِيْعِهِمْ فِيْ الْمَحْشَرِ،وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ السَّادَةِ الْغَرَرِ، أَمَّا بَعْدُ :

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، وَلَو أَنَّ أَهْلَ الْقُرٰى آمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (الاعراف:96)

زندگی میں اللہ ذوالجلال کی جانب سے ملنے والی نعمتیں اور بہاریں تو بہت ہیں جن کا احاطہ لفظوں میں نہیں کیا جاسکتا ان نعمتوں میں سے،ان عطاؤں میں سے ایک نعمت برکت کی نعمت ہے۔دیکھنے میں تو چیز معمولی ہومگر اس میں اللہ خیر اتنی بھر دیتے ہیں کہ کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہوتی جہاں برکت کا مل جانا اتنی بڑی خوش نصیبی ہے وہاں کتنی بڑی محرومی ہے یہ، مال اور خزانے کے تو ڈھیر ہوں مگر بے برکتی اس قدر ہو کے ضرورتیں پوری ہونے کا نام نہ لیتی ہوں آیئے دیکھیے وہ کونسا بے نصیب ہے جو سب کچھ ہونے کے باوجود برکت سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

❶ قرآن سے اعراض کرنے والا:

سورہ طہٰ آیت نمبر 124 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((وَمَن أَعرَضَ عَن ذِكرِی فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكًا وَنَحشُرُهُ يَومَ القِيَامَةِ أَعمٰى))

اور جس نے میرے ذکر سے اعراض کیا تو بیشک اس کے لیے گزران تنگ ہوگا اور روز قیامت ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے۔

❷ آیات الٰہیہ کا انکار کرنے والا:

سورہ آلِ عمران آیت نمبر 112 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَضُرِبَتْ عَلَيهِمُ المَسكَنَةُ ذٰلِكَ بِأَنَّهُم كَانُوا يَكفُرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقتُلُونَ الأَنبِيَاءَ بِغَيرِ حَقٍّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعتَدُونَ))

اور ان پر ہر محتاجی مسلط کر دی گئی یہ اس وجہ سے ہوا کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے اور اس وجہ سے بھی نافرمانی کرتے اور حد سے بڑھ جاتے تھے۔

❸ گناہ کرنے والا:

سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 90 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَزِيدُ فِي العُمُرِ اِلَّا البِرُّ وَلَا يُرَدُّ القَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَحرِمُ الرِّزقَ بِخَطِيئَةٍ يَعمَلُهَا))

صرف نیکی ہی عمر میں اضافے کا باعث ہوتی ہے۔ تقدیر کو دعا کے سوا کوئی چیز نہیں بدلتی ہے بلاشبہ انسان کو بعض اوقات ایک گناہ کے ارتکاب کی وجہ سے رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔ (امام البانی نے وان الرجل کے علاوہ حسن کہا ہے)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ رزق کی قدر نہ کرنے والا:۔

سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی سنن ترمذی میں 1803 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِذَا مَاوَقَعَتْ لُقْمَةُ اَحَدِكُمْ فَلْيُمِطْ عَنْهَا الْاَذٰى وَلْيَاكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَالِلشَّيْطَانِ وَاُمِرْنَا اَنْ نَسْلَتِ الصَّحْفَةَ وَقَالَ اِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِيْ اَيِّ طَعَامِكُمُ الْبَرَكَةُ))

جب تم میں سے کسی ایک کا لقمہ گر جائے اسے صاف کر لے اور کھالے شیطان کے لئے نہ چھوڑے ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ (کھانے کے) برتن کو صاف کریں اور فرمایا کہ بے شک تم نہیں جانتے کھانے کے کون سے حصے میں برکت ہے۔ (مسند ابو یعلی 3312، قال حسین سلیم اسد اسنادہ صحیح)

❺ رضائے الٰہی پہ راضی نہ ہونے والا:

بنو سلیم کے کسی ایک شخص کی مسند احمد میں 20294 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَبْتَلِيْ عَبْدَهٗ بِمَا اَعْطَاهُ فَمَنْ رَضِيَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهٗ بَارَكَ اللّٰهُ لَهٗ فِيْهِ وَوَسَّعَهٗ وَمَنْ لَمْ يَرْضَ لَمْ يُبَارِكْ لَهٗ))

بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو دے کر آزماتے ہیں جو اللہ کی تقسیم پر راضی ہو جائے اسے اللہ برکت سے اور وسعت سے نوازتے ہیں اور جو تقسیم خداوندی پر راضی نہ ہو اسے برکت سے نہیں نوازتے۔ (السلسلہ الصحیحہ 1658)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❻ طمع اور لالچ کرنے والا:

سیدنا حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 1472 نمبر روایت:

((سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ يَاحَكِيْمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارِكْ لَهُ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ))

میں نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا آپ نے مجھے دے دیا، پھر میں نے سوال کیا آپ نے مجھے دے دیا، پھر میں نے سوال کیا آپ نے مجھے دے دیا، پھر فرمایا اے! حکیم یہ مال سرسبز میٹھا ہے جو دل کی سخاوت کے ساتھ لیتا ہے اللہ اسے برکت سے نوازتے ہیں اور جو اسے حرص اور لالچ کے ساتھ لیتا ہے اسے اس میں برکت نہیں دیتے اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو کھاتا تو ہے مگر سیر نہیں ہوتا۔

(صحیح مسلم 2434)

❼ حسد کرنے والا:

سورہ النساء آیت نمبر 54 میں ارشاد ربانی ہے:

((أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَىٰ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُمْ مُلْكًا عَظِيمًا))

کیا وہ اس پر لوگوں سے حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا ہے چنانچہ ہم نے آلِ ابراہیم کو کتاب اور حکمت دی اور بہت بڑی بادشاہی دی۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❽ ناشکری کرنے والا:

سورہ ابراہیم آیت نمبر 7 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ))

اور جب تمہارے رب نے آگاہ کر دیا اگر تم شکر کرو گے تو یقیناً میں تمہیں مزید دوں گا اور اگر تم کفر کرو گے تو بلا شبہ میرا عذاب بہت شدید ہے۔

❾ سود کھانے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 276 میں ارشادِ ربانی ہے:

((يَمْحَقُ اللَّهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ))

اللہ سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے گناہ گار کو پسند نہیں کرتا۔

❿ جھوٹی قسم کھانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 2087 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((الحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ))

جھوٹی قسم سامان کی بکنے کا ذریعہ ہے (جبکہ) برکت مٹا دینے کا ذریعہ (بھی) ہے۔

⓫ جھوٹ بولنے والا:

سیدنا حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 2079 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا أَو قَالَ حَتَّى يَتَفَرَّقَا فَإِن صَدَقَا وَبَيَّنَا بُورِكَ لَهُمَا فِي بَيعِهِمَا وَإِن كَتَمَا وَكَذَبَا مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا))

بائع اور مشتری دونوں کو اختیار ہے جب تک جدا نہ ہوں یا یہ فرمایا کہ یہاں تک کہ علیحدہ ہوں اگر وہ دونوں سچ بولیں اور عیب ظاہر کر دیں تو انہیں ان کی اس تجارت میں برکت دی جائے گی اور اگر جھوٹ بولے یا عیب چھپائیں تو بیع کی برکت مٹا دی جائے گی۔ (صحیح مسلم 3937)

⓬ ناحق مال ہتھیانے والا:

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 2468 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنْ يَأْخُذُ مَالًا بِغَيْرِ حَقِّهِ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ))

جو ناحق کسی کا مال ہتھیا لیتا ہے اس کی مثال تو اس شخص کی ہے جو کھاتا تو ہے مگر سیر نہیں ہوتا۔

⓭ بخل کرنے والا:

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 1442 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِن يَومٍ يُصبِحُ العِبَادُ فِيهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنزِلَانِ فَيَقُولُ أَحَدُهُمَا: اللَّهُمَّ أَعطِ مُنفِقًا خَلَفًا وَيَقُولُ الآخَرُ: اللَّهُمَّ أَعطِ مُمسِكًا تَلَفًا))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

”کوئی دن ایسا نہیں جس میں بندے صبح کرتے ہیں مگر دو فرشتے نازل ہوتے ہیں ان میں سے ایک دعا کرتے ہوئے کہتا ہے، اے اللہ خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما اور دوسرا (بددعا کرتے ہوئے کہتا ہے) اے اللہ روکنے والے کو تباہی دے۔ (صحیح مسلم 2383)

⑭ دنیا کی حرص کرنے والا:

سیدنا زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 4105 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ أَمْرَهُ وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ))

جس کو دنیا کی فکر لگی ہو اللہ تعالیٰ اس کے کام بکھیر دیتا ہے اور اس کا فقر اس کی آنکھوں کے سامنے کر دیتا ہے اور اسے دنیا اتنی ہی ملتی ہے جتنی اس کے لئے مقدر ہے۔ (سلسلہ الصحیحہ مختصرۃ 950)

⑮ اپنے ہی خلاف دعا کرنے والا:

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 7705 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تَدْعُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى اَوْلَادِكُمْ وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى أَمْوَالِكُمْ لَا تُوَافِقُوْا مِنَ اللّٰهِ سَاعَةً يُسْأَلُ فِيْهَا عَطَاءٌ فَيَسْتَجِيْبُ لَكُمْ))

اپنے لئے بددعا نہ کیجئے اپنی اولاد کے لئے بددعا نہ کیجئے اپنے مال کے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

لیے بددعا نہ کیجئے (کہیں ایسا نہ ہو) قبولیت کی گھڑی ہو اور تمہاری دعا کو شرف قبولیت سے نواز دیا جائے۔

حاضرین مجلس!

وہ کونسا بے نصیب ہے جو برکت جیسی نعمت سے محروم ہے:

شریعت کی رہنمائی یہ ہے۔

گناہ کرنے والا، قرآن سے اعراض کرنے والا،

رزق کی قدر نہ کرنے والا، آیات الٰہیہ کا انکار کرنے والا،

رضائے الٰہی پر راضی نہ ہونے والا، طمع اور لالچ کرنے والا،

حسد کرنے والا، ناشکری کرنے والا،

سود کھانے والا، جھوٹی قسم کھانے والا،

ناحق مال ہتھیانے والا، دنیا کی حرص کرنے والا،

اپنے ہی خلاف دعا کرنے والا، برکت سے محروم ہے۔

مگر شریعت کی آسانی دیکھیے:

رزق میں برکت، اولاد میں برکت،

عمر میں برکت، گھر بار میں برکت،

کاروبار میں برکت معاملات میں برکت

اگر ایسی ہی برکات کا ارادہ رکھتے ہو تو

❶ ایمان وتقوی اختیار کیجیے:

(لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ) سورہ اعراف 96

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❷ کلامِ ربانی کی تلاوت کیجیے:

(وَهَـٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ) سورہ انعام125

❸ رب کی بندگی کیجیے:

(تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِیْ اَمْلَأْ صَدْرَکَ غِنًا) جامع ترمذی2466

❹ رب کے شکر گزار ہو جایئے:

(لَئِن شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ) سورہ ابراھیم 7

❺ استطاعت کے مطابق صدقہ وخیرات کیجیے:

(وَمَا أَنفَقْتُم مِّن شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُه) سورہ سبا 39

❻ سچ بولنے کا اہتمام کیجیے:

(بُوْرِکَ لَهُمَافِیْ بَيْعِهِمَا) صحیح بخاری1973

❼ سلام کو عام کیجیے:

(تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً) سورہ النور 61

❽ صبح کے وقت کو استعمال کیجیے:

(اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُكُوْرِهَا) سنن ابی داوود2606

اللہ ذوالجلال اپنی رحمت سے برکتوں سے بھی نوازیں گے، راحتوں سے بھی نواز دیں گے۔ میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپکو برکتوں سے نوازے جب تک رکھے ایمان کے ساتھ رکھے، جب بھی بلائے ایمان کے ساتھ بلائے خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

16 بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نیکی کے اجر سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمُنُّ عَلٰى عِبَادِهٖ بِمَوَاقِعِ الْخَيْرِ أَفْرَاحاً، وَيَدْفَعُ عَنْهُمْ بِلُطْفِهٖ أَسْبَابَ الرَّدِيِّ شُرُوْراً وَأَتْرَاحاً، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ مُبْدِعُ الْكَائِنَاتِ أَرْوَاحاً وَأَشْبَاحاً ،وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَافِعُ لِوَاءِ الدِّيْنِ دَعْوَةً وَإِصْلَاحاً، وَالْهَادِيْ إِلٰى طَرِيْقِ الرَّشَادِ سَعَادَةً وَفَلَاحاً، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ خَيَارِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ تُقىً وَصَلَاحاً، وَمَنْ تَبِعَهُمْ مَا تَعَاقَبَتِ اللَّيَالِيْ وَالْأَيَّامُ مَسَاءً وَصَبَاحاً،أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم،

﴿ وَلَو أَشرَكُوا لَحَبِطَ عَنهُم مَا كَانُوا يَعمَلُونَ﴾ (الانعام:88)

ایک شخص جو زمین میں بیج بھی بوتا ہو، دیکھ بھال کرتے کبھی آتا ہو کبھی جاتا ہو، کبھی پانی لگاتا ہو، کبھی کھاد بھی لگاتا ہو، وقت بھی دیتا ہو، توجہ بھی دیتا ہو، انتظار بھی کرتا ہو، محنت بھی کرتا ہو، وقت کے ساتھ ساتھ خوش بھی ہوتا ہو، دل ہی دل میں اپنی محنت کے پھل کو یقینی بھی سمجھتا ہو، مگر محنت کے باوجود وقت کے باوجود انتظار کے باوجود اس کی ساری کی ساری

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فصل ضائع ہو جائے، دکھ کتنا ہوگا، پریشانی کتنی ہوگی، مگر اس کی پریشانی کو لفظوں میں کیسے ڈھال دوں، محنت کے باوجود مشقت کے باوجود کی ہوئی نیکی کے اجر سے محروم کر دیا جائے، آیئے دیکھیے وہ کون سے بے نصیب ہیں جن کی نیکیاں بھی مٹا دی جاتی ہیں۔

❶ شرک کرنے والا:

سورہ الانعام آیت نمبر 88 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَلَو أَشرَكُوا لَحَبِطَ عَنهُم مَا كَانُوا يَعمَلُونَ))

اور اگر وہ شرک کرتے تو ان کے تمام اعمال ضائع ہو جاتے۔

سورہ الزمر آیت نمبر 65 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الخَاسِرِيْنَ))

اور البتہ تحقیق آپ کی طرف اور آپ سے پہلے انبیاء کی طرف وحی کی گئی ہے کہ اگر آپ نے شرک کیا تو آپ کے اعمال ضائع ہو جائیں گے اور آپ خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔

❷ ریاکاری کرنے والا:

سورہ ھود آیت نمبر 16، 15 میں ارشاد ربانی ہے:

((مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ(14)أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ))

جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت پر فریفتہ ہوا چاہتا ہو ہم ایسوں کو ان کے کل اعمال (کا بدلہ) یہیں بھرپور پہنچا دیتے ہیں اور یہاں انھیں کوئی کمی نہیں کی جاتی ہاں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں سوائے آگ کے اور کچھ نہیں اور جو کچھ انہوں نے یہاں کیا ہوگا وہاں سب اکارت ہے اور جو کچھ ان کے اعمال تھے سب برباد ہونے والے ہیں۔

❸ حالت کفر میں وفات پانے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 217 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأُولٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ))

اور تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے اور کفر کی حالت میں وفات پائے تو اس کے تمام اعمال دنیا و آخرت دونوں میں ضائع ہو جائیں گے یہ لوگ جہنمی ہیں اور ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

❹ دین سے منہ موڑنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 5 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ يَكْفُرْ بِالْإِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ))

اور جو کوئی ایمان سے روگردانی کرے گا اس کے تمام اعمال ضائع ہو گے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور وہ آخرت میں خسارہ اٹھائے گا۔

❺ قرآن سے منہ موڑنے والا:

سورہ الکہف آیت نمبر 105 میں ارشاد ربانی ہے:

((أُولٰئِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِآیَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ یَوْمَ القِیَامَةِ وَزْنًا))

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی آیتوں اور اس کی ملاقات سے کفر کیا اس لیے ان کے اعمال غارت ہوگئے پس قیامت کے دن ہم ان کا کوئی وزن قائم نہ کریں گے

❻ سنت سے منہ موڑنے والا:

سورہ الغاشیہ آیت نمبر 1 تا 4 میں ارشاد ربانی ہے:

((هَلْ أَتَاکَ حَدِیْثُ الغَاشِیَةِ o وُجُوْهٌ یَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ o عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ o تَصْلَی نَارًا حَامِیَةً))

کیا تجھے بھی چھپا لینے والی (قیامت) کی خبر پہنچی ہے اس دن بہت سے چہرے ذلیل ہوں گے (اور) محنت کرنے والے تھکے ہوئے ہوں گے وہ دہکتی آگ میں جائیں گے۔

❼ اللہ سے نہ ڈرنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 27 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَأَ ابْنَیْ آدَمَ بِالحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ یُتَقَبَّلْ مِنَ الآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّکَ قَالَ إِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ المُتَّقِیْنَ))

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آدم علیہ السلام کے دونوں بیٹوں کا کھرا کھرا حال انہیں سنا دو ان دونوں نے ایک نذرانہ پیش کیا ان میں سے ایک کی نذر قبول ہوگئی اور دوسرے کی مقبول نہ ہوئی تو وہ کہنے لگا میں تجھے مار ہی ڈالوں گا اس نے کہا اللہ تعالیٰ تقوی والوں کا ہی عمل قبول کرتا ہے۔

❽ تنہائی میں گناہ کرنے والا:

سیدنا ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 4245 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَأَعْلَمَنَّ أَقْوَامًا مِنْ أُمَّتِي يَأْتُونَ يَوْمَ القِيَامَةِ بِحَسَنَاتٍ أَمْثَالِ جِبَالِ تِهَامَةَ بِيضًا فَيَجْعَلُهَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ هَبَاءً مَنْثُورًا قَالَ ثَوْبَانُ يَا رَسُولَ اللَّهِ صِفْهُمْ لَنَا جَلِّهِمْ لَنَا أَنْ لَا نَكُونَ مِنْهُمْ وَنَحْنُ لَا نَعْلَمُ قَالَ أَمَا إِنَّهُمْ إِخْوَانُكُمْ وَمِنْ جِلْدَتِكُمْ وَيَأْخُذُونَ مِنَ اللَّيْلِ كَمَا تَأْخُذُونَ وَلَكِنَّهُمْ أَقْوَامٌ إِذَا خَلَوْا بِمَحَارِمِ اللَّهِ انْتَهَكُوهَا))

میں جانتا ہوں ان لوگوں کو جو قیامت کے دن تہامہ کے پہاڑوں کے برابر نیکیاں لے کر آئیں گے لیکن اللہ تعالیٰ ان کو اس غبار کی طرح کر دے گا جو اڑ جاتا ہے۔ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان لوگوں کا حال ہم سے بیان کر دیجئے اور کھول کر بیان فرمائے تا کہ ہم لاعلمی سے ان لوگوں میں نہ ہو جائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جان لو کہ وہ لوگ تمہارے بھائیوں میں سے ہیں اور تمہاری قوم میں سے اور رات کو اسی طرح عبادت کریں گے جیسے تم عبادت کرتے ہو لیکن وہ لوگ یہ کریں گے کہ جب اکیلے ہونگے تو

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرام کاموں کا ارتکاب کریں گے۔ (سلسلہ الصحیحہ 505)

❾ اللہ کے پیغمبر کا ادب نہ کرنے والا:

سورہ الحجرات آیت نمبر 2 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ))

اے ایمان والو اپنی آواز نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے بلند نہ کرو اور نہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اونچی آواز میں بات کیا کرو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے سے کرتے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔

❿ بدعت کا ارتکاب کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح بخاری میں 2697 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ فِيْهِ فَهُوَ رَدٌّ))

جس نے دین کے اندر کوئی ایسی چیز ایجاد کی جو دین کا حصہ نہیں تو وہ مردود ہے۔ (صحیح مسلم 4589)

⓫ ظلم و زیادتی کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 2581 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((أَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ . قَالُوْا الْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لاَ دِرْهَمَ لَهُ وَلاَ مَتَاعَ فَقَالَ إِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ أُمَّتِيْ يَأْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلاَةٍ وَصِيَامٍ وَزَكَاةٍ وَيَأْتِيْ قَدْ شَتَمَ هَذَا وَقَذَفَ هَذَا وَأَكَلَ مَالَ هَذَا وَسَفَكَ دَمَ هَذَا وَضَرَبَ هَذَا فَيُعْطَىٰ هَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ وَهَذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْضَى مَا عَلَيْهِ أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ))

کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کسے کہتے ہیں؟ صحابہ کرام نے عرض کیا مفلس تو وہی ہے جس کے پاس پیسے نہ ہوں، نہ ہی کوئی سامان ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ، اور زکوٰۃ جیسی نیکیاں لے کر حاضر ہوگا لیکن کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کو قتل کیا ہوگا، کسی کو مارا ہوگا، لہٰذا اس کی نیکیاں مختلف لوگوں میں تقسیم کر دی جائیں گی اگر اس کی نیکیاں ختم ہو گئیں اور مظلوموں کے حقوق باقی رہ گئے تو پھر ان کے گناہ اس کے حساب میں ڈال دیئے جائیں گے اور اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

⓬ احسان جتلانے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 264 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَى))

اے لوگو جو ایمان لائے ہو اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور دکھ دے کر

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

برباد نہ کرو۔

⓭ قطع تعلقی کرنے والا:

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 2565 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((تُفْتَحُ أَبْوَابُ الجَنَّةِ يَوْمَ الاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لاَ يُشْرِكُ بِاللَّهِ شَيْئًا إِلاَّ رَجُلاً كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ أَنْظِرُوْا هَذَيْنِ حَتَّى يَصْطَلِحَا أَنْظِرُوْا هَذَيْنِ حَتَّى يَصْطَلِحَا أَنْظِرُوْا هَذَيْنِ حَتَّى يَصْطَلِحَا))

سوموار اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور وہ تمام لوگ بخش دیے جاتے ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے البتہ وہ شخص جو باہم کینہ رکھتے ہیں ان کی بخشش نہیں ہوتی حکم ہوتا ہے انہیں مہلت دے دو حتیٰ کہ صلح کر لیں۔

⓮ دل میں نفاق رکھنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 53 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَهَؤُلَاءِ الَّذِيْنَ أَقْسَمُوْا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوْا خَاسِرِيْنَ))

اور اس وقت اہل ایمان کہیں گے: کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ کے نام سے کڑی کڑی قسمیں کھا کر یقین دلاتے تھے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں ان کے سب اعمال ضائع ہو گئے اور آخر کار یہ ناکام و نامراد ہو کر رہے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑮ جھوٹ بولنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 1903 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالعَمَلَ بِهِ فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ أَنْ يَدَعَ طَعَامَهُ وَشَرَابَهُ))

جو شخص جھوٹ بولنا اور اس پر عمل کرنا نہ چھوڑے تو اللہ کو کوئی ضرورت نہیں کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑ دے۔

⑯ نماز عصر ادا نہ کرنے والا:

سیدنا بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 553 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ العَصْرِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ))

جس نے عصر کی نماز چھوڑ دی تو اس کا عمل ضائع ہو گیا۔

⑰ شوق کے لئے کتا پالنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 5472 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ اقْتَنَى كَلْبًا لَيْسَ بِكَلْبِ مَاشِيَةٍ أَوْ ضَارِيَةٍ نَقَصَ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عَمَلِهِ قِيْرَاطَانِ))

جو شخص کتا پالے سوائے کھیتی یا ریوڑ کی حفاظت کی غرض سے تو اس کے نیک عمل سے ہر روز دو قیراط ثواب کم کیا جائے گا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حاضرین مجلس!

اس سے بڑی محرومی، اس سے بڑی بے نصیبی اور کیا ہوسکتی ہے کہ محنت کے باوجود مشقت کے باوجود کی ہوئی نیکیاں بھی مٹادی جائیں شریعتِ اسلامیہ کی روشنی میں:

شرک کرنے والا اپنی نیکیوں کے اجر سے محروم ہے۔

ریا کاری کرنے والا، آخرت کا انکار کرنے والا، دین سے منہ موڑنے والا،

سنت سے منہ موڑنے والا، اللہ سے نہ ڈرنے والا، تنہائی میں گناہ کرنے والا،

اللہ کے پیغمبر کا ادب نہ کرنے والا، بدعت کا ارتکاب کرنے والا،

ظلم وزیادتی کرنے والا، نیکی کے بعد احسان جتلانے والا،

قطع تعلقی کرنے والا، اپنی زبان سے جھوٹ بولنے والا،

نماز عصر ادا نہ کرنے والا، اور شوقیہ کتا پالنے والا اپنی ہی نیکی کے اجر سے محروم ہے۔

ایک جانب رب کی نافرمانی کی وجہ سے اس قدر محرومیاں ہیں

تو اس کے مقابلے میں رب کی اطاعت اور بندگی پہ

اللہ کریم کے انعامات بھی بہت ہیں،

شریعت کے انعامات دیکھیے: نیکی کا صرف ارادہ ہو

اللہ رب العزت صرف ارادے کو دیکھ کر اجر وثواب سے نواز دیا کرتے ہیں

رب کی جانب سے انعام واکرام تو دیکھیے

❶ نیک ارادے کے ساتھ ایک نیکی ثواب دوگنا

(وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا) سورہ النساء 40

❷ نیک ارادے کے ساتھ ایک نیکی ثواب دس گنا

(فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا) سورہ انعام 160

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❸ نیک نیتی کے ساتھ ایک نیکی ثواب سات سو گنا

(كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ) سورہ البقرہ 261

❹ نیک نیتی کے ساتھ ایک نیکی ثواب بہت زیادہ

(فَيُضَاعِفَهُ لَهُ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً) سورہ البقرہ 245

❺ نیک ارادے کے ساتھ ایک نیکی ثواب دس لاکھ گنا

(كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَة) صحیح الجامع 6231

❻ نیک ارادے کے ساتھ ایک نیکی بہت بڑی خیر کا ذریعہ

(فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا) سورہ النمل 89

❼ نیک نیتی کے ساتھ ایک نیکی بہت بڑے اجر کا ذریعہ

(وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا) سورہ النساء 40

❽ کیونکہ میرا رب بہت قدردان ہے

(فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ) سورہ البقرہ 158

❾ وہ کسی پہ ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا

(اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ) سورہ النساء 40

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان محرومیوں سے بچائے اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو محرومی کی بجائے سعادت کا ذریعہ ہیں۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

17 بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نماز کی قبولیت سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ،الَّذِیْ قَالَ فِیْ كِتَابِهِ الْمُبِيْنِ، وَقُوْمُوْالِلّٰهِ قَانِتِيْنَ، وَقَالَ عَنِ الصَّلَاةِ وَاِنَّهَالَكَبِيْرَةٌ اِلَّاعَلَى الْخَاشِعِيْنَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ، وَسَيِّدِالْخَاشِعِيْنَ، مُحَمَّدُ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ اَجْمَعِيْنَ، اَمَّابَعْدُ :

فَاَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ،

﴿ قَدْاَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ، اَلَّذِيْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ﴾

(المؤمنون)

جتنی اونچی اڑان ہوا کرتی ہے چوٹ بھی اتنی گہری ہوا کرتی ہے، جتنا رشتہ قریب کا ہوا کرتا ہے ،جتنا تعلق مضبوط ہوا کرتا ہے ذمہ داری، احساس بھی اس قدر زیادہ ہوا کرتا ہے۔ایک تو وہ ہے جس کے آنے کو کسی ڈیرے دار نے ٹھکرا دیا ہو، دکھ تو اسے بھی ہے جسے عزیز رشتہ دار نے ٹھکرا دیا ہو۔بہن بھائی، استاد یا والدین نے ٹھکرا دیا ہو،مگر اس کے رنج وغم کولفظوں میں کیسے ڈھال دیا جائے جس کے آنے کوٹھکرا دے خود عرش والا رحمان ٹھکرا دے۔

آیئے دیکھئے وہ کونسے بے نصیب ہیں جنکی نماز تک کواللہ قبول نہیں فرماتے ؟ جب تک وہ اپنی حرکات سے باز نہیں آتے نہ ان کا قیام قبول، نہ انکا رکوع قبول،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نہ ان کا کوئی سجدہ قبول، اللہ ذوالجلال ہم سب کی حفاظت فرمائے۔ آمین

❶ ریاکاری کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 7666 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنَا أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلاً أَشْرَكَ فِيهِ مَعِي غَيْرِي تَرَكْتُهُ وَشِرْكَهُ))

میں سب شرکاء کے شرک سے بے نیاز ہوں جس نے کوئی بھی عمل کیا اور اس عمل میں میرے ساتھ میرے غیر کو شریک کیا میں اس کو اور اس کے شرک کو چھوڑ دیتا ہوں۔

❷ بدعت کا ارتکاب کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح بخاری میں 2697 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ فِيهِ فَهُوَ رَدٌّ))

جس نے دین کے اندر کوئی ایسی چیز ایجاد کی جو دین کا حصہ نہیں ہے وہ مردود ہے۔ (صحیح مسلم 4589)

❸ دل میں نفاق رکھنے والا:

سورہ المائدہ آیت نمبر 53 میں ارشادِ ربانی ہے:

((وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ))

اور اس وقت اہل ایمان کہیں گے کہ وہی لوگ ہیں جو اللہ کے نام سے

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کڑی کڑی قسمیں کھا کر یقین دلاتے تھے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں ان کے سب اعمال ضائع ہوگئے اور آخرکار یہ ناکام ونامراد ہوکر رہے۔

❹ حرمت مدینہ کو پامال کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 1870 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((الْمَدِينَةُ حَرَمٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ إِلَى كَذَا مَنْ أَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا أَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ))

مدینہ عائر (نامی پہاڑ) سے لے کر فلاں مقام (ثور) تک حرم ہے جو شخص یہاں بدعت ایجاد کرے اس پر عمل کرے یا بدعتی کو پناہ دے اس پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب انسانوں کی لعنت اس کی نہ کوئی نفل عبادت قبول ہوگی اور نہ کوئی فرض عبادت۔ (صحیح مسلم 3389)

❺ علم نجوم کا دعوی کرنے والے سے غیب کی خبر پوچھنے والا:

سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی صحیح مسلم میں 5957 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَتَى عَرَّافًا فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً))

جو شخص کسی نجومی کے پاس آئے اور اس سے کسی چیز کے متعلق پوچھے تو اس کی چالیس رات کی نماز قبول نہیں کی جائے گی۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❻ حرام کھانے والا:

سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 1015 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ اللَّهَ طَيِّبٌ لاَ يَقْبَلُ إِلاَّ الطَّيِّبَ وَإِنَّ اللَّهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِينَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرسَلِينَ قَالَ: يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعمَلُوا صَالِحًا إِنِّي بِمَا تَعمَلُونَ عَلِيمٌ، وَقَالَ:يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقنكُم،ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيلُ السَّفَرَ أَشعَثَ أَغبَرَ يَمُدُّ يَدَيهِ إِلَى السَّمَاءِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلبَسُهُ حَرَامٌ وَقَد غُذِّيَ بِالحَرَامِ فَأَنَّى يُستَجَابُ لَهُ.

”بیشک اللہ رب العزت خود بھی پاک ہیں اور پاکیزہ ہی قبول فرماتے ہیں اور بیشک اللہ رب العزت نے جو حکم انبیاء کرام کو دیا (اے انبیاء کرام کی جماعت حلال کھانا اور نیک اعمال کرنا، بیشک میں جانتا ہوں جو تم کرتے ہو) وہی حکم مومن بندوں کو بھی دیا فرمایا (اے مومنوں کی جماعت پاکیزہ چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو دیا) پھر ایک بندے کا ذکر کیا، جو لمبا سفر کرتا ہے، پراگندہ حال، غبار آلود اپنے ہاتھوں کو بلند کرتا ہے آسمان کی جانب۔ یَا رَبِّ ، یَارَبِّ۔ اس حال میں کہ اس کا کھانا بھی حرام کا، پینا بھی حرام کا، لباس بھی حرام کا اور اس کی غذا بھی حرام کی، اس کی دعا کو کیسے شرف قبولیت سے نوازدیا جائے؟“۔

❼ شراب نوشی کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 1862 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ شَرِبَ الخَمْرَ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَإِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ لَمْ يَقْبَلِ اللَّهُ لَهُ صَلَاةً أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَإِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَقَاهُ مِنْ نَهرِ الخَبَالِ قِيْلَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَمَا نَهْرُ الخَبَالِ قَالَ نَهْرٌ مِنْ صَدِيْدِ أَهْلِ النَّارِ))

جس نے شراب پی تو اللہ تعالیٰ چالیس روز تک اس کی نماز قبول نہیں فرمائے گا پس اگر اس نے توبہ کر لی تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے گا اگر اس نے دوبارہ پی تو اللہ تعالیٰ چالیس روز تک اس کی نماز قبول نہیں فرمائے گا پس اگر اس نے توبہ کر لی تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمائے گا اگر اس نے چوتھی مرتبہ بھی پی لیں پھر تو اللہ اس کی چالیس روز تک نماز قبول نہیں فرمائے گا پس اگر اس نے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول نہیں فرمائے گا اور اسے خبال نامی نہر سے پلائے گا کہا گیا اے ابو عبدالرحمٰن نہر خبال کیا ہے کہا جہنمیوں کے خون اور پیپ کی نہر سے پلایا جائے گا۔ (قال الشیخ البانی صحیح)

❽ بلا عذر ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 638 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((وَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى لَا يَقْبَلُ صَلَاةَ رَجُلٍ مُسْبِلٍ إِزَارَهُ))

اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں فرمائے گا جو تہہ بند لٹکا کر کا نماز پڑھتا ہو۔ (صحیح النووی: 4/457)

❾ قبر کی جانب منہ کر کے نماز پڑھنے والا:

سیدنا ابو مرثد غنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 972 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تُصَلُّوا إِلَى الْقُبُورِ وَلَا تَجْلِسُوا عَلَيْهَا))

قبروں کی طرف منہ کر کے نماز مت پڑھو اور نہ ہی ان پر بیٹھو۔

❿ سورہ الفاتحہ کے بغیر نماز پڑھنے والا:

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 756 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ))

اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی جو سورہ الفاتحہ نہ پڑھے۔ (صحیح مسلم 900)

⓫ اطمینان کے بغیر نماز پڑھنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 757 نمبر روایت:

((أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلَّى فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ وَقَالَ اِرْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ فَرَجَعَ يُصَلِّي كَمَا صَلَّى ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِرْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ ثَلَاثًا فَقَالَ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أُحْسِنُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غَيْرَهُ فَعَلِّمْنِيْ فَقَالَ إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَكَبِّرْ ثُمَّ اِقْرَأْ مَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ ثُمَّ ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا ثُمَّ اِرْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا ثُمَّ اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا ثُمَّ اِرْفَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا وَافْعَلْ ذٰلِكَ فِيْ صَلَاتِكَ كُلِّهَا))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد میں تشریف لے گئے اسی وقت ایک شخص آیا اور اس نے نماز پڑھی اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا آپ نے جواب دیا اور فرمایا کہ نماز پڑھ کیوں کہ تو نے نماز نہیں پڑھی پس وہ لوٹ گیا اور اس نے نماز پڑھی جیسا کہ اس نے پڑھی تھی پھر واپس آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جا نماز پڑھ کیونکہ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ تین مرتبہ (اسی طرح ہوا)۔ تب وہ بولا کہ قسم ہے اس کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اس سے بہتر نماز ادا نہیں کرسکتا۔ لہٰذا آپ مجھے سکھا دیجئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم نماز کے لئے کھڑے ہو تو تکبیر کہو اس کے بعد جو تمہیں قرآن سے یاد ہو اس کو پڑھو پھر رکوع کرو یہاں تک کہ رکوع میں اطمینان سے رہو پھر سر اٹھاؤ یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہو جاؤ پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ سجدے میں اطمینان سے رہو پھر سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ اور اپنی پوری نماز میں اسی طرح کرو۔

سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحیح ابن حبان میں 1891 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اِنَّهُ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَّا يَقُمْ صُلْبَهُ))

بیشک اس کی نماز نہیں جو (رکوع) میں اپنی کمر کو سیدھا نہیں کرتا۔

⑫ نیند کے غلبے میں نماز پڑھنے والا:

سورہ النساء میں آیت نمبر 43 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقْرَبُوْا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ))

اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب تم نشہ کی حالت میں ہو تو نماز کے قریب مت جاؤ (نماز اس وقت پڑھنی چاہیے) جب تم جانو کہ کیا کہہ رہے ہو۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح بخاری میں 212 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَرْقُدْ حَتّٰى يَذْهَبَ عَنْهُ النَّوْمُ))

جب تم میں سے کوئی شخص اونگھنے لگے اور وہ نماز پڑھ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ سو جائے یہاں تک کہ اس کی نیند جاتی رہے۔

⑬ صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والا:

سیدنا وابصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 682 نمبر روایت:

((أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ رَأٰى رَجُلاً يُصَلِّيْ خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ فَأَمَرَهُ أَنْ يُعِيْدَ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک شخص کو صف کی پیچھے تنہا نماز پڑھتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو نماز دوہرانے کا حکم

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فرمایا۔ (قال الشیخ البانی صحیح)

نوٹ: اگلی صفحوں میں جگہ بالکل نہ ہو تو بعض علماء نے اس کو مستثنیٰ کیا ہے۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا)

فرض نماز کے وقت دوسری نماز پڑھنے والا:۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 71 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةُ))

جب جماعت کھڑی ہو جائے تو کوئی نماز نہیں سوائے فرض نماز کے۔

⓱ بلا عذر نماز کے لیے مسجد میں نہ آنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 551 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ سَمِعَ الْمُنَادِيَ فَلَمْ يَمْنَعْهُ مِنَ اتِّبَاعِهِ عُذْرٌ قَالُوْا وَمَا الْعُذْرُ قَالَ خَوْفٌ أَوْ مَرَضٌ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ الصَّلَاةُ الَّتِيْ صَلَّى))

جب کوئی شخص اذان کی آواز سنے اور نماز کے لیے نہ جائے باوجود اس کے کہ کوئی عذر بھی نہ ہو انہوں نے کہا عذر کیا ہے؟ فرمایا خوف یا بیماری تو اس کی تنہا پڑھی ہوئی نماز قبول نہ ہوگی۔ (قال الشیخ البانی صحیح دون جملة العذر)

⓲ شرعی کوتاہیوں کے پیش نظر مقتدیوں کو ناراض کرنے والا:

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 360 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((ثَلاثَةٌ لَا تُجَاوِزُ صَلَاتُهُمْ آذَانَهُمْ العَبْدُ الآبِقُ حَتَّى يَرْجِعَ وَامرَأَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ وَإِمَامُ قَوْمٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ))

تین قسم کے آدمی ایسے ہیں جن کی نمازیں ان کے کانوں سے اوپر نہیں جاتیں (قبول نہیں ہوتی) مالک سے بھاگا ہوا غلام جب تک واپس نہ آجائے۔ عورت رات گزارے اور اس کا خاوند اس پر ناراض ہو۔ ایسا امام جس کی قوم اسے ناپسند کرتی ہو۔ (قال الشیخ البانی حسن)

⑰ خوشبو لگا کر مسجد میں آنے والی:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 9434 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((أَيُّمَا امرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ إِلَى المَسْجِدِ لِيُوْجَدَ رِيْحُهَا لَمْ يُقْبَلْ مِنْهَا صَلَاةٌ حَتَّى تَغْتَسِلَ اغْتِسَالَهَا مِنَ الجَنَابَةِ))

جو عورت خوشبو لگائے پھر وہ مسجد کی طرف جائے اس حال میں کہ خوشبو آ رہی ہو اس کی نماز قبول نہیں ہوگی جب تک غسلِ جنابت کی طرح نہ نہائے۔ (صحیح الجامع 2703، قال الشیخ البانی صحیح)

⑱ بغیر دوپٹہ کے نماز پڑھنے والی:

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی جامع ترمذی میں نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ الْحَائِضِ اِلَّا بِخِمَارٍ))

بالغ عورت کی نماز بغیر اوڑھنی کے قبول نہیں کی جاتی۔ (صحیح الجامع 7383)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حاضرین مجلس!

لاکھ محرومیاں ایک جانب اس سے بڑی محرومی اور کیا ہو گی کہ نماز کی ادائیگی کے باوجود کسی شخص کی نماز کو اللہ کے حضور شرف قبولیت کی بجائے رد کر دیا جائے۔شریعت اسلامیہ کا پیغام یہ ہے کہ ریا کاری کرنا، بدعت کا ارتکاب کرنا،

دل میں نفاق رکھنا، حرمت مدینہ کو پامال کرنا،

علم نجوم کا دعوی کرنے والا، حرام کھانا،

شراب نوشی کرنا، ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانا،

قبر کی جانب منہ کر کے نماز پڑھنا، سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز پڑھنا،

جلدی جلدی نماز پڑھنا، حالت نیند میں نماز پڑھنا،

صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنا، فرض نماز کے وقت دوسری نماز پڑھنا،

بلا عذر مسجد میں فرض نماز نہ پڑھنا، کسی عورت کا خوشبو لگا کر بازار نکلنا،

بغیر دوپٹہ کے عورت کا نماز ادا کرنا، خاوند کی نافرمانی کرنا،

ایسے ناپسندیدہ کام ہیں کہ ان کا ارتکاب کرنے سے

مالک الملک اس شخص کی نماز بھی قبول نہیں فرماتے ہیں۔

مگر میرا رب کس قدر غفور الرحیم ہے، کس قدر رحمٰن اور رحیم ہے

میرے رب کی عنایتیں، میرے رب کی رحمتیں،

میرے رب کی نوازشیں، ذرہ اندازہ تو کیجیے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَرْكَعُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَكْعَتَيْنِ يُقْبِلُ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ إِلَّا فَقَدْ أَوْجَبَ))

صرف دو رکعتیں ،صرف دو رکعتیں پوری توجہ کے ساتھ ، پوری بصیرت کے ساتھ جو شخص ادا کر لیتا ہے میرا رب جنت اس پہ واجب فرما دیتا ہے۔

(سنن ابی داوود 169)

اللہ ذوالجلال مجھے اور آپ کو ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو شرفِ قبولیت کا ذریعہ ہیں اور ان کاموں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے جن سے میرا رب نماز بھی قبول نہیں فرماتا اللہ ذوالجلال ہمارا خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(18) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دعا کی قبولیت سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مُسْتَحِقُّ الْحَمْدِ وَأَهْلِهِ، الْمُنْعِمِ عَلٰى خَلْقِهِ بِسَابِغِ نِعَمِهِ وَفَضْلِهِ، الَّذِىْ جَعَلَ أَفْئِدَةَ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ مُتَعَلِّقَةً بِهِ ،وَأَلْسِنَتِهِمْ نَاطِقَةً بِذِكْرِهِ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ شَهَادَةً مُخْلِصًا لِلّٰهِ فِىْ سِرِّهِ وَجَهْرِهِ ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الْقَائِمُ بِطَاعَةِ رَبِّهِ وأَمْرَهُ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَمَنْ سَارُوْا عَلٰى نَهْجِهِ ، أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ،

﴿ وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِىْ عَنِّىْ فَإِنِّىْ قَرِيْبٌ﴾ (البقرة : 186)

زندگی جو حاجات اور ضروریات سے عبارت ہے ،مصیبت میں گھرا ہوا ایک شخص آواز تو اسی کو دے گا نا؟ جہاں مان سمان ہو، جہاں امید کی کرن ہو۔ ساری کائنات ایک جانب کسی کی امیدیں اللہ ذوالجلال کے علاوہ کون پوری کرسکتا ہے۔ دعائے خیر جہاں بہت بڑی سعادت ہے ،وہاں دعائے خیر سے محرومی بھی بہت بڑی محرومی ہے ، ایک تو وہ ہے جسے ماں باپ لوٹا دیں ، ایک تو وہ ہے جسے رشتے دار لوٹا دیں۔

اس سے بڑا محروم کون ہوسکتا ہے جسے لوٹا دے عرش والا رحمان لوٹا دے ، یہ مانگتا رہے مانگتا رہے مگر اس کی دعا کو ، اس کے اٹھنے والے ہاتھوں کو خالی اور خالی ہی لوٹا دیا جائے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

آئے دیکھیے وہ کون سا بے نصیب ہے جس کی دعا کو شرف قبولیت کی بجائے خالی ہی لوٹا دیا جاتا ہے؟

❶ دعا میں جلدی کرنے والا:

سیدنا انس رضی اللہ عنہ کی مسند احمد میں 13008 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَزَالُ الْعَبْدُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَسْتَعْجِلُ قَالَ يَقُوْلُ دَعَوْتُ رَبِّيْ فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ))

بندہ خیر میں رہتا ہے جب تک وہ جلدی نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ جلدی کیسے کرتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب وہ کہتا ہے میں نے رب سے دعا کی مگر میری دعا کو قبول نہیں کیا۔ (صحیح مسلم 7111، صحیح الترغیب والترہیب 1650)

❷ قطع تعلقی کی دعا کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 7112 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا يَزَالُ يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ))

بندے کی دعا کو قبول کیا جاتا ہے جب تک وہ گناہ کی دعا نہیں کرتا یا قطع رحمی کی دعا نہیں کرتا۔

❸ بے پرواہی سے دعا کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سنن ترمذی میں 3479 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اُدْعُوا اللّٰهَ وَأَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالإِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ لا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ))

اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرو اس حال میں کہ تمہیں اس کی قبولیت کا یقین ہو۔ جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور بے پرواہ دل کی دعا قبول نہیں کرتا۔ (صحیح الجامع:245)

❹ عدم توجہی میں دعا کرنے والا :

امام ابوبکر الشبلی رحمہ اللہ کے قول کے مطابق:

((أُدْعُوْنِيْ بِلَا غَفْلَةٍ أَسْتَجِبْ لَكُمْ بِلَا مُهْلَةٍ))

تم بے خبری میں دعا نہ کیجئے میں بغیر تاخیر کے تمہاری دعا قبول کروں گا۔

(شعب الایمان 1151، روح البیان 201/8)

❺ دعا سے پہلے درود نہ پڑھنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق:

((كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوْبٌ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ))

ہر دعا قبولیت سے محروم ہے جب تک نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے۔ (المعجم الاوسط 721، صحیح الجامع 4523، السلسلہ الصحیحہ 2035)

❻ دعوت الی اللہ کو ادا نہ کرنے والا:

سیدنا حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی شعب الایمان میں 7558 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

أَو لَيُوشِكَنَّ اللَّهُ أَنْ يَبعَثَ عَلَيكُم عِقَابًا مِنهُ ثُمَّ تَدعُونَهُ فَلا يُستَجَابُ لَكُم))

اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم ضرور نیکی کا حکم کرتے رہو گے تم ضرور برائی سے منع کرتے رہو گے یا قریب ہے کہ اللہ تم پر عذاب نازل کردے پھر تم دعا کرو اور پھر دعا کو قبول نہ کیا جائے۔

(صحیح الجامع 7070)

⑥ حرام کھانے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 2393 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يَأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ اللَّهَ طَيِّبٌ لاَ يَقبَلُ إِلاَّ طَيِّبًا وَإِنَّ اللَّهَ أَمَرَ المُؤمِنِينَ بِمَا أَمَرَ بِهِ المُرسَلِينَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعمَلُوا صَالِحًا إِنِّي بِمَا تَعمَلُونَ عَلِيمٌ وَقَالَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقنَاكُم ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيلُ السَّفَرَ أَشعَثَ أَغبَرَ يَمُدُّ يَدَيهِ إِلَى السَّمَاءِ يَا رَبِّ يَا رَبِّ وَمَطعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلبَسُهُ حَرَامٌ وَغُذِّيَ بِالحَرَامِ فَأَنَّى يُستَجَابُ لِذٰلِكَ))

''بیشک اللہ رب العزت خود بھی پاک ہیں اور پاکیزہ ہی قبول فرماتے ہیں اور بیشک اللہ رب العزت نے جو حکم انبیاء کرام کو دیا (اے انبیاء کرام کی جماعت حلال کھانا اور نیک اعمال کرنا، بیشک میں جانتا ہوں جو تم کرتے ہو) وہی حکم مومن بندوں کو بھی دیا فرمایا (اے مومنوں کی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جماعت پاکیزہ چیزوں سے کھاؤ جو ہم نے تم کو دیا) پھر ایک بندے کا ذکر کیا، جو لمبا سفر کرتا ہے، پراگندہ حال، غبار آلود اپنے ہاتھوں کو بلند کرتا ہے آسمان کی جانب۔ یَا رَبِّ ، یَارَبِّ۔ اس حال میں کہ اس کا کھانا بھی حرام کا، پینا بھی حرام کا، لباس بھی حرام کا اور اس کی غذا بھی حرام کی، اس کی دعا کو کیسے شرف قبولیت سے نواز دیا جائے؟''۔

❽ زنا کرنے والا:

سیدنا عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 8391 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ نِصْفَ اللَّيْلِ فَيُنَادِي مُنَادٍ: هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابَ لَهُ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَيُعْطَى هَلْ مِنْ مَكْرُوبٍ فَيُفَرَّجَ عَنْهُ فَلا يَبْقَى مُسْلِمٌ يَدْعُوْ بِدَعْوَةٍ إِلا اسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ إِلا زَانِيَةٌ تَسْعَى بِفَرْجِهَا أَوْ عَشَّارًا))

نصف رات آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے۔ ہے کوئی دعا کرنے والا اس کی دعا کو قبول کیا جائے۔ ہے کوئی سوال کرنے والا اسے عطا کیا جائے۔ ہے کوئی مصیبت زدہ جس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے۔ کوئی بھی مسلمان دعا کرتا ہے اللہ اس کی دعا کو قبول فرماتے ہیں مگر زانیہ (بدکار عورت) یا ٹیکس لینے والے کی دعا کو قبول نہیں کیا جاتا۔ (السلسلہ الصحیحہ 1073)

❾ جادو یا ٹیکس وصول کرنے والا:

سیدنا عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 8375 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لا يَسْأَلُ اللَّهَ اللَّيْلَةَ أَحَدٌ شَيْئًا إِلا أَعْطَاهُ إِلا سَاحِرٌ أَوْ عَشَّارٌ))

کوئی بھی شخص رات کو دعا کرتا ہے (سوال کرتا ہے) اللہ تعالیٰ ضرور عطا فرماتے ہیں مگر جادو کرنے والا اور ٹیکس لینے والے کی دعا (قبول نہیں فرماتے) (اسنادہ صحیح ورجالہ ثقات ملتقی اہل الحدیث)

❿ قرض پر گواہ نہ بنانے والا:

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ال مستدرک میں 3181 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَرَجُلٌ كَانَ لَهُ مَالٌ فَلَمْ يَشْهَدْ عَلَيْهِ))

مالدار آدمی جو قرض پہ گواہ نہیں بناتا۔ (صحیح الجامع 305، تعلیق الذھبی فی التلخیص علی شرط البخاری ومسلم)

⓫ اپنا مال نا اہل کے سپرد کرنے والا:

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی المستدرک میں 3181 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَرَجُلٌ آتَى سَفِيهًا مَالَهُ وَقَدْ قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ : وَلا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ))

وہ آدمی جس نے کم عقل کو اپنا مال دیا بے شک اللہ عزوجل نے فرمایا اور کم عقلوں کے مال سپرد نہ کرو۔ (صحیح الجامع 3075)

⓬ بدکار بیوی کو طلاق نہ دینے والا:

سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی المستدرک میں 3181 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((ثَلاثَةٌ يَدْعُوْنَ اللّٰهَ فَلاَ يُسْتَجَابُ لَهُمْ رَجُلٌ كَانَتْ تَحْتَهُ امْرَأَةٌ سَيِّئَةٌ فَلَمْ يُطَلِّقْهَا))

تین ایسے بے نصیب ہیں جن کی دعا کو اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتے (ان میں سے) ایک وہ آدمی ہے جس کی بیوی بدکردار ہوں اور وہ اسے طلاق نہیں دیتا۔ (صحیح الجامع 3075)

حاضرین مجلس!

دعا کی قبولیت سے محرومی کتنی بڑی محرومی ہے شریعت اسلامیہ کا پیغام ہے کہ دعا میں جلدی کرنے والا، قطع تعلقی کی دعا کرنے والا، بے پرواہی سے دعا کرنے والا، بے یقینی سے دعا کرنے والا، دعا سے پہلے درود نہ پڑھنے والا، دعوت الی اللہ کو ادا نہ کرنے والا، حرام کھانے والا، زنا کرنے والا، جادو کرنے والا یا ٹیکس وصول کرنے والا، قرض پر گواہ نہ بنانے والا، اپنا مال نااہل کے سپرد کرنے والا، بدکار بیوی کو طلاق نہ دینے والا، دعا کی قبولیت سے محروم ہے۔ مگر میرے رب کی رحمت اور نوازش دیکھیے، میرے رب کی عنایت اور فضل و کرم دیکھیے میرا رب ہر ایک کو نوازتا ہے، بلاتفریق نوازتا ہے، کوئی آ کر تو دیکھے، کوئی مانگ کر تو دیکھے اگر تم چاہتے ہو آپ دعا کریں اور آپ کی دعا کو شرفِ قبولیت سے نواز دیا جائے پیغامِ شریعت ہے۔

❶ اخلاص کے ساتھ دعا کیجیے:

(إِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبَلُ مِنَ الْعَمَلِ إِلَّا مَا كَانَ لَهُ خَالِصًا) سنن نسائی 3140

❷ دل کی گہرائی سے دعا کیجیے:

(مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ) صحیح مسلم 5039

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❸ اطمینان اور یقین سے دعا کیجیے:

(اُدْعُوا اللّٰهَ وَأَنْتُمْ مُوقِنُونَ بِالإِجَابَةِ) جامع ترمذی 3479

❹ حسن ظن کے ساتھ دعا کیجیے:

(أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ) صحیح بخاری 7405

❺ اللہ کے نام لے کر دعا کیجیے:

(إِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطٰى وَإِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَاب) سنن ابی داؤد 1493

❻ اذان کے وقت دعا کیجیے:

(اَلدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ) سنن ابی داؤد 2540

❼ دورانِ اذان واقامت دعا کیجیے:

(أَلدُّعَاءُ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ يُسْتَجَابُ) صحیح بن حبان 1696

❽ جمعہ کے دن دعا کیجیے:

(وَأَشَارَ بِيَدِهِ يُقَلِّلُهَا) صحیح بخاری 935

❾ نوافل کا کثرت سے اہتمام کیجیے:

(وَإِن سَأَلَنِي لَأُعطِيَنَّهُ وَلَئِنْ اسْتَعَاذَنِي لَأُعِيْذَنَّه) صحیح بخاری 6502

❿ نمازِ تہجد کا اہتمام کیجیے:

(إِنّ فِي اللّيلِ لَسَاعَةً لَايُوَافِقُهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ) صحیح مسلم 757

⓫ حلال مال استعمال کیجیے:

(وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ وَقَد غُذِّيَ بِالْحَرَامِ فَأَنّٰى يُستَجَابُ لَه) صحیح مسلم 1015

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک دعائے خیر کی توفیق بھی دے اور شرفِ قبولیت سے بھی نوازے، ان کاموں کی توفیق دے جن سے دعائیں قبول ہوا کرتی ہیں ان کاموں سے محفوظ فرمائے جن سے انسان دعا کی قبولیت سے محروم ہو جاتا ہے، جب تک رکھے ایمان کے ساتھ رکھے۔اور جب بھی بلائے ایمان کی خوبصورت کیفیت میں بلائے، قبر کے عذاب سے بچائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

19 بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرشتوں کی دعا سے محرومی اور ان کی لعنت کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَفَرَّدَ بِالرَّبُوْبِيَّةِ وَالْأُلُوْهِيَّةِ كَمَالاً، وَاخْتَصَّ بِالْأَسْمَاءِ الْحُسْنٰى وَالصِّفَاتِ الْعُلٰى جَلالاً ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى سَوَابِغِ نِعَمِهٖ إِفْضَالاً،وَجَزِيْلَ عَطَائِهٖ نَوَالاً، وَأَسْأَلُهُ الْمَزِيْدَ مِنْ فَضْلِهٖ دُعَاءً وَابْتِهَالاً ،أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ، أَكْرِمْ بِهِمْ صُحْباً وَأَنْعِمْ بِهِمْ آلاً،أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، ﴿ أُولٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ﴾ (آل عمران 87)

اللہ کی زمین پر اللہ سے تعلق اور وابستگی بلاشبہ بہت بڑی سعادت ہے اور اس تعلق کا اظہار اٹھنے والے ہاتھوں سے، بولے جانے والے الفاظ سے ہوتا ہے کہ کتنی عاجزی کے ساتھ، کتنی تواضع کے ساتھ، کتنے احترام کے ساتھ، کتنی امید کے ساتھ، کتنے مان سمان کے ساتھ، بولے جارہے ہیں جنہیں عرفِ عام میں دعا کہا جاتا ہے دعا مانگنا جہاں سعادت ہے کسی اور کی دعا کامل جانا بھی سعادت ہے والدین کی دعا، اساتذہ کی دعا، کسی بزرگ کی دعا، اور کتنی بڑی بات کہ نورانی مخلوق فرشتوں کی دعا جہاں

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خوش نصیبی کی علامت ہے وہاں نورانی مخلوق فرشتوں کی دعا سے محروم ہو جانا بھی کتنی بڑی محرومی ہے۔ آیئے دیکھئے وہ کون سے لوگ ہیں جو اپنی نادانیوں اور خطاؤں کی وجہ سے اتنی پیاری مخلوق کی دعا سے محروم ہو جاتے ہیں۔

❶ واضح دلائل سن کر کفر کرنے والا:

سورہ آل عمران میں 86، 87 میں ارشاد ربانی ہے:

((كَيْفَ يَهْدِي اللَّهُ قَوْمًا كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَشَهِدُوا أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ وَجَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ أُولَئِكَ جَزَاؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ))

اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو کیسے ہدایت دے گا جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے۔ اور وہ گواہی دے چکے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ برحق ہیں۔ اور ان کے پاس واضح نشانیاں آ چکیں! اور اللہ تعالیٰ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ ان لوگوں کی سزا یہی ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ کی فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

❷ حالت کفر میں وفات پانے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 161 میں ارشادِ ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ))

بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور اس حال میں مر گئے کہ وہ کافر ہی

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تھے۔تو وہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔

❸ صحابہ کرام کو برا بھلا کہنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 12709 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ))

جس نے میرے صحابہ کو گالی دی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ (صحیح الجامع 6285)

❹ مدینہ طیبہ میں بدعت کی ارتکاب کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 6755 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اَلْمَدِیْنَةُ حَرَمٌ مَا بَیْنَ عَیْرٍ إِلَیٰ ثَوْرٍ فَمَنْ أَحْدَثَ فِیْهَا حَدَثًا أَوْ آوَی مُحْدِثًا فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ))

مدینہ حرم ہے جس شخص نے اس میں بدعت کا ارتکاب کیا یا بدعتی کو پناہ دی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ (صحیح مسلم 3393)

❺ اہل مدینہ پہ ظلم کرنے والا:

سیدنا سائب بن خلاد رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 6636 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((اَللّٰهُمَّ مَنْ ظَلَمَ اَهْلَ الْمَدِیْنَةَ وَاَخَافَهُمْ فَاَخِفْهُمْ وَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا))

اے اللہ جس نے اہل مدینہ پر ظلم کیا اور انھیں ڈرایا تو اس کو ڈرا اور ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ اس کی فرضی عبادت قبول ہوگی اور نہ نفلی عبادت۔ (صحیح الترغیب والترہیب 1214)

❻ کسی غیر کی جانب نسبت کرنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 3867 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنِ ادَّعَىٰ إِلَىٰ غَيْرِ أَبِيهِ أَوِ انتَمَى إِلَىٰ غَيْرِ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يَقْبَلُ اللَّهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا))

اور جس نے اپنے باپ کے سوا کسی اور کی طرف انتساب کیا یا اپنے مالکوں کو چھوڑ کر کسی اور کی طرف اپنی نسبت کی اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی فرضی عبادت قبول کرے گا نہ نفلی عبادت۔

❼ مسلمان کے عہد وامان کو توڑنے والا:

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 3179 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَمَنْ أَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ))

جس نے کسی مسلمان کے عہد وامان کو توڑا اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سب لوگوں کی لعنت ہے قیامت کے دن اس کی فرضی عبادت قبول کی جائے گی اور نہ نفلی عبادت۔ (صحیح مسلم 3394)

❽ راہ خیر میں مال خرچ نہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 1442 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَا مِنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ إِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُوْلُ أَحَدُهُمَا اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَيَقُوْلُ الْآخَرُ اللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا))

کوئی دن ایسا نہیں جس میں بندے صبح کرتے ہیں مگر فرشتے نازل ہوتے ہیں ان میں سے ایک کہتا ہے اے اللہ خرچ کرنے والے کو بدل عطا فرما۔ اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ روکنے والے کو تباہی دے (مال کو راہ میں خرچ سے روکنے والے کو تباہ فرما)۔ (صحیح مسلم 2383)

❾ مسلمان کی جانب اسلحہ سے اشارہ کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح مسلم میں 6832 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ اَشَارَ اِلٰى اَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَلْعَنُهُ حَتّٰى وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِأَبِيْهِ وَاُمِّهِ))

جس نے اپنے بھائی کی طرف کسی ہتھیار سے اشارہ کیا تو یقیناً فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں خواہ وہ اس کا سگا بھائی ہی ہو۔

❿ قصاص کی راہ میں رکاوٹ بننے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 2635 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنْ قُتِلَ عَمْدًا فَهُوَ قَوَدٌ. وَمَنْ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ). لَايُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ))

جو عمداً قتل کیا گیا اس کا قصاص ہے جو کوئی قصاص لینے کی راہ میں رکاوٹ بنا تو اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ (صحیح الجامع 6451)

⓫ نبی کریم کا نام سن کر درود نہ پڑھنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 12551 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((جَائَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ، فَأَخْبَرَنِیْ: أَنَّهُ مَنْ ذُكِرْتَ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْكَ دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللّٰهُ وَأَسْحَقَهُ ، فَقُلْتُ: آمِيْنَ))

میرے پاس جبریل امین علیہ السلام آئے اور خبر دی جس کے پاس آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہ پڑھا اس کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے کرے میں نے کہا آمین۔ (صحیح الجامع 75، شیخ الارنؤوط صحیح لغیرہ ہامش الاحسان 140/2)

⓬ والدین کے ہوتے ہوئے جنت نہ کمانے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 12551 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَنْ أَدْرَكَ وَالِدَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا، فَلَمْ يَبَرَّهُمَا دَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللَّهُ وَأَسْحَقَهُ ، فَقُلتُ: آمِيْنَ))

جس نے اپنے والدین یا ان دونوں میں سے ایک کو پایا اور پھر جہنم میں داخل ہو گیا اس کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دور کرے میں نے کہا آمین۔

(صحيح الجامع 75، شيخ الارنؤوط صحيح لغيره هامش الاحسان 140/2)

⓭ ماہ رمضان میں عبادت نہ کرنے والا:

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 12551 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَمَن أَدرَكَ رَمَضَانَ فَلَم يُغفَر لَهُ دَخَلَ النَّارَ ، فَأَبعَدَهُ اللَّهُ وَأَسحَقَهُ فَقُلتُ: آمِينَ))

جس نے رمضان کو پایا لیکن بخشش حاصل نہ کی اس کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے دور کرے۔ (صحیح الجامع 75، شیخ الارنؤوط صحیح لغیرہ ہامش الاحسان 140/2)

⓮ دینی تعلیمات سے روگردانی کرنے والا:

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی المعجم الکبیر میں 725 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((الأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ وَلِي عَلَيْكُمْ حَقٌّ عَظِيْمٌ وَلَهُمْ مَثْلُهُمْ مَا فَعَلُوْا ثَلاثًا إِذَا اسْتُرْحِمُوْا رَحِمُوْا وَحَكَمُوْا فَعَدَلُوْا وَعَاهَدُوْا فَوَفَوْا فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ))

امام قریش میں سے ہوں بلا شک وشبہ میرا تم پر حق ہے اسی طرح یقیناً

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ان کا بھی تم پر حق ہے جب تک کہ ان میں یہ تین باتیں باقی رہیں ان سے شفقت ومہربانی طلب کی جائے تو وہ شفقت والا معاملہ کریں وہ عہد وفا کریں تو اس کی وفا کریں حکومت کریں تو عدل وانصاف کریں جو یہ تین کام نہ کرے اس پر اللہ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت ہے۔ (صحیح الترغیب والترہیب 2259)

⑮ شوہر کے بستر سے دور رہنے والی:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح بخاری میں 3237 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِذَا دَعَا الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ إِلَىٰ فِرَاشِهِ فَأَبَتْ فَبَاتَ غَضْبَانَ عَلَيْهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتَّى تُصْبِحَ))

جب آدمی اپنی بیوی کو اپنے بستر کی طرف بلائے اور وہ انکار کرے خاوند اس سے ناراض رات گزارے تو اس عورت کے صبح کرنے تک فرشتے اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ (صحیح مسلم 3614)

حاضرین مجلس!

جہاں یہ سعادت ہے کہ کسی کے لئے والد دعا کرے، والدہ دعا کرے، استاد دعا کرے، جتنی یہ سعادت بڑی ہے کہ نورانی مخلوق فرشتے دعا کریں اتنی یہ محرومی بھی بہت بڑی ہے کہ فرشتوں کی دعا سے بندہ محروم ہوجائے۔

شریعت اسلامیہ کی رہنمائی یہ ہے کہ وہ کونسا بے نصیب ہے

جو فرشتوں کی دعا سے محروم ہے؟

واضح دلائل سن کر کفر کرنے والا، حالت کفر میں وفات پانے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صحابہ کرام کو برا بھلا کہنے والا، مدینہ طیبہ میں بدعت کی کام کرنے والا،
اہل مدینہ پر ظلم کرنے والا، کسی غیر کی جانب نسبت کرنے والا،
مسلمان کے عہد وامان کو توڑنے والا، راہ خیر میں خرچ سے روکنے والا،
مسلمان کی جانب اسلحہ سے اشارہ کرنے والا، قصاص کی راہ میں رکاوٹ بننے والا،
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام سن کر درود نہ پڑھنے والا،
والدین کے ہوتے ہوئے جنت نہ کمانے والا،
ماہ رمضان میں عبادت نہ کرنے والا،
اپنے دور اقتدار میں اپنی ذمہ داری ادا نہ کرنے والا،
شوہر کے بستر سے دور رہنے والی فرشتوں کی دعا سے محروم ہے۔
اس محرومی کو اگر کوئی سعادت میں بدلنا چاہے،
فرشتوں کی دعائیں اپنے دامن میں سمیٹنا چاہے پیغامِ شریعت ہے۔

❶ ایمان کی فکر کیجیے:

(وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُو) سورہ غافر 7

❷ درود شریف کا اہتمام کیجیے:

(إِلَّا صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ) سنن ابن ماجه 917

❸ نماز کے بعد ذکر کا اہتمام کیجیے:

(ثُمَّ جَلَسَ فِيْ مُصَلَّاهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ) مسند احمد 1250

❹ پہلی صف میں نماز کا اہتمام کیجیے:

(إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى الصَّفِّ الْأَوَّلِ) صحيح الجامع 1839

❺ صف بندی کے لیے پاؤں سے پاؤں ملا لیجیے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِينَ يَصِلُوْنَ الصُّفُوْف) صحيح ابن حبان 2163

❻ اپنے بھائی کے لیے دعائے خیر کیجیے:

(دَعْوَةُ الْمُسْلِمِ لِأَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ مُسْتَجَابَةٌ) صحيح مسلم 7105

❼ اپنے بھائی کی بیمار پرسی کیجیے:

(سَبْعِيْنَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ) مسند احمد 754

❽ اللہ کی راہ میں خرچ کیجیے:

(اَللّٰهُمَّ أَعطِ مُنفِقًا خَلَفًا) صحيح بخاری 1442

❾ دعوت وتبلیغ کا اہتمام کیجیے:

(لَيُصَلُّوْنَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الخَيْرَ) صحيح الجامع 4213

❿ باوضو ہو کر سونے کا اہتمام کیجیے:

(اَللّٰهُمَّ اغفِر لِعَبْدِکَ فَإِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا) صحيح الترغب والترهيب 599

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جن سے نورانی مخلوق کی دعائیں ملتی ہیں اور ان کاموں سے محفوظ فرمائے جن سے دعا کی بجائے انسان محروم اور محروم ہوتا چلا جاتا ہے، فرشتوں کی دعا کا مستحق بنائے خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

20 بسم اللہ الرحمن الرحیم

امن سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ جَعَلَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا دَاراً لِلِابْتِلاَءِ وَالِاخْتِبَار، وَمَحَّلاً لِلْعَمَلِ وَالِاعْتِبَار، وَجَعَلَ الْآخِرَةَ دَارَيْن قُرْبُهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ الْاَبْرَار، وَسَخَطُهُ مِنَ الْكُفَّارِ وَالْفُجَّارِ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً النَّبِيُّ الْمُخْتَارُ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ وَصَحْبِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَخْيَارِ ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانِ مَا تَعَاقَبَ اللَّيْلَ وَالنَّهَار،أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم،بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

﴿ أُولٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ﴾ (الانعام:82)

کون نہیں چاہتا کہ اس کی جان و مال محفوظ ہو، کسے یہ پسند نہیں کہ اس کی اولاد محفوظ ہو، گھر بار محفوظ ہو، کاروبار محفوظ ہو، اس سے بڑی محرومی اور کیا ہوسکتی ہے ملک بھی ہو، ریاست بھی ہو، سلطنت بھی ہو، حکومت بھی ہو، سکیورٹی بھی ہو، گھر بار بھی ہو، مگر نہ مال محفوظ، نہ جان محفوظ، نہ اولاد محفوظ۔ آیئے دیکھئے وہ کون سا بے نصیب ہے جو اپنی ہی کوتاہی کے سبب امن وسلامتی جیسی دولت سے محروم ہوجاتا ہے؟

❶ شرک کرنے والا:

سورہ الانعام آیت نمبر 82 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولٰئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ))

جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور اپنے ایمان کو شرک کے ساتھ مخلوط نہیں کرتے ان کے لئے امن ہے اور وہی راہ راست پر چل رہے ہیں۔

❷ ظلم کرنے والا :

سورہ ھود آیت نمبر 102 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ))

اور آپ کے رب کی پکڑ اسی طرح ہوتی ہے جب وہ کسی ظلم کرنے والے والی بستی کو پکڑتا ہے بلاشبہ اس کی پکڑ بہت ہی دردناک، بڑی سخت ہوتی ہے۔

❸ تکبر کرنے والا:

سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 16 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَإِذَا أَرَدْنَا أَنْ نُهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيْرًا))

اور جب ہم کسی بستی کی ہلاکت کا ارادہ کر لیتے ہیں تو وہاں کے خوشحال لوگوں کو (کچھ) حکم دیتے ہیں اور وہ اس بستی میں کھلی نافرمانی کرنے لگتے ہیں تو ان پر (عذاب کی) بات ثابت ہو جاتی ہے پھر ہم اسے تباہ و برباد کر دیتے ہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ ناشکری کرنے والا:

سورہ النحل آیت نمبر 112 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ آمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّأْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللّٰهِ فَأَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ))

اور اللہ تعالیٰ نے ایک بستی کی مثال بیان کی جو پرامن اور مطمئن تھی، اس کا رزق وافر مقدار میں اس کے پاس ہر جگہ سے آ رہا تھا پھر اس نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ تعالیٰ نے بھی انہیں بھوک اور خوف کا لباس پہنا دیا اسکے بدلے جو وہ کیا کرتے تھے۔

❺ ذکر سے منہ موڑنے والا:

سورہ طہٰ آیت نمبر 124 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَإِنَّ لَهُ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمٰى))

اور جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا تو اس کے لئے یقیناً زندگی تنگ ہوگی اور ہم اسے قیامت کے دن اندھا اٹھائیں گے۔

❻ خود کی اصلاح نہ کرنے والا:

سورہ الانفال آیت نمبر 53 میں ارشاد ربانی ہے:

((ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَأَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ))

یہ اس وجہ سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی نعمت کو جو اس نے کسی قوم کو

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عطا کی ہو کبھی تبدیل کرنے والا نہیں ہے یہاں تک کہ جو ان کے دلوں میں ہے وہ بدل دیتا یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

❼ ایمان کی پرواہ نہ کرنے والا:

کسی شاعر نے کیا خوب کہا:

اِذَا الْاِیْمَانُ ضَاعَ فَلاَ اَمَانٌ وَلَا دُنْیَا لِمَنْ لَمْ یُحْیِ دِیْنًا
وَمَنْ رَضِیَ الْحِیَاةَ بِغَیْرِ دِیْنٍ فَقَدْ جَعَلَ الْفَتَاءَ لَهَا قَرِیْنًا

جب ایمان ضائع ہو جائے پھر امن سے بھی انسان ہاتھ دھو بیٹھتا ہے جس کا دین زندہ نہیں اس کی دنیا بھی برباد ہو جاتی ہے جو دین کے بغیر دنیا پہ راضی ہو جائے اس نے بربادی کو اپنا دوست بنا لیا۔ (موسوعه الشعر الاسلامی 129/339)

❽ فسق و فجور کرنے والا:

سورہ الروم آیت نمبر 41 میں ارشاد ربانی ہے:

((ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَیْدِی النَّاسِ لِیُذِیقَهُمْ بَعْضَ الَّذِی عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُونَ))

لوگوں کو اپنے ہاتھوں کی کمائی کی وجہ سے خشکی اور سمندر میں فساد برپا ہو گیا تا کہ اللہ تعالیٰ ان کے بعض کاموں کا انہیں مزہ چکھائے تا کہ وہ پلٹ آئیں۔

❾ فجار کو ترجیح دینے والا:

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((تُوْشِكُ الْقُرٰى أَنْ تَخْرَبَ وَهِيَ عَامِرَةٌ قِيْلَ: كَيْفَ تَخْرَبُ وَهِيَ عَامِرَةٌ قَالَ: إِذَا عَلَا فُجَّارُهَا أَبْرَارَهَا وَسَارَ الْقَبِيْلَ مُنَافِقُوْهَا))

قریب ہے کہ آباد ہونے کے باوجود بستیاں خراب ہو جائیں کہا گیا جب آباد ہوں گی تو خراب کیسے ہوں گی ؟ فرمایا! جب نیک لوگوں پہ فجار بلند ہو جائیں گے اور قبیلے کا سردار منافق ہو (تو بستی ہوئی آبادیاں بھی اجڑ جائیں گی) (العقوبات لابن ابی دنیا 46/1، کنز العمال 31487)

حاضرین مجلس!

امن وسلامتی جو بہت بڑی نعمت ہے مگر وہ کونسا بے نصیب ہے جو اپنی غفلت کی وجہ سے اس دولت سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ شریعتِ اسلامیہ کی رہنمائی ہے کہ

شرک کرنے والا، ظلم کرنے والا، تکبر کرنے والا، ناشکری کرنے والا،

ذکر سے منہ موڑنے والا، خود کی اصلاح نہ کرنے والا، ایمان کی پرواہ نہ کرنے والا،

فسق وفجور کرنے والا، فجار کو ترجیح دینے والا، امن کی دولت سے محروم ہے۔

مگر شریعت کی آسانی دیکھیے اگر آپکو یہ پسند ہے کہ آپ کے شہر میں، آپ کے ملک میں بدامنی نہ ہو، دنگا وفساد اور قتل وغارت نہ ہو امن وسلامتی ہو تو آگے بڑھیے

❶ توحید کو اختیار کیجیے

(أُولَئِكَ لَهُمُ الْأَمْنُ) سورہ انعام 82

❷ رب کے شکر گزار ہو جاؤ

(فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللّٰهِ) سورہ النحل 112

❸ اپنے آپ کی اصلاح کیجیے

(حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِأَنْفُسِهِمْ) سورہ انفال 53

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ گناہ سے اجتناب کیجیے

(لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا) سورہ الروم 41

اللہ ذوالجلال ہمیں امن وسلامتی کی دولت سے مالا مال فرمائیں گے۔

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق ومالک نے مجھے اور آپ کو اسلامی ملک کی نعمت سے نوازا ہے اور اس کی قدر کرتے ہوئے خود کو اللہ کی اطاعت وبندگی میں مزید آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

21 بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عزت سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا،فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَصِهْرًا،وَصِلَةُ الْاَرْحَامِ فِیْ ذٰلِکَ أَجْرًا،وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ شَهَادَةً أَعَدَّهَا لِیَوْمِ الْقِیَامَةِ ذُخْرًا وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ أَعْظَمُ النَّاسِ قَدْرًاوَأَرْفَعُهُم ذِکْرًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِذِکْرٰی أَمَّا بَعْدُ:

فَأَعُوْذُ بِا اللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ ﴾ (المنافقون:8)

اللہ کی دھرتی پہ، اللہ کے اس نظام میں ،انسان کے پاس خود اپنی عزت سے بڑھ کر کیا ہوسکتا ہے؟ مال، اولاد، کوٹھی، بنگلہ، وزارت، صدارت، یہ چاہتیں ،یہ بہاریں سب اپنی جگہ مگر صاحب بصیرت اپنی عزت پہ کبھی سودے بازی نہیں کرتا۔

کتنی بڑی محرومی ہے یہ کہ انسان کے پاس اللہ کا دیا سب کچھ ہو مگر دنیا و آخرت میں یہ خود آپ اپنی عزت گنوا بیٹھے۔

آیئے دیکھیئے وہ کونسا بے نصیب ہے جو اپنی ہی نادانیوں سے عزت کی بجائے ذلت و رسوائی کا سامان کر بیٹھتا ہے؟

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❶ شرک کرنے والا :

سورہ الاعراف آیت نمبر 152 میں ارشاد ربانی ہے:

((إِنَّ الَّذِينَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِينَ))

بے شک جن لوگوں نے بچھڑے کو معبود بنا لیا ان پر بہت جلد ان کے رب کی طرف سے غضب اور ذلت اس دنیوی زندگی ہی میں پڑے گی اور ہم افتراء پردازوں کو ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں۔

❷ کافر کرنے والا:

سورہ آل عمران آیت نمبر 112 میں ارشاد ربانی ہے:

((ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوا إِلَّا بِحَبْلٍ مِنَ اللَّهِ وَحَبْلٍ مِنَ النَّاسِ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِنَ اللَّهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ الْأَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ذَلِكَ بِمَا عَصَوا وَكَانُوا يَعْتَدُونَ))

ان پر ہر جگہ ذلت کی مار پڑی ،اِلا یہ کہ اللہ تعالیٰ کی یا لوگوں کی پناہ میں ہوں یہ غضب الٰہی کے مستحق ہوں گئے اور ان پر فقیری ڈال دی گئی، یہ اس لئے کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں سے کفر کرتے تھے اور بے وجہ انبیاء کو قتل کرتے تھے یہ بدلہ ہے ان کی نافرمانیوں اور زیادتیوں کا۔

❸ ظلم کرنے والا:

سورہ الشوریٰ آیت نمبر 45 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُونَ مِنْ طَرْفٍ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنَّ الخَاسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ وَأَهْلِيْهِمْ يَوْمَ القِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُقِيْمٍ))

اور تو انہیں دیکھے گا کہ وہ (جہنم کے) سامنے لا کھڑے کئے جائیں گے مارے ذلت کے جھکے جا رہے ہوں گے اور چھپی ہوئی نیچی نگاہ کی آنکھوں سے دیکھ رہے ہوں گے، ایمان والے صاف کہیں گے کہ حقیقی زیاں کار وہ ہے جنہوں نے آج قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈال دیا یاد رکھو کہ یقیناً ظالم لوگ دائمی عذاب میں ہیں۔

❹ تکبر کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 2492 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ يَوْمَ القِيَامَةِ أَمْثَالَ الذَّرِّ فِيْ صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ))

متکبرین کو قیامت والے دن میدان محشر میں لایا جائے گا ان کی شکلیں انسانوں جیسی لیکن جسم چیونٹیوں کے برابر ہوں گے اور ہر طرف سے ان پر ذلت و رسوائی چھائی ہوگی۔ (صحیح الجامع 8040)

❺ حسب ونسب پہ فخر کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 3955 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَفْتَخِرُوْنَ بِآبَائِهِمُ الَّذِيْنَ مَاتُوْا إِنَّمَا هُمْ فَحْمُ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جَهَنَّمَ أَوْ لَيَكُوْنُنَّ أَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِى يُدَهْدِهُ الْخِرَاءَ بِأَنْفِهِ))

یقیناً لوگ اپنے ان اباء پر جو مر گئے اور جہنم کے کوئلے بن گئے فخر کرنے سے باز آ جائیں وگرنہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کیڑے سے بھی بدتر ہو جائیں گے جو گندگی کو اپنے ناک کے ذریعے دھکیلتا ہے۔ (صحیح الجامع 5482)

❻ بلاعلم اللہ کے بارے میں جھگڑنے والا:

سورہ الحج آیت نمبر 8 اور 9 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِى اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيْرٍ ثَانِىَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ وَنُذِيْقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ))

اور لوگوں میں سے کوئی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں بغیر کسی علم کے اور بغیر کسی ہدایت کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے جھگڑا کرتا ہے وہ اپنا پہلو موڑنے والا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ کرے اس ہی کے لئے دنیا میں سنگین رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے (جہنم میں) جلنے کا عذاب چکھائیں گے۔

❼ صرف اپنی پسند کی بات ماننے والا:

سورۃ البقرہ آیت نمبر 85 میں ارشاد ربانی ہے:

((أَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْىٌ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُرَدُّوْنَ إِلَى أَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ))

کیا بعض احکام پر ایمان رکھتے ہو؟ اور بعض کے ساتھ کفر کرتے ہو تم میں سے جو بھی ایسا کرے اس کی سزا اس کے سوا کیا ہو سکتی ہے کہ دنیا میں رسوائی اور قیامت کے دن سخت عذاب کی مار، اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں۔

❽ مسجد میں فساد پھیلانے والا:

سورہ البقرہ ایت نمبر 114 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهُ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا أُوْلٰئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَدْخُلُوْهَا إِلَّا خَائِفِيْنَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ))

اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں سے منع کرے کہ ان میں اللہ کا ذکر کیا جائے اور ان کی بربادی کی کوشش کرے ایسے لوگوں کو حق نہیں تھا کہ ان میں داخل ہوں مگر ڈرتے ہوئے۔ انہیں کیلئے دنیا میں بہت بڑی رسوائی ہے اور انہی کے لئے آخرت میں بہت بڑا عذاب ہے۔

❾ فتنہ وفساد برپا کرنے والا:

سیدنا حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 23316 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنْ مُضَرَ لَا تَدَعُ لِلّٰهِ فِي الْأَرْضِ عَبْدًا صَالِحًا إِلَّا فَتَنَتْهُ وَأَهْلَكَتْهُ حَتّٰى يُدْرِكَهَا اللّٰهُ بِجُنُوْدٍ مِنْ عِبَادِهِ فَيُذِلَّهَا

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حَتّٰی لَا تَمْنَعَ ذَنَبَ تَلْعَةٍ))

مضر کا یہ قبیلہ زمین پر موجود صالح لوگوں کو فتنوں میں ڈالے گا اور انہیں ہلاک کرے گا ، یہاں تک کہ اللہ اپنے بندوں کے لشکروں کے ذریعے ان کی گرفت کرے گا اور ان کو ذلت و رسوائی میں مبتلا کرے گا اور ان کا کوئی نام ونشان باقی نہ چھوڑے گا۔ (سلسلہ الصحیحہ 2752)

❿ ریشم کا لباس پہننے والا:

سیدہ جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی مسند احمد میں 27423 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ حَرِيْرٍ فِيْ الدُّنْيَا أَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ثَوْبَ مَذَلَّةٍ أَوْ ثَوْبًا مِنْ نَارٍ))

جو دنیا میں ریشمی لباس پہنتا ہے اللہ تعالیٰ اسے قیامت والے دن جہنم کی آگ سے ذلت و رسوائی کا لباس پہنائیں گے۔ (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد 141/5)

⓫ دل میں نفاق رکھنے والا:

سورہ المنافقون میں آیت نمبر 8 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ))

یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم اب لوٹ کر مدینہ جائیں گے تو عزت والا وہاں سے ذلت والے کو نکال دے گا، سنو! عزت تو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے اور اس کے رسول کے لئے اور ایمانداروں کے لئے ہے لیکن یہ منافق جانتے نہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓬ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرنے والا:۔

سورہ المجادلہ آیت نمبر 20 میں ارشاد ربانی ہے:۔

((إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولٰئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ))

بے شک اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی جو لوگ مخالفت کرتے ہیں وہی لوگ سب سے زیادہ ذلیلوں میں ہیں۔

⓭ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرنے والا:۔

سورہ طہٰ آیت نمبر 134 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُمْ بِعَذَابٍ مِنْ قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَذِلَّ وَنَخْزٰى))

اور اگر ہم اس سے پہلے ہی انہیں عذاب سے ہلاک کر دیتے تو یقیناً یہ کہہ اٹھتے ہیں کہ ہمارے پروردگار تو نے ہمارے پاس اپنا رسول کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی تابعداری کرتے اس سے پہلے کہ ہم ذلیل و رسوا ہوتے۔

⓮ دین اسلام کو قبول نہ کرنے والا:

سیدنا تمیم الداری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی المستدرک میں 8326 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَيَبْلُغَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ مَابَلَغَ اللَّيْلَ وَ النَّهَارَ وَ لَا يَتْرُكُ اللّٰهُ بَيْتَ مَدَرٍ وَ لَا وَبَرٍ إِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ هٰذَا الدِّيْنَ بِعِزِّ عَزِيْزٍ اَوْ بِذِلِ ذَلِيْلٍ يُعِزُّ بِعِزِ اللّٰهِ فِي الإِسْلَامِ وَ يُذِلُّ بِهٖ فِي الْكُفْرِ))

یقیناً یہ دین آخری دن تک جائے گا اللہ تعالیٰ کوئی پختہ اور کچا گھر نہ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

چھوڑیں گے مگر اللہ اس میں اس دین کو معزز اشخاص کے ذریعے داخل کرے گا جس سے اسلام کو وقار ملے گا یا پھر ذلیل ترین لوگوں کے ذریعے کفر ذلیل ہو جائے گا۔ (سلسلہ الصحیحہ 3)

⑮ دین اسلام سے منہ موڑنے والا:

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق:

((إِنَّا كُنَّا أَذَلَّ قَوْمٍ فأعَزَّنا اللّٰهُ بالإسْلامِ فَمَهْمَا نَطْلُبُ العِزَّ بَغَيرِ ما أعَزَّنا اللّٰهُ بِهِ أذَلَّنَا اللّٰهُ.))

بلاشبہ ہم انتہائی ذلیل تھے کہ اللہ نے اسلام کے ذریعے ہمیں معزز بنایا اب جبکہ ہم عزت طلب کریں گے اس کے سوا جس کے ذریعے ہم کو اللہ نے عزت دی تب ہمیں اللہ ذلیل کرے گا۔ (المستدرک 207، صحیح الترغیب والترہیب 2893)

⑯ سنت نبوی سے منہ موڑنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ کی مسند احمد میں 5114 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((وَجُعِلَ رِزْقِيْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِيْ وَجُعِلَ الذِّلَّةُ وَالصَّغَارُ عَلَى مَنْ خَالَفَ أَمْرِيْ))

میرا رزق میرے نیزے کی انی کے نیچے ہے اور ذلت و رسوائی اس کا مقدر ہے جو میری سنت سے اعراض کرنے والا ہے۔ (تخریج مشکلۃ الفقر 24، مختصر جلباب المرأۃ 15)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⑰ جہاد سے منہ موڑنے والا:

سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 3464 نمبر روایت کے مطابق:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِذَا تَبَايَعْتُمْ بِالْعِينَةِ وَأَخَذْتُمْ أَذْنَابَ الْبَقَرِ وَرَضِيتُمْ بِالزَّرْعِ وَتَرَكْتُمُ الجِهَادَ سَلَّطَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ ذُلًّا لاَ يَنْزِعُهُ حَتَّى تَرْجِعُوْا إِلَى دِينِكُمْ))

جب تم بیع عینہ کرو گے اور مویشیوں کی دمیں تھام لو گے اور زراعت میں مصروف ہو جاؤ گے اور جہاد کو ترک کر دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کر دے گا یہاں تک کہ تم اپنے دین کی طرف پلٹ آؤ۔ (صحیح الترغیب والترہیب 1389)

⑱ اجتماعیت سے منہ موڑنے والا :

سیدنا ربعی بن حراش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 23283 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ فَارَقَ الجَمَاعَةَ وَاسْتَذَلَّ الإِمَارَةَ لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا وَجْهَ لَهُ عِنْدَهُ))

جس نے جماعت کو ترک کیا اور امارت کو حقیر جانا وہ اللہ تعالیٰ کو اس حال میں ملے گا کہ اس کی اللہ کے ہاں کوئی اوقات نہ ہوگی۔ (شعیب الارناووط: حسن)

⑲ دنیا میں مگن رہنے والا:

سورہ المعارج آیت نمبر 44,43,42 میں ارشاد ربانی ہے:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

((فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ))

پس تو انہیں جھگڑتا کھیلتا چھوڑ دے یہاں تک کہ یہ آپ اس دن سے جا ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ جس دن یہ قبروں سے دوڑتے ہوئے نکلیں گے۔ گویا کہ وہ کسی جگہ کی طرف تیز تیز جا رہے ہیں ان کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی ان پر ذلت چھا رہی ہوگی یہ ہے وہ چیز جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

❷۰ نماز نہ پڑھنے والا :

سورہ القلم آیت نمبر 42 اور 43 میں ارشاد ربانی ہے:

((يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ ○ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ))

جس دن پنڈلی کھول دی جائے گی اور سجدے کے لئے بلائے جائیں گے تو (سجدہ) نہ کر سکیں گے نگاہیں نیچے ہوں گی اور ان پر ذلت وخواری چھا رہی ہوگی حالانکہ یہ سجدے کے لئے اس وقت بھی بلائے جاتے تھے جبکہ صحیح سالم تھے۔

❷۱ مسلمان بادشاہ کی توہین کرنے والا:

سیدنا ابوبکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جامع ترمذی میں 2224 نمبر روایت:

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ أَهَانَهُ اللّٰهُ))

جس نے کسی مسلمان بادشاہ کی توہین کی اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کریں گے۔

(صحیح الجامع 6111)

۳۲ قریش کی توہین کرنے والا:

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند احمد میں 1586 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَهَانَ قُرَيْشًا أَهَانَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ))

جس نے قریش کی تذلیل کی اللہ تعالیٰ اس کی تذلیل کرے گا۔ (صحیح الجامع 6112)

حاضرین مجلس!

عزت جتنی بڑی نعمت ہے، ذلت و رسوائی اتنی بڑی محرومی اور مصیبت ہے۔ کتنا بڑا محروم ہے وہ شخص جو اپنی ہی کوتاہیوں کے سبب عزت کی بجائے ذلت کا سودا کر لیتا ہے۔ شریعت اسلامیہ کی رہنمائی میں ایسا کون ہے۔

جو عزت کی بجائے ذلت سے اپنا دامن بھر لیتا ہے

کفر کرنے والا، شرک کرنے والا،

ظلم کرنے والا، تکبر کرنے والا،

حسب نسب پر فخر کرنے والا،

بلا علم اللہ کے بارے میں جھگڑنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

صرف اپنی پسند کی بات ماننے والا، مسجد میں فساد پھیلانے والا،

ریشم کا لباس پہننے والا، فتنہ وفساد برپا کرنے والا،

دل میں نفاق رکھنے والا، اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرنے والا،

اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرنے والا،

دین اسلام کو قبول نہ کرنے والا، دین اسلام سے منہ موڑنے والا،

سنت نبوی سے منہ موڑنے والا، جہاد سے منہ موڑنے والا،

اجتماعیت سے منہ موڑنے والا، دنیا میں مگن رہنے والا،

نماز نہ پڑھنے والا، طاقت کے باوجود کسی مومن کی مدد نہ کرنے والا،

مسلمان بادشاہ کی توہین کرنے والا،

اور قریش کی توہین کرنے والا عزت سے محروم ہے۔

مگر شریعت کی آسانی دیکھیے،

اگر آپ اپنے لیے عزت کو پسند کرتے ہو،

درجات کی بلندی کو پسند کرتے ہو تو آگے بڑھیے

❶ مسجد کی جانب چلنا: درجات کی بلندی کا ذریعہ

(إِنَّ لَكُمْ بِكُلِّ خُطوَةٍ دَرَجَة) صحيح مسلم 664

❷ قدم سے قدم ملانا: درجات کی بلندی کا ذریعہ

(مَنْ سَدَّ فُرْجَةً رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَادَرَجَةً) سنن ابن ماجه 995

❸ باجماعت نماز ادا کرنا: درجات کی بلندی کا ذریعہ

(خَمْسٌ وَعِشرُونَ دَرَجَةً) صحيح الجامع 4216

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❹ درود شریف پڑھنا: درجات کی بلندی کا ذریعہ

(وَرَفَعَ لَهُ عَشرَ دَرَجَاتٍ) صحیح الترغیب والترھیب: 1661

❺ تواضع اختیار کرنا: درجات کی بلندی کا ذریعہ

(وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلاَّ رَفَعَهُ اللّٰهُ) صحیح مسلم2588

میری اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ذلت سے بچائے دنیا و آخرت کی عزتوں اور بلندیوں سے نوازے ،ان کاموں سے بچائے جو عزت سے محرومی کا ذریعہ ہیں اور ان کاموں کی توفیق عطا فرمائے جو اللہ کے ہاں عزت اور مقام کا ذریعہ ہیں ، خاتمہ بالایمان فرمائے اور جنت الفردوس میں اپنے دیدار کا مستحق بنائے۔آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

22 بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجات سے محرومی کے اسباب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ دَارَیْنِ دَارُ عَمَلٍ وَاکْتِسَابٌ، وَدَارُ جَزَاءٍ وَثَوَابٌ، فَدَارُ الْعَمَلِ وَالْاِکْتِسَابِ هِیَ الْحَیَاةُ الدُّنْیَا، وَ دَارُ الْجَزَاءِ وَالثَّوَابِ فَهِیَ الدَّارُ الْآخِرَةِ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَلَهُ الْعِزَّةُ وَالْاِقْتِدَارُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ الْمُصْطَفٰی الْمُخْتَارُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ آنَاءَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ أَمَّا بَعْدُ :

فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ،

﴿ وَمَا کُنَّا مُهْلِکِیْ الْقُرٰی إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُوْنَ﴾ (القصص:59)

کبھی کبھی محکمہ موسمیات نے آندھی یا طوفان کی خبر سنا دی ہو

کبھی ماہرین میں سے کسی نے سیلاب کی خبر سنا دی ہو

دفاع کرنے والے کس طرح سر جوڑ بیٹھتے ہیں ہلاکت و بربادی سے بچنے کے لیے بڑے پیمانے پر کس طرح پلاننگ کی جاتی ہے کس طرح ماہرین سے مشورے کیے جاتے ہیں۔

مگر افسوس صد افسوس! کائنات کا خالق اور مالک خبر دے یہاں ہلاکت ہے ادھر نہ جاؤ یہاں بربادی ہے کائنات کی سب سے اونچی شخصیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خبر دیں یہاں بربادی ہے یہاں ویل ہے مگر یہ ٹس سے مس نہ ہو۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور اسے کچھ بھی پرواہ نہ ہو۔

آیئے دیکھیے!

وہ کونسے بے نصیب ہیں جو غفلت میں اس ہلاکت کو گلے لگاتے ہیں

توبہ نہیں کرتے اور نتیجے میں نجات سے محروم ہو جاتے ہیں؟

❶ آخرت کا انکار کرنے والا:

سورہ الذاریات آیت نمبر 60 میں ارشاد ربانی ہے:

((فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ))

چنانچہ کافروں کے لئے ان کے اس دن (کے آنے) سے تباہی ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔

❷ شریعت سے منہ موڑنے والا:

سیدنا عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابن ماجہ میں 43 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((قَدْ تَرَكْتُكُمْ عَلَى الْبَيْضَاءِ لَيْلُهَا كَنَهَارِهَا لاَ يَزِيْغُ عَنْهَا بَعْدِيْ إِلَّا هَلَكَ))

میں نے تم کو ایک ایسے صاف اور روشن راستہ پر چھوڑا ہے جس کی رات بھی دن کی طرح روشن ہے اس راستہ سے میرے بعد صرف ہلاک ہونے والا ہی انحراف کرے گا۔ (صحیح الجامع 4369)

❸ کلام ربانی میں تحریف کرنے والا:

سورہ البقرہ آیت نمبر 79 ہمیں ارشاد ربانی ہے:

((فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا يَكْسِبُوْنَ))

چنانچہ ان لوگوں کے لیے ہلاکت ہے جو اپنے ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تا کہ اس کے بدلے میں تھوڑی سی قیمت لے لیں چنانچہ ان کے ہاتھوں نے جو لکھا اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے اور جو وہ کماتے ہیں اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے۔

❹ دین میں شک وشبہ ڈالنے والا:

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول کے مطابق:

((هَلَكَ الْمُرْتَابُوْنَ))

شک وشبہ میں ڈالنے والے ہلاک ہو گئے۔ (سنن ابوداود 4611 نمبر روایت کے تحت منقول، قال الشیخ البانی صحیح الاسناد موقوف)

❺ تقدیر کے بارے میں جھگڑا کرنے والا:

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ترمذی میں 2133 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَلَّا تَتَنَازَعُوْا فِيْهِ))

بے شک تم سے پہلی امتیں ہلاک ہو گئیں جب انہوں نے اس مسئلہ میں (تقدیر کے بارے میں) بحث ومباحثہ کیا، میں تمہیں قسم دلاتا ہوں کہ اس مسئلہ میں بحث ومباحثہ نہ کرو۔ (قال الشیخ البانی صحیح)

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❻ قرآن مجید کے بارے میں جھگڑا کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح مسلم میں 2666 نمبر روایت:

((هَجَّرْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه و سلم يَوْمًا قَالَ: فَسَمِعَ أَصْوَاتَ رَجُلَيْنِ اِخْتَلَفَا فِيْ آيَةٍ فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه و سلم يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهِ الْغَضَبُ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاخْتِلَافِهِمْ فِيْ الْكِتَابِ))

ایک دن صبح سویرے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا آپ نے دو شخصوں کی آواز سنی جو ایک آیت میں جھگڑ رہے تھے آپ باہر نکلے اور آپ کے چہرے پر غصے کے آثار تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سے پہلے لوگ تباہ ہوئے اس لئے کہ وہ کتاب اللہ میں جھگڑتے تھے۔

❼ اختلافات کو ہوا دینے والا:

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 3476 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((لَا تَخْتَلِفُوْا فَإِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ اخْتَلَفُوْا فَهَلَكُوْا))

آپس میں اختلاف نہ کیا کرو۔تم سے پہلے لوگ اسی قسم کے جھگڑوں سے تباہ ہو گئے۔

❽ نماز میں سستی کرنے والا:

سورہ الماعون آیت نمبر 4-5 میں ارشاد ربانی ہے:

((فَوَيْلٌ لِلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ))

چنانچہ تباہی ہے ان نمازیوں کے لئے جو اپنی نماز سے غفلت کرتے ہیں۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Marchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

❾ تکبر وغرور کرنے والا:

سورہ القصص آیت نمبر 58 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِنْ بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيْلًا وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِيْنَ))

اور ہم نے کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں جو گزاران زندگی (اپنے سامان زیست) پہ اترا تی تھی، چنانچہ ان کے یہ گھر اجڑے پڑے ہیں ان کے بعد بہت تھوڑے ہی آباد ہوئے اور ہم ہی ان سب کے وارث ہوئے۔

❿ ظلم وزیادتی کرنے والا:

سورہ القصص آیت نمبر 59 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَى حَتَّى يَبْعَثَ فِيْ أُمِّهَا رَسُوْلًا يَتْلُوْ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِيْ الْقُرَى إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُوْنَ))

اور آپ کا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں ہے حتیٰ کہ وہ ان کی کسی بڑی بستی میں کوئی رسول بھیجتا ہے، وہ ان پر ہماری آیات تلاوت کرتا ہے اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں مگر (اسی وقت) جبکہ ان کے باشندے ظالم ہوں۔

سورہ یونس آیت نمبر 13 میں ارشاد ربانی ہے:

((وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا))

البتہ ہم نے ان امتوں کو ہلاک کر دیا جو تم میں سے پہلے تھی جب انہوں نے ظلم کیا۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓫ عدل نہ کرنے والا:

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی صحیح بخاری میں 6787 نمبر روایت:

((أَنَّ أُسَامَةَ كَلَّمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اِمْرَأَةٍ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا يُقِيْمُوْنَ الْحَدَّ عَلَى الوَضِيْعِ وَيَتْرُكُوْنَ الشَّرِيْفَ))

اسامہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک عورت کی (جس پر حدی مقدمہ ہونے والا تھا)سفارش کی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم سے پہلے کے لوگ اس لیے ہلاک ہو گئے کہ وہ کمزوروں پر تو حد قائم کرتے اور بلند مرتبہ لوگوں کو چھوڑ دیتے تھے۔اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔اگر فاطمہ (رضی اللہ عنہا)نے بھی (چوری) کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کاٹ لیتا۔

⓬ ماپ تول میں کمی کرنے والا :

سورہ المطففین آیت نمبر 1-5 میں ارشاد ربانی ہے۔

((وَيْلٌ لِلْمُطَفِّفِيْنَ الَّذِيْنَ إِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَوْ وَزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ أَلَا يَظُنُّ أُوْلٰئِكَ أَنَّهُمْ مَبْعُوْثُوْنَ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ))

ڈنڈی مارنے والوں کے لئے تباہی ہے جب وہ لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا لیتے ہیں اور جب وہ انہیں ناپ کر یا تول کر دیں تو کم دیتے ہیں۔کیا یہ لوگ یقین نہیں رکھتے کہ بے شک وہ قبروں سے ایک عظیم دن کے لئے اٹھائے جائیں گے۔

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

⓭ بخل کرنے والا:

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنن ابی داؤد میں 1698 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((إِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِالشُّحِّ أَمَرَهُمْ بِالْبُخْلِ فَبَخِلُوْا وَأَمَرَهُمْ بِالْقَطِيْعَةِ فَقَطَعُوْا وَأَمَرَهُمْ بِالْفُجُوْرِ فَفَجَرُوْا))

بخل وحرص سے بچو اس لیے کہ تم سے پہلے لوگ بخل وحرص کی وجہ سے ہلاک ہوئے، حرص نے لوگوں کو بخل کا حکم دیا تو وہ بخیل ہو گئے، بخل نے انہیں ناتا توڑنے کو کہا تو لوگوں نے ناتا توڑ لیا اور اس نے انہیں فسق و فجور کا حکم دیا تو وہ فسق و فجور میں لگ گئے۔ (قال الشیخ البانی صحیح)

⓮ دین کی بجائے دنیا اکٹھی کرنے والا:

سیدنا عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحیح بخاری میں 3158 نمبر روایت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

((فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ أَخْشَى عَلَيْكُمْ وَلَكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ))

لیکن اللہ کی قسم میں تمہارے بارے میں محتاجی اور فقر سے نہیں ڈرتا۔ مجھے اگر خوف ہے تو اس بات کا کچھ دنیا کے دروازے تم پر اس طرح کھول دیے جائیں گے جیسے تم سے پہلے لوگوں پر کھول دیے گئے تھے، تو ایسا نہ ہو کہ تم بھی ان کی طرح ایک دوسرے سے جلنے لگو اور یہ جلنا تم کو بھی اس

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchandising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

طرح تباہ کر دے جیسا کہ پہلے لوگوں کو کیا تھا۔ (صحیح مسلم 7614)

⑮ غیبت کرنے والا:

سورہ الہمزہ آیت نمبر 1 میں ارشاد ربانی ہے۔

((وَيْلٌ لِكُلِّ هُمَزَةٍ لُمَزَةٍ))

ہر طعنہ زن عیب جو کہ لیے ہلاکت ہے۔

⑯ جھوٹ بولنے والا:

سورہ المرسلات آیت نمبر 15 میں ارشاد ربانی ہے۔

((وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِيْنَ))

اس دن تکذیب کرنے والوں کے لیے بربادی ہے۔

حاضرین مجلس!

بہت سی محرومیاں مل کر بھی اس محرومی سے شاید کم ہی رہ جاتی ہوں

کہ دنیا بھی برباد ہو اور آخرت بھی برباد ہو جائے

وہ کون ہے جو نجات سے محروم ہے اور ہلاکت اس کا مقدر ہے۔

آخرت کا انکار کرنے والا، شریعت سے منہ موڑنے والا،

کلام ربانی میں تحریف کرنے والا، دین میں شک وشبہ ڈالنے والا،

تقدیر کے بارے جھگڑا کرنے والا، قرآن مجید کے بارے میں جھگڑا کرنے والا،

اختلافات کو ہوا دینے والا، نماز میں سستی کرنے والا، تکبر وغرور کرنے والا،

ظلم وزیادتی کرنے والا، عدل نہ کرنے والا، ماپ تول میں کمی کرنے والا،

بخل کرنے والا، دین کی بجائے دنیا کی اکٹھی کرنے والا،

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور غیبت کرنے والا نجات سے محروم ہے۔

مگر وہ شخص جو اس بات کو پسند کرتا ہے

کہ میں اس محرومی کی بجائے کامیاب ہو جاؤں،

دنیا میں بھی کامیاب، آخرت میں بھی کامیاب،

شریعت کی رہنمائی دیکھیے، کامیابی چاہتے ہو؟؟

❶ زبان کی حفاظت کیجیے

(اَمْسِکْ عَلَیْکَ لِسَانَکَ) جامع ترمذی 2406

❷ ندامت کے آنسو رب کے حضور پیش کیجیے

(وَابْکِ عَلٰی خَطِیْئَتِکَ) جامع ترمذی 2406

❸ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کیجیے

(فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا) سورہ احزاب آیت نمبر 71

❹ دعوت الی اللہ کا اہتمام کیجیے

(وَاُولٰئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ) سورہ آلِ عمران آیت نمبر 104

❺ نماز کی پابندی کیجیے

(حَیَّ عَلَی الْفَلَاحْ) صحیح مسلم 868

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ خالق و مالک مجھے اور آپ کو ان محرومیوں سے نکالے ان ہلاکتوں سے بچائے اور دنیا و آخرت کی کامیابیاں میرا اور آپ کا مقدر بنا دے۔ آمین

کیوک ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ سلیوشن (QDPS)
Book Composing, Book Designing, Book Printing, Book Merchendising
0301-4894081
0313-4254133
